معجم کتب ومؤلفین
حیات وقیام امام حسینؑ
ان الحسین مصباح الهدیٰ وسفینة النجاة
تالیف
سید علی شرف الدین موسوی
دار الثقافة الاسلامیة پاکستان

حیات و قیام امام حسینؑ

تالیف

سید علی شرف الدین موسوی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نام کتاب .... معجم کتب و مؤلفین حیات و قیام امام حسین علیہ السلام

تالیف .... سید علی شرف الدین موسوی

معاونین .... سید حسنین حیدر عابدی، سید رسالت

حسین کوثر، ڈاکٹر حسین کنانی،

سید محمد سعید موسوی، فدا علی شگری

کمپوزنگ .... سید محمد صادق شرف الدین

ناشر .... دار الثقافۃ الاسلامیہ پاکستان

طبع اول .... محرم الحرام ۱۴۲۲ھ - مارچ ۲۰۰۱ء

تمہید

تمام حمد و ستائش اس ذاتِ صمدی وابدی کیلئے مختص ہے جس نے اپنے بندوں کی ہدایت ورہبری کی خاطر بعثتِ انبیاء کے ساتھ ساتھ نزولِ کُتب کا سلسلہ بھی جاری رکھا تاکہ کوئی شخص اس کے حضور عذر نافرمانی پیش نہ کر سکے۔ تمام انبیاء کرام اور ان پر نازل ہونے والی آسمانی کتابیں لوگوں کو خدا اور بندوں کے درمیان' نیز خود آپس میں بندوں کے باہمی حدود و فرائض سے آگاہ کرتے رہے ہیں۔ تمام آسمانی کتابوں میں یہی پیغام ہے۔

ان تمام کُتب کو دستِ خیانت و جنایت کے ذریعہ وقوع پذیر ہونے والی تحریفات و تغیرات سے محفوظ رکھنے اور رہتی دنیا تک انبیاء وہادیانِ برحق کی سنتوں میں شامل کی جانے والی خرافات کی شناخت و پہچان کی خاطر' اللہ تعالیٰ نے ایک کتاب نازل فرمائی۔ یہ ایک ایسی کتاب ہے جو اپنے اندر باطل ولغو کے داخلہ کے تمام راستوں کی ٭رش اور قیامت تک کیلئے اپنی حفاظت کی ضمانت لئے ہوئے ہے۔ گویا خدا نے اس ٭تاب کو تمام ہادیان معصوم وغیر معصوم اور تمام کتب سماوی وغیر سماوی کیلئے امام بنایا ہے۔ ان سب کی صحت و سقم کیلئے یہ کتاب مہر سند ہے۔

تاج انبیاء وائمہ وکتب کہلانے کی سزاوار اس عظیم المرتبت کتاب کو اس ذات واجب نے بندوں کی ہدایت ورہبری کی خاطر بارگاہ الوہیت سے نکال کر' لوگوں کے ہاتھوں تک تنزل بخشا تاکہ سب کی اس تک رسائی ہوسکے۔

اس کتاب کریمہ کی آیات مبارکہ' طلسمی رمزیات کے طور پر تلاوت کرنے کیلئے نہیں ہیں۔ خداوند عالم نے ان کو سادہ اور آسان بنایا ہی اسی لئے ہے تاکہ بہانہ جو اور غافل انسان کی کج بحثی کو باطل ٹھہرایا جاسکے۔ ارشاد رب العزت ہے:

"و لقد یسّرنا القرآن للذکر"۔

"ہم نے قرآن کو ہر شخص کے تذکر کیلئے آسان بنایا ہے"۔

(سورۂ القمر: آیت ۳۲)

دوسری جگہ فرماتا ہے کہ دیگر متکلمین کے کلام میں' (جیسے علماء وعرفاء کا کلام) فہم وادراک کی دشواری اور کجی ہوتی ہے' جبکہ یہ کتاب اس سے بری اور پاک ہے۔ چنانچہ ارشاد ہوتا ہے:

"قرآنا عربیا غیر ذی عوج"

"یہ قرآن عربی زبان میں ہے' اس میں کسی طرح کی کجی نہیں"۔

(سورۂ زمر: ۲۸)

اس کے علاوہ اور بھی کثیر آیات میں خداوند عالم نے بار بار یاد دہانی کرائی ہے کہ یہ ایک واضح و روشن بیان ہے۔ قرآن کریم کی درج بالا آیت جس میں ارشاد ہوا ہے کہ ہم نے اس کو عربی زبان میں نازل کیا ہے' اسکا مطلب یہ نہیں ہے کہ یہ فقط عربوں کیلئے توضیح واضحات ہے۔ اگر ایسا ہو تو پھر یہ غیر عربوں کیلئے کوئی احسان نہیں ہے۔ لہذا عربی میں نزول سے مراد عربی زبان نہیں بلکہ واضح وروشن زبان مراد ہے۔ فہم وادراک اور نتیجہ حاصل کرنے کیلئے انسان کو چاہئے کہ وہ قرآن کی

تلاوت اسی نیت سے کرے۔

اس میں کوئی شک نہیں کہ اس کتاب کی زبان عام لوگوں کے لئے سادہ اور
عام فہم ہے' البتہ اسکا بیان انتہائی باریک' عمیق اور فناناپذیر معارف پر مشتمل ہے۔
اس سلسلے میں مزید تفصیلات کیلئے کتاب میزان الحکمۃ کی احادیث ۱۶۲۷۰ تا
۱۶۲۷۴ ملاحظہ فرمائیں۔

قرآن کریم کی کثیر آیات میں اللہ تعالی نے انبیاء کے ساتھ نزول کتاب کا
بھی ذکر فرمایا ہے۔ بطور مثال ملاحظہ ہو' سورہ بقرہ آیت ۲۱۳:

"فبعث الله النبين مبشرين ومنذرين وانزل معهم الكتاب
بالحق......"۔

"پھر اللہ نے بشارت دینے والے اور ڈرانے والے انبیاء بھیجے اور ان کے
ساتھ برحق کتاب نازل کی......"۔

جہاں خدا نے نزول قرآن کا ذکر کیا ہے' وہاں پیغمبر پر اسکی تعلیم اور بیان کی
ذمہ داری بھی عائد کی ہے۔ چنانچہ یہ بات اظہر من الشمس ہے کہ انسان کی ہدایت
ورہبری کیلئے اور اسے جادہ مستقیم پر گامزن رکھنے کیلئے جہاں کتاب ضروری ہے
وہیں عالم کی ضرورت بھی بدیہی ہے' جو اسے بیان کرے اور اسکی تعلیم دے۔

نبی اور کتاب:

عالم اور کتاب کے لازم وملزوم ہونے کی سب سے روشن مثال پانی کی ہے
جس سے ہر ذی روح کی حیات باقی ہے۔ پانی ایک مرتبہ سمندر سے بخارات بن کر
اوپر جاتا اور بادل بن جاتا ہے اور پھر یہی پانی بادلوں سے بارش کی صورت میں بر
کر دریاؤں اور سمندروں کے پانی کی مقدار میں اضافہ کا سبب بنتا ہے۔ اسکا مطلب
یہ ہوا کہ اگر سمندر خشک ہو جائے تو بارش بھی نہیں ہوگی اور جب بارش نہیں

ہو گی تو سمندر بھی نہیں رہے گا۔ اسی طرح عالم کے مرنے سے بھی علم دفن ہو کر رہ جاتا ہے۔ چنانچہ میزان الحکمۃ کی حدیث ۱۷۰۲۶ میں پیغمبرؐ سے مروی ہے:

"علم کو لکھ لو، قبل اس کے کہ علماء اس دنیا سے چلے جائیں کیونکہ عالم کی موت سے علم کا بھی خاتمہ ہوتا ہے"۔

اسی طرح متعدد روایات میں علوم کو ضبط تحریر میں لانے پر کثیر اجر و ثواب کی نوید دی گئی ہے۔ میزان الحکمۃ کی حدیث ۱۷۰۱۵ میں فضل بن عمرو نے امام جعفر صادقؑ سے نقل کیا ہے:

"علم کو لکھو اور نشر کرو۔ اگر تمہارے اوپر موت آئی تو یہ کتابیں وراثت میں جائیں گی اور ایک زمانہ ایسا آئے گا کہ لوگ ان کتابوں سے اُنس لیں گے"۔

اسی طرح اس کتاب کی حدیث ۱۷۰۳۲ میں مروی ہے کہ "اگر کوئی مؤمن مر جائے اور اس کے آثار میں ایک ورق بھی باقی رہے تو یہ ورق روز قیامت اس کے اور آتش جہنم کے درمیان حجاب بنے گا۔ خدا اسے ایک ایک حرف کے صلہ میں دنیا جیسے سات گنا مقام دے گا"۔

بد قسمتی سے ہمارے ملک میں خواندگی کی شرح اور معیار دونوں انتہائی پست ہیں جس سے پورے ملک کی اجتماعی، سماجی اور سیاسی شخصیات نالاں ہیں۔ انکا کہنا ہے کہ لوگ تعلیم میں دلچسپی ہی نہیں لیتے ہیں۔ دینی حلقوں کی صورت حال اس سے بھی زیادہ افسوس ناک ہے۔ پڑھے لکھے مسلمانوں، خصوصاً شیعوں میں کتابیں پڑھنے کا رجحان نہ ہونے کے برابر ہے۔ اس بے توجہی کے سبب کتابوں کی تصنیف و تالیف کا سلسلہ بھی معدوم ہوتا جا رہا ہے جو ایک افسوسناک صورتحال کی غمازی کر رہا ہے۔

کتب کی دستیابی سے ہی علماء وجود میں آتے ہیں اور تصنیفات وتالیفات میں اضافہ سے ہی علم کو فروغ ملتا ہے۔ حسب آیات وروایات علم کی مثال پانی کی سی ہے جو ہر چیز کی بقاو حیات کا ضامن ہے۔ انسان کا دیگر مخلوقات کی حرکات وسکنات پر امتیاز یہ ہے کہ انسان اپنی حرکات وسکنات کے بارے میں اٹھنے والے سوالات کا جواب دے سکتا ہے جبکہ حیوان کوئی جواب نہیں رکھتے کیونکہ وہ تو خود مسخر ہیں۔ بالفرض اگر جواب دیتے بھی ہوں تو انکا یہ جواب ہماری سمجھ سے بالاتر ہے۔ لہٰذا صرف انسانی زندگی کی حرکات وسکنات ہی سوالیہ نشان ہوتی ہیں۔ قدیم وجدید فلاسفہ کہتے ہیں کہ ہر چیز کے بارے میں تین قسم کے سوالات جنم لیتے ہیں' یہ کیا ہے؟' آیا حقیقت ہے؟ اور اگر حقیقت ہے تو کیوں ہے؟' یعنی کیا ہے' کیوں ہے اور کس لیے ہیں؟

ہماری مذہبی رسومات میں کم وکیف کے لحاظ سے ایک عظیم شعار ایسا ہے' جس کی مثال نہ صرف اپنے مذہب میں بلکہ دنیا کے کسی بھی دین ومذہب میں نہیں ملتی۔ دوسرے لفظوں میں یہ عظیم شعار صرف ہمارے مذہب میں پایا جاتا ہے۔ یہ شعار عزاداری امام حسینؑ ہے۔ یہ تاریخ اسلام کا وہ ورق ہے جس کا ایک صفحہ خون سے رنگین ومنور ہے۔ اس صفحہ میں انصاف' عدالت خواہی' شریعت خواہی اور خدا جوئی ہے۔ جبکہ اسکا دوسرا صفحہ تاریک ہے' جس میں خود خواہی' ظلم پسندی' خیانت اور استبداد طلبی ہے۔

اس واقعہ کی اہمیت کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ تمام ائمہ طاہرین علیہم السلام اور جید علماء وفقہاء نے عزاداری کو پوری شدومد اور آب وتاب کے ساتھ زندہ وتابندہ رکھنے کی ہدایت کی ہے کیونکہ عزاداری سے اسلام زندہ ہوتا ہے' انسانیت زندہ ہوتی ہے اور آزادی کو بقا ملتی ہے۔ کیا یہ مقام افسوس نہیں ہے

کہ اسقدر مقام و منزلت کے حامل شعائر سے متعلق اس ملک میں کتابوں کا ایک سنگین بحران ہے۔ اس سلسلے میں کتابیں تقریباً ناپید یا کم از کم نہ ہونے کے برابر ہیں۔ اگر کوئی کتاب منظر عام پر آتی ہے تو وہ بھی جلدی ہی ناپید ہو جاتی ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے عزاداری پر ایک طویل عرصہ سے افسانہ سازوں کا غلبہ ہے۔

اس افسوسناک صورتحال کے پیش نظر دار الثقافۃ الاسلامیہ نے اپنی پہلی ترجیح کے طور پر فرقہ واریت سے پاک خالص اسلامی نظریات پر مبنی عقائد' تاریخ اور سیرت کی کتابیں نشر کرنے کی ذمہ داری لی ہوئی تھی۔ لیکن رفتہ رفتہ جب یہ محسوس ہوا کہ ان تمام مسائل کی جڑ یا بنیاد کا تعلق امام حسینؑ کی شخصیت سے ہے تو ہم نے عزم کیا کہ اپنی مقدور بھر استطاعت کو آپؑ سے متعلق زیادہ سے زیادہ کتابیں نشر کرنے میں استعمال کرینگے۔ اسی تسلسل کے تحت ذہن میں یہ خیال آیا کہ امام حسینؑ کی حیات و قیام پر لکھی گئی کتب سے متعلق ایک معجم ترتیب دی جائے۔

کوئی بھی علمی و فنی کتاب' خواہ وہ کسی عنوان پر ہو' اس کے مقدمہ یا تمہید میں' گزشتہ علمائے اعلام اور مؤلفین و مصنفین ذوی الاحترام کی سنتِ مسلمہ کے مطابق' آٹھ بنیادی مسائل کی وضاحت ضروری ہوتی ہے۔ چنانچہ کتاب "ابجد العلوم" میں تالیفات کی انواع و اقسام اور اغراض و مقاصد بیان کرتے ہوئے ان آٹھ بنیادی مسائل کو تفصیل سے بیان کیا گیا ہے۔ عربی زبان میں ان کو "روس ثمانیہ" کہا جاتا ہے۔

ہماری یہ کتاب نہ علمی ہے' نہ فنی بلکہ ہم اسے جمع منتشرات کہہ سکتے ہیں۔ یعنی ایک ایسی کتاب جس میں پراگندہ چیزوں کو ایک جگہ جمع کیا گیا ہے۔ اسی لحاظ سے ہم نے اسے معجم کا نام دینا مناسب سمجھا۔ طوالت کے خیال سے ہم یہاں ان آٹھ مسائل کے تذکرے سے گریز کرتے ہوئے درج ذیل چند نکات کی وضاحت پر اکتفا کرینگے۔

۱۔ جیسا کہ پہلے بیان ہو چکا کسی تالیف اور مؤلف کی مثال سمندر یا دریا اور بارش کی سی ہے۔ جب بارش ہوتی ہے تو دریا و سمندر کے پانی میں اضافہ ہوتا ہے اور اسکی موجوں میں تندی آتی ہے۔ اسی سمندر سے بخارات اٹھتے ہیں جو بادل بنکے برستے ہیں اور بالآخر سمندر پھر لبریز ہو جاتا ہے۔

تالیف و مؤلف کی مثال بھی کچھ ایسی ہی ہے۔ اگر کتابیں نہ ہوں تو علماء پیدا نہیں ہو سکتے۔ دوسری طرف یہ صورت ہے کہ اگر دنیا سے علماء کا خاتمہ ہو جائے تو علم کا بھی خاتمہ ہو جائے گا۔ غرض تالیفات سے علماء وجود میں آتے ہیں اور علماء سے علم پھیلتا ہے۔ لہٰذا ہر صاحب علم کو چاہئے کہ اپنی استطاعت اور بساط علمی کی حدود کے اندر رہتے ہوئے اپنی فکر اور سوچ کو ضبط تحریر میں لائے۔ البتہ اس بات کا خیال رکھنا چاہئے کہ یہ تحریریں انحراف اور غلط گوئیوں سے پاک ہوں اور انکی فکر و سوچ ایسی ہو جو دین و مکتب اور اہل مکتب کے لئے مفید ہو۔ علمائے گزشتگان نے ہمیشہ اس بات کا اہتمام کیا کہ انکے سینوں میں موجود علمی، فکری اور فنی ذخائر کو اپنی زندگیوں میں نشر کرتے رہیں اور ضبط تحریر میں لاکر محفوظ بھی کرتے رہیں تاکہ دنیا سے رخصت ہو جانے کے بعد بھی لوگ انکے علم و فکر سے استفادہ کر سکیں۔

حقیقت یہ ہے کہ استفادہ کرنے والوں نے اپنے ظروف کے مطابق ان سے استفادہ کیا بھی ہے۔ چنانچہ آج آئمنتا مین 'ستراط اور صدر المتالہین کے سینوں میں موجود علوم کے حاملین کی تعداد گنتی سے باہر ہے۔

۲۔ جیسا کہ پہلے اشارہ کیا جا چکا ہے کہ اس وقت ہمارے خطے کے بازاروں میں حیات و قیام و عزائے امام حسینؑ سے متعلق کتب کی تعداد نہ ہونے کے برابر ہے۔ اگر ہم حق و انصاف کے ساتھ اظہار خیال کریں تو آسانی سے بتا سکتے

ہیں کہ پورے ملک میں دینی کتابوں کی کتنی دکانیں اور نشرواشاعت کے کتنے ادارے ہیں، قدیم علماء کی کتنی کتابیں مارکیٹ میں دستیاب ہیں اور ہر سال ایسی کتنی نئی کتابیں مارکیٹ میں آتی ہیں جو قابل قدر ہوں۔

سرمایہ ودولت کے حوالے سے اگر دیکھا جائے تو پتہ چلے گا کہ دیگر ائمہ کی بہ نسبت امام حسینؑ سب سے زیادہ غنی اور صاحب ثروت ہیں۔ آپ کے نام سے نہ جانے کتنی املاک ..... ہیں۔ صرف یہی نہیں بلکہ آپ کے نام سے منسوب حیوانات کے موقوفات بھی ہیں جن کی ملکیت کا اندازہ کرنا مشکل ہے، حالانکہ شریعت کے اعتبار سے یہ صحیح نہیں ہے۔ سطور بالا میں اشارہ کی گئیں تمام املاک پتھر، بجری، اینٹ اور زمین پر مشتمل ہیں۔ گرچہ امام حسینؑ کے نام سے املاک جمع کرنے کا یہ سلسلہ آجتک پورے زور و شور سے جاری ہے لیکن ابھی تک ان کے نام سے خرچ کرنے کی باری نہیں آئی ہے۔ آج صورتِ حال یہ ہے کہ نہ صرف خطیب وذاکر حضرات، بلکہ محقق ودانشور حضرات بھی تمام خرابیوں کا سبب بازارِ کتب میں امام حسینؑ سے متعلق کتابوں کی عدم دستیابی کو قرار دیتے ہیں۔ ان تمام حالات وحقائق کو سامنے رکھتے ہوئے ہم نے امام حسینؑ پر لکھی گئی کتابوں کی فہرست پر مشتمل ایک نمونہ بطور معجم پیش کرنے کی کوشش کی ہے۔ ہمیں اس حقیقت کا اعتراف کرنے میں کوئی باک نہیں کہ یہ معجم اس موضوع پر لکھی گئی کتابوں کا عشر عشیر بھی نہیں ہے۔

جہاں تک عربی وفارسی زبان میں لکھی گئی کتابوں کا تعلق ہے، گرچہ ان زبانوں میں بھی اس سلسلہ میں کوئی بہت زیادہ قابل قدر کام نہیں ہوا ہے، تاہم ہماری بہ نسبت کافی کچھ مواد موجود ہے۔ ہم نے اردو زبان میں اس قسم

کی تالیفات کے فقدان کے پیش نظر اردو دان طبقہ کیلئے یہ سعی کی ہے۔ اس کتاب میں ہم نے اردو کے علاوہ عربی و فارسی میں موجود کتب کو بھی جہاں تک رسائی ممکن ہو سکی، حروف تہجی کے تحت ترتیب وار پیش کیا ہے۔

۳۔ کتاب شناسی بذاتِ خود ضروری علمی موضوعات میں سے ایک موضوع ہے۔ اس کی واضح مثال دور جدید میں شعبہ طب میں ملتی ہے جہاں طبیب مریض کا معائنہ کر کے مرض کی تشخیص کرتا ہے اور ایک دوسرا شخص اس بیماری کیلئے دوا تیار کرتا ہے۔ یہ دونوں شعبے ہمیشہ ساتھ ساتھ چلتے ہیں۔ جب ایک بیمار انسان ڈاکٹر کے پاس جاتا ہے تو ڈاکٹر اسکے مرض کی تشخیص کرنے کے بعد دوا تجویز کرتا ہے اور پھر اسے فارماسسٹ کے پاس بھیج دیتا ہے جو اس مرض کی دوا تیار کرتا ہے۔ اسکے علاوہ یہ بھی بتلاتا ہے کہ دوا کیسے اور دن میں کتنی بار کھانا ہے اور یہ کہ دوا کے کیا مضر اثرات (Side effects) ہو سکتے ہیں اور یہ بھی کہ مضر اثرات ہونے کی صورت میں مریض کو کیا کرنا چاہئے۔

ابھی تک کوئی انسان ایسا نظر نہیں آیا جو اپنی بیماری، چاہے بیماری بڑی ہو یا معمولی کی دعا کیلئے کسی ان پڑھ سے رجوع کرتا ہو۔ لیکن بد قسمتی سے دینی مسائل کے معاملہ میں لوگوں کی فکر دن بہ دن فرسودہ ہوتی جارہی ہے۔ اگر تشخیص کتاب کا معاملہ ہو تو از خود کتاب شناس بن جاتے ہیں جس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ اگر کتاب فارسی یا عربی میں ہو اور اسکے اوپر لمبے چوڑے القاب ثبت ہوں تو لوگ اس کتاب کو وحی کا درجہ دے دیتے ہیں، چاہے خود کتاب کے مؤلف نے کسی موضوع یا کسی روایت سے متعلق بار بار شکوک و شبہات کا اظہار ہی کیوں نہ کیا ہو۔ یہی وجہ ہے کہ آج کل امام حسینؑ سے متعلق خطباء و ذاکرین کی تقاریر اور سوز خوانوں اور نوحہ خوانوں کے مرثیوں اور

نوحوں کا بیشتر حصہ غیر معتبر کتب سے ماخوذ ہوتا ہے۔ ستم ظریفی دیکھئے کہ یہ لوگ ان غیر معتبر کتابوں کو سند کے طور پر پیش کر کے اپنی گفتگو میں وزن پیدا کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ اس وقت عزاداروں میں اس قسم کی جو کتابیں رائج ہیں' ان میں سے چند اہم کتابوں کے نام ہم یہاں بطور مثال پیش کر رہے ہیں۔ روضۃ الشہداء' معالی السبطین' ریاض القدس' ریاض الاحزان' طریق البکاء' محرق القلوب یا معجزے اور کرامات وغیرہ پر مشتمل کتابیں وہ ہیں جنہیں آج عزاداری امام حسینؑ کا مصدر وماخذ سمجھا جاتا ہے۔ بہت سے لوگ انہی کتابوں کو سب کچھ سمجھتے ہیں جبکہ یہ کتابیں خود تضادات سے پُر ہیں۔ اس کے علاوہ علمائے اعلام بھی ان میں موجود غلطیوں کے خلاف فریاد و فغاں بلند کرتے رہتے ہیں۔

۴۔ ہمارے مکتب کے بعض افراد اپنے اہلِ مکتب کی تصنیفات و تالیفات پر سو فیصد اعتماد کرتے ہیں۔ اسکے برعکس دوسرے مکاتب اسلامی سے تعلق رکھنے والوں کی تصنیفات و تالیفات کے بارے میں کہتے ہیں کہ اگر یہ کتابیں مفت بھی ملیں تو نہیں لیں گے۔ کتاب تو کتاب' قرآن کے ترجمہ کے بارے میں بھی یہی تصور رکھتے ہیں۔ اگر کسی دوسرے مکتب فکر کے عالم کا ترجمہ شدہ قرآن ہو تو اسکے لئے بھی یہی کہتے ہیں کہ مفت میں بھی نہیں چاہئے۔ انکے خیال میں اس ترجمہ سے انکی نسل کا عقیدہ خراب ہونے کا خطرہ ہے۔ یہ لوگ سمجھتے ہیں کہ گویا ان کے اپنے مکتب کے لکھنے والے معصوم ہیں اور انہوں نے جو کچھ لکھا ہے' صحیح لکھا ہے جبکہ دوسرے سب سازشی اور گمراہ لوگ ہیں اور ان کا لکھا ہوا سارے کا سارا مواد گمراہ کن ہے۔

ہمارے دوسرے برادران کا حال بھی کچھ مختلف نہیں ہے۔ اگر ہمارے مکتب

فکر کے کسی فرد کی لکھی ہوئی کوئی کتاب ہو اور اس میں مختصر سا اشارہ 'حتیٰ'' علیہ السلام'' لکھا ہو تو فوراً کہہ اٹھتے ہیں'' یہ شیعوں کی کتاب ہے' سو فیصد غلط ہے''۔ اس طرز فکر کے نتیجہ میں اتنا فاصلہ قائم ہو گیا ہے کہ اب دونوں مکاتبِ فکر اپنے مذہب کو من وعن صحیح اور دوسرے کے مذہب کو کلی طور پر باطل قرار دیتے ہیں۔ دوسری طرف صورت حال یہ ہے کہ فریقین کے محققین اس حقیقت کا اعتراف کرنے میں جھجھک محسوس نہیں کرتے کہ انکی معتبر ترین کتب میں بھی بعض ضعیف روایات شامل ہیں۔ اہل سنت اپنی کتب صحیح بخاری، صحیح مسلم، ترمذی، سنن سنائی، سنن ابن ماجہ اور سنن ابن داؤد، سب کو صحیح قرار دیتے ہیں، انکو صحاح ستہ کے نام سے پکارتے ہیں۔ ان میں صحیح بخاری کا مقام سب سے بلند جانا جاتا ہے۔ اس کے بارے میں کہتے ہیں کہ کتاب خدا کے بعد صحیح ترین ماخذ شریعت یہی کتاب ہے۔ ان تمام توصیفات کے باوجود اب بھی صحیح بخاری کی چھان بین ہو رہی ہے تاکہ جعلی اور ضعیف احادیث کی شناخت ہو سکے۔ چنانچہ صحیح بخاری کو نئے سرے سے ترتیب دیا جا رہا ہے یا اس میں موجود ضعیف احادیث کی نشاندہی کی جا رہی ہے۔ اسی طرح سے ہماری کتاب ''اصول کافی'' ہے جس کے بارے میں مشہور تھا کہ شیعوں کیلئے یہ کتاب کافی ہے۔ اس میں بھی علماء نے بہت ساری ضعیف اور غیر مستند احادیث کی تشخیص کی ہے۔ لہٰذا معلوم ہوا کہ کتابشناسی کا یہ طریقہ ناقص ہے۔

۵۔ حال ہی میں ایک کتاب ''اثر التشیع علی الروایات التاریخیۃ فی القرن الاول الھجری'' تالیف دکتور عبدالعزیز محمد نورولی شائع ہوئی ہے۔ کتاب کے نام سے ہی واضح ہے کہ اس کا موضوع کتب تاریخ میں اہل التشیع کے اثرات ہے' یعنی تاریخ اسلامی جیسے تاریخ طبری' تاریخ ابن اثیر' تاریخ اعثم کوفی

وغیرہ میں اہل تشیع کی تائید میں جو مواد ملتا ہے' اس پر بحث کی ہے۔ انہوں نے جب دیکھا کہ ان کتب تواریخ میں موجود تشیع سے متعلق مواد کو یکسر مسترد نہیں کیا جاسکتا کیونکہ اگر ان سب کو منہا کردیا گیا تو تاریخ ایک خول بن کے رہ جائے گی۔ چنانچہ جب دیکھا کہ نکالنا تو ممکن نہیں تو اس کو غیر مؤثر' غیر مقبول اور غیر معتمد گرداننے کی کوشش کی ہے' تاکہ یہ ثابت کیا جاسکے کہ ان کتابوں میں شیعہ مکتب کی تائید میں جو مواد ملتا ہے وہ شیعہ حکمرانوں' خلفاء اور سلاطین کے دور میں داخل کیا گیا ہے' حقیقی تاریخ سے اسکا کوئی تعلق نہیں ہے۔

اسی طرح دو سال قبل امام خمینیؒ اور عاشورا کے بارے میں ایک سیمینار ایران میں منعقد ہوا تھا جس میں ایک شخص نے اپنے انٹرویو یا مقالہ میں کہا تھا کہ "بعض مقتل نگاروں نے اہل سنت سے متأثر ہو کر لکھا ہے"۔ گویا ان کی نظر میں کربلا میں آنے والے افراد پہلے ہی دن سے شقی ترین انسان تھے' ان کی طینت دشمنیٔ حسینؑ پر تخلیق ہوئی تھی' ان کے دلوں میں بغض و عداوت کے شعلے بھڑک رہے تھے جو قتل امام حسینؑ کے بعد ٹھنڈے پڑ گئے۔ انکے خیال میں دنیا میں ملنے والی رشوت اور ریاست و مقام کا کوئی کردار نہیں ہے۔ گویا ان کی نظر میں یہ حدیث نقش پا حجر ہے کہ انسان ماں کے پیٹ سے شقی پیدا ہوتا ہے' شقی رہتا ہے اور شقی ہی مرتا ہے' حالات کے نشیب و فراز ان پر کوئی اثر نہیں ڈالتے۔ اس قسم کا ذہن رکھنے والے لوگ تمام اہل کوفہ کو پہلے ہی دن سے خراب سمجھتے ہیں اور کوفہ میں موجود صلحاء اور وفادارانِ اہل بیتؑ ان کی نظروں سے محو ہو جاتے ہیں۔ یہ طرز فکر بھی تاریخ کو سمجھنے میں ایک قسم کی رکاوٹ بنی ہوئی ہے۔

۶۔ کتاب شناسی میں ایک بڑا نقص اور خلل عقائد وافکار میں دوسرے مکاتیب فکر کی کتابوں کو بنیاد بنا کر رائے قائم کرنے اور اسی کو سند بنانے سے واقع ہوتا ہے۔ کہتے ہیں کہ فلاں بات تو ان کی کتابوں میں لکھی ہوئی ہے' وہ لوگ خود اس کے معتقد ہیں۔ یہ منطق کئی لحاظ سے غلط اور بے بنیاد ہے:

الف۔ اگر دوسروں کی باتیں صحیح ہیں' اگر ان کی منطق درست ہے' اگر انہیں اعتقاد کی بنیاد بنایا جا سکتا ہے' تو آپ کیوں ان سے اختلاف رکھتے ہیں؟

ب۔ بعض مؤلفین یا مقررین دوسروں کو منحرف کرنے کیلئے ایسے فضائل و مناقب اپنی کتابوں یا تقریروں میں گڑھ لیتے ہیں' جو عقل سلیم اور نقل مسلمہ سے متصادم ہوتے ہیں اور کسی کیلئے قابل قبول نہیں ہوتے۔ چنانچہ آپ بھی جب ان چیزوں کے قائل ہو جائیں گے تو آپ کا دین و مکتب دوسروں کیلئے ناقابل فہم و ہضم ہو جائے گا۔ ہمارے ہاں مولا امیر المومنین سے منسوب بعض ایسے فضائل بیان کئے جاتے ہیں جو ہماری بنیادی کتابوں میں کہیں نہیں ملتے' اور اگر کہیں کوئی تذکرہ ملتا بھی ہے تو وہ انہی لوگوں سے نقل ہوا ہے۔

ج۔ اس طرح کی باتیں کرنے اور لکھنے والے بعض افراد کہتے ہیں کہ انہوں نے اپنے مذہب کو چھوڑ کر ہمارا مذہب اپنا لیا تھا۔ لیکن کیا ایسا نہیں ہو سکتا کہ انہوں نے اپنے مذہب کو تو خیرباد کہہ دیا ہو لیکن ہمارا مذہب اپنانے کے بجائے ایک تیسرے مذہب کو اپنایا ہو؟ ممکن ہے یہ تیسرا مذہب مفاد پرستی ہو اور وہ آپ کے ہاں اپنے لئے جگہ بنانے اور اپنے مفادات حاصل کرنے کیلئے ایسی باتیں کرتے ہوں۔

چنانچہ ہم دیکھ رہے ہیں کہ اس ملک میں فرقہ واریت پھیلانے اور شیعہ سنی کے مابین تناؤ قائم کرنے میں ستر' پچھتر فیصد ہاتھ ان لوگوں کا ہے جو اہل

سنت سے شیعہ ہونے کے دعویدار ہیں۔ اس قسم کے مولویوں نے سب سے زیادہ فسادات کے بیج بوئے ہیں۔ ہم یہ نہیں کہتے کہ سب ایسے ہیں لیکن ان کی اکثریت بہر حال یہی کرتی آئی ہے۔

ان کے اس عمل کے مشکوک ہونے کی ایک دلیل یہ ہے کہ مراکز تشیع ' نجف اشرف اور قم المقدسہ سے پڑھ کر آنے والے علماء نے اگر یہاں کے حالات سے متاثر ہو کر کچھ کہا ہو تو وہ الگ بات ہے 'لیکن اُن لوگوں جیسی حرکتیں کبھی اِنہوں نے نہیں کی ہیں۔ خلفاء پر سب و شتم کرنے کا اس حد تک پرچار ان علماء نے کبھی نہیں کیا ہے' جتنا سنی سے شیعہ ہونے والے خطباء وذاکرین کرتے ہیں۔

اسی طرح سے اہل سنت کے وہ علماء جو مصر 'حجاز مقدس 'مکہ مکرمہ ومدینہ منورہ کی یونیورسٹیوں سے پڑھ کر آئے ہیں 'انہوں نے اپنے مذہب کا دفاع ضرور کیا ہے لیکن دوسروں کے مذہب کو نہ اختیار کیا ہے اور نہ تعریف کی ہے۔ لہٰذا یہ کتنا غلط اور بے بنیاد ہے کہ دوسرے مذاہب سے شیعہ ہونے والوں کی باتیں اسلئے وزن رکھتی ہیں کہ وہ اپنے مذہب کو اندر سے جانتے ہیں۔

ہمارے لوگ جو اس مذہب پر پیدا ہوئے ہیں 'اسی میں نشوونما پائی ہے 'کیا اپنے مذہب کو اچھی طرح جانتے ہیں کہ ہم یہ سمجھیں کہ وہ جانتے ہوں گے۔ مذہب 'مذہب پر پیدا ہونے سے نہیں آجاتا 'بلکہ بنیادی کتب کے مطالعہ سے آتا ہے۔

پس ثابت ہوا کہ یہ کسوٹی بھی ناقص ہے۔

۷۔ کتابشناسی میں ایک اور حقیقت کو مد نظر رکھنا انتہائی ضروری ہے اور وہ ہے کسی کی برجستہ شخصیت سے مرعوب نہ ہونا اور اسے عصمت کا درجہ نہ دینا۔

شخصیت کوئی بھی ہو' خواہ کتنی ہی محقق و مدقق کیوں نہ ہو' کبھی وہ دوران گفتگو یا دوران تحریر بعض نکات کو ترسیل مسلمات کے طور پر اپنی بحث میں ذکر کر کے گزر جاتی ہیں۔ دوسرے لفظوں میں کچھ باتیں یا کچھ واقعات ایسے ہوتے ہیں جن کی شہرت کی وجہ سے یا ان کو بیان کرنے والی بعض شخصیات پر زیادہ اعتماد کرنے کی وجہ سے بعض لوگ بغیر نقد و تنقید کے گزر جاتے ہیں۔ بطور مثال ہمارے اس دور کی شہسوار شخصیت جن پر ہم کو ناز ہے' استاد شہید مرتضٰی مطہریؒ ہیں۔ اپنی معرکۃ الآراء کتاب "حماسہ حسینی" -۱ میں جہاں آپ نے قیام مقدس امام حسینؑ پر لگے گرد و غبار کو اپنے دامن سے جھاڑنے کی کوشش کی ہے' وہیں عباس محمود عقاد پر اعتماد کر کے قصہ ارینب کا اور اسی کے ساتھ قصہ ہند اور قصہ نذر عبد المطلب کا بھی تذکرہ کیا ہے۔ اسی طرح آپ نے امام حسینؑ کے خوف کے عالم میں خروج کو مدینہ کی بجائے مکہ سے قرار دیا ہے۔ یہ سب موضوعات ہمارے مطالعہ کے تحت غلط ہیں۔ اپنی حیثیت کی نفی کرنے کے بعد ہمارا شہید سے یہ شکوہ ضرور رہتا ہے کہ کم از کم ان موضوعات کو متنازع و اختلافی فہرست میں رکھنا چاہئے تھا اور یہاں پر بحث کئے بغیر گزر جانا نہیں چاہئے تھا۔

۸۔ منشورات دار الثقافۃ الاسلامیۃ:

ہمارے بعض مخلص یا خشک عقیدہ رکھنے والے برادران و خواہران یا وہ افراد جو ہر وقت ہمارے خلاف نقد و تنقید کے مواقع کی تلاش میں رہتے ہیں' ہماری کتابوں کا دوسری کتابوں سے موازنہ کرنے کے بعد کہتے ہیں کہ اس کتاب میں یہ ہے اور فلاں کتاب میں اس کے بر خلاف لکھا ہے۔ بطور مثال ہم نے

-۱۔ اس کتاب کی تینوں جلدوں کا اردو ترجمہ دار الثقافۃ الاسلامیہ کے زیر اہتمام شائع ہو چکا ہے۔

بعض تالیفات میں یہ بتایا ہے کہ حضرت قاسمؑ کی شادی کا قصہ جعلی اور من گھڑت ہے جبکہ شیخ جعفر شوستری کی مجالس پر مبنی کتاب "مجالس امام حسینؑ" میں اس قصے کی ضمناً تائید کی گئی ہے اور یہ کتاب بھی دار الثقافہ ہی کے انتشارات میں سے ہے۔

ہم اپنے قارئین کرام پر یہ واضح کر دینا چاہتے ہیں کہ نہ تو ہمارا یہ دعویٰ ہے اور نہ آپ کا یہ اعتقاد ہونا چاہئے کہ دار الثقافہ سے جو کچھ نشر ہوتا ہے "الف" سے "ی" تک سب کچھ صحیح ہوتا ہے اور اس میں کسی قسم کی غلطی نہیں ہوتی۔ اگر قارئین کرام کے دل میں ایسا کوئی خیال ہے تو ہم ان سے گزارش کرینگے کہ اس خیال کو اپنے دل سے نکال دیں۔ البتہ ہم یہ یقین دہانی ضرور کرائینگے کہ دار الثقافۃ الاسلامیہ کی ہمیشہ سے یہ کوشش رہی ہے کہ من گھڑت کہانیوں اور افسانوں سے پُر گمراہ کن اور مضحکہ خیز کتابوں کی اشاعت سے حتی الوسع گریز کیا جائے۔ لیکن امانتداری کا تقاضا یہ ہے کہ اگر کسی کتاب میں کوئی نقص ہو تو اختلاف کے باوجود اصل کتاب کے مضمون کو من وعن چھاپا جائے تاکہ اس پر کسی کی شخصی رائے مسلط نہ ہو۔ لگے ہاتھوں یہ وضاحت بھی کرتے چلیں کہ ہم اپنی کتابوں اور دوسروں کی کتابوں میں ہم آہنگی پیدا کرنا تو درکنار' خود اپنی تالیفات کے غلطیوں اور لغزشوں سے پاک ہونے کی ضمانت بھی نہیں دے سکتے۔

کسی بھی مکتب وملت کی کتب کا کمی وبیشی' غلط گوئی اور تضاد وتناقص سے اتنا پاک ہونا شاید ہی ممکن ہو جتنا کہ اسلامی کتب اور خصوصاً مذہب تشیع کی کتابیں ہیں۔ لیکن یہ بھی حقیقت ہے کہ کوئی بھی کتاب سوائے کتاب خدا کے "الف" سے "ی" تک غلطیوں سے پاک نہیں ملے گی۔ کتاب خدا کی

حفاظت اور تحریف و تضعیف سے پاک رہنے کی ضمانت تو خود اس ذاتِ بابرکت نے دی ہے۔ ہماری کوشش بہر حال یہی ہوتی ہے کہ صرف ان کتابوں کو چھاپا جائے جن میں غلطیاں کم سے کم ہوں ۔ ہمارے ان معروضات سے یہ نہ سمجھا جائے کہ ہم تنقید کے خلاف ہیں ۔ کتب کی اشاعت میں تمامتر احتیاط برتنے کے باوجود ہم ہر قسم کے نقد وانتقاد کا گرمجوشی سے استقبال کرتے ہیں اور اسے اپنے مشن کیلئے خوش آئند قرار دیتے ہیں۔ ہم چاہتے ہیں کہ حیات مقدس امام حسینؑ کو قلم وبیان کی آزادی حاصل رہے۔ شاید اس طرح بحث و تمحیص کے نتیجہ میں اس پر پڑے ہوئے گرد وغبار دھل جائیں اور صحیح وسالم حقیقت باقی وزندہ رہ سکے۔

۹۔ حال ہی میں ہم "مجلسِ تحقیق وترویج حیات وقیام وعزائے امام حسینؑ" کے عنوان سے ایک گشتی ادارہ کے قیام کی تجویز پیش کر چکے ہیں۔ امید ہے کہ برادران وخواہران جہاں بھی ہوں، جتنے بھی ہوں، ولو دو تین افراد ہی کیوں نہ ہوں، ایسے اداروں کے قیام کے لئے کوشش کرینگے، خواہ یہ کوشش مطالعہ کتب کی حد تک ہی کیوں نہ ہو۔

ہماری خواہش ہے کہ مؤمنین خدا، رسولؐ اور امام زمانہ (عج) کے حضور کمال اطمینان سے جواب دہ ہونے کیلئے اپنے وجوب شرعیہ کو، یا جو بھی عطیات میسر آجائیں، اس سلسلے میں خرچ کریں تاکہ نام حسینؑ بلند ہو۔ تشیع نام حسینؑ سے زندہ ہے اور تشیع ہی محافظِ اسلام ہے۔

اس کتاب کی تالیف کا اہم ترین مقصد، قیام وحیات وعزائے امام حسینؑ سے وابستہ افراد اور نقاد، دونوں کو درج ذیل حقائق کی طرف متوجہ کرنا ہے:

۱۔ عصر قدیم سے دور حاضر تک امام حسینؑ سے متعلق لکھی گئی کتابوں کی تعداد

اتنی زیادہ ہے کہ کوئی بھی اس واقعہ سے انکار کرنے اُسے جھٹلانے اور بے بنیاد قرار دینے کی مذموم کوشش کر ہی نہیں سکتا۔ کتابوں کی یہ تعداد ایک ناقابل عبور سدِ سکندر کی حیثیت رکھتی ہے۔ لہٰذا اس واقعہ کو دنیا کا کوئی فرد کوئی طاغوت یا آج کل کی زبان میں کوئی سپر پاور جھٹلا نہیں سکتا' خواہ کتنی ہی کوشش کیوں نہ کرے۔ اس معاملہ میں کسی خام خیالی کی کوئی گنجائش ہی نہیں ہے۔

۲۔ ہر کتاب جو امام حسینؑ سے متعلق لکھی گئی ہو' اس کے بارے میں یہ سمجھنا کہ یہ حقیقت سے مطابقت رکھتی ہے یا شان و مقام اہل بیتؑ کے لائق و سزاوار ہے' غلط ہے۔ اس عنوان پر ایسی بے شمار کتابیں بھی پائی جاتی ہیں جن میں اس واقعہ کو جھٹلانے' افسانہ بنانے اور غیر مؤثر دکھلانے کی کوشش کی گئی ہے۔ ان میں بعض کتب ایسی ہیں جن میں دوستی میں اندھے پن کا مظاہرہ کیا گیا ہے جبکہ بعض کتابیں ان افراد کی ہیں جنہوں نے اپنے مفادات کی خاطر نام امام حسینؑ کو ذریعہ معاش بنایا ہے اور آپکے نام کو اپنا کاروبار چمکانے کیلئے استعمال کیا ہے۔ لہٰذا ہر کتاب' خواہ اس کا مصنف و مؤلف کتنے ہی لمبے چوڑے القاب سے ملقب اور کتنی ہی مشہور شخصیت کیوں نہ ہو' مستند و معتبر نہیں ہو سکتی۔

۳۔ کتب کا بوسیدہ ہونا اور کسی تصنیف یا تالیف کا قدیم ہونا بھی سند کے حوالے سے کسی اہمیت کا حامل نہیں ہوتا' جیسا کہ بعض لوگوں کا خیال ہے۔

۴۔ اسی طرح کتاب کا جدید ترین ہونا بھی اس بات کی دلیل نہیں ہوتا کہ وہ باطل ہے یا محض اس بنا پر اس میں اضافہ کا شبہ کیا جانا ٹھیک نہیں ہے۔

۵۔ جس طرح اس واقعہ کے تاریخی اسناد ایک دوسرے سے مختلف و متصادم نظر آتے ہیں' اسی طرح لوگوں نے اسکی تفاسیر و تاویلات بھی اپنے علمی ذوق سلیقۂ بیان اور مفادات کے تحت' مختلف و متضاد کی ہیں۔ اس کا ہرگز یہ

مطلب نہیں ہے کہ کوئی بھی کتاب قابل قبول نہیں اور نہ یہ کہ سب کی سب مستند ہیں۔

کتابوں سے امام حسینؑ کے قیام کے اصل محرکات اور اس کے حقیقی اہداف کو چھان کر نکالنے کی مثال ایسی ہے جیسے دودھ سے مکھن۔ مکھن نکالنے کے عمل کے دوران دودھ کو مختلف مراحل سے گزارا جاتا ہے۔ مکھن نکل جانے کے بعد دودھ کو اپنی پہلی حالت پر باقی رکھنا ممکن نہیں رہتا یعنی پروسس (Process) سے گزرنے کے بعد ایک طرف مکھن نکل آتا ہے تو دوسری طرف دودھ 'دودھ نہیں رہتا بلکہ سفید پانی رہ جاتا ہے۔ اسی طرح جب ایک محقق شب و روز محنت کر کے دنیائے کتب کے اوراق وصفحات میں موجود حقائق کو چھانٹ کر الگ کر لیتا ہے تو ان میں موجود بوسیدہ حقیقتیں سامنے آجاتی ہیں۔

ہم اپنی دور جوانی میں اللہ کی دی ہوئی الطاف و عنایات سے خاطر خواہ فائدہ نہ اٹھانے اور اپنی توانائیوں کو محفوظ رکھنے پر خداوند غفور و رحیم سے معذرت کے طلبگار ہیں۔ ہم نے اس زمانہ میں ذمہ داریوں کو مختلف افراد اور تنظیموں کے کاندھوں پر چھوڑ کر کبھی خود کو ذمہ دار قرار نہ دیا اور فارسی کی مثل ''زمانہ کی اگر تیرے ساتھ نہیں بنتی تو' تو زمانے کے ساتھ بنالے'' کے تحت انکے ساتھ سمجھوتہ کر کے زندگی گزار دی۔ یہ تو ہمیں کچھ عرصہ گزر جانے کے بعد پتہ چلا کہ ہمارے یہ دوست در حقیقت طاغوت کی زبان میں چیلنج کر رہے تھے۔

ہم یہ سوچا کرتے تھے کہ رائے عامہ ہمیں ایسے اقدامات کرنے نہیں دیگی۔ اسکے باوجود اگر ایسا کیا تو لوگ ہمارے وجود کو پاش پاش کر دیں گے۔ حالانکہ خدا کا فرمان ہے کہ لوگوں سے مت ڈرو' صرف خدا سے ڈرو۔ افسوس کہ ہم نے دوستوں کی نصیحتوں کو وعدۂ الہی پر مقدم رکھا۔ لیکن خدا کا شکر ہے کہ جوں جوں

ہم نے سفر آخرت کو نزدیک ہوتے دیکھا' سمجھ لیا کہ یہ دوست' یار سب ہم کو چھوڑ دیں گے' آگے تو ہمیں تنہا ہی جانا ہے۔ لہٰذا فیصلہ کیا کہ اب اس ضعیف و ناتوان حیات اور اسکے ان آخری لمحات کو' یا یوں کہوں کہ اپنی اس موہوم شخصیت و عزت کو حسینؑ اور اسلام کی عظمت اور اس کی بقا کیلئے وقف کر دیں۔ شاید یہی ہماری نجات کا سبب بن جائے۔ ہمیں امید ہے کہ وہ خدائے رؤف و مہربان جس نے اپنے عذاب کے نزول کے موقع پر بھی قوم یونس کو بخش دیا اور ان کی توبہ کو قبول کیا' انشاء اللہ ہماری توبہ بھی قبول فرمائے گا اور ہماری کوتاہیوں کو بھی بخش دے گا۔ آمین یارب العالمین۔

دیکھنے میں آیا ہے کہ بہت سے لوگ اس دنیا سے اتنی وابستگی رکھتے ہیں کہ یہاں سے جانے کے بعد بھی یہاں والوں سے امیدیں رکھتے ہیں۔ انکا خیال ہوتا ہے کہ اس دنیا سے رخصت ہو جانے کے بعد لوگ انکا ذکر خیر کریں گے۔ کیا ان لوگوں نے نہیں دیکھا کہ وہ علیؑ جس نے عظیم مملکتِ اسلامی کا سربراہ ہونے کے باوجود اپنی زندگی کو فاقہ کشی میں' خشک روٹی کھا کے اور بوسیدہ لباس پہن کے گزار دیا' اس علیؑ کا جنازہ رات کو اٹھا اور رات کی تاریکی ہی میں دفن کرنا پڑا' کیوں؟۔ اسلئے کہ ڈر تھا کہ کہیں دفن کے بعد جسدِ مبارک کی اہانت نہ کی جائے۔ امام وقت ہوتے ہوئے' خاندان بنو ہاشم کا چشم و چراغ ہوتے ہوئے' خود اپنے دور حکومت میں شہید ہونے کے باوجود' علیؑ کے جنازہ کو مزدوروں نے کاندھا دیا۔ بات یہیں پر ختم نہیں ہوتی بلکہ شہادت کے بعد بھی اہانت آمیزی کا سلسلہ سالہا سال تک جاری رہا۔ وہی منبر کہ جہاں سے ایک زمانے میں رسولؐ و اہلبیتِ رسولؐ پر درود و سلام بھیجا جاتا تھا' برسہا برس تک اسی منبر سے انپر سب و شتم کیا جاتا رہا۔ ذرا ایک منظر میدان کربلا پر بھی ڈالئے' جہاں رسول اسلامؐ کے چہیتے نواسے حسینؑ

اور آپکے باوفا اہل بیتؑ اصحاب کے جنازے تین دن تک وحوش وطیور کی زیارت گاہ بنے رہے اور بالآخر انہیں ایک بوریا بطور کفن نصیب ہوا۔ ایسی بے مہر دنیا میں اپنے جنازہ کے بارے میں خیر کی توقع کرنا پاؤں عرش پر رکھنے کے مترادف ہوگا۔ اگر بالفرض یہ سب کچھ نصیب بھی ہو جائے تو کیا ہے' یہ سب اسی دنیا کیلئے ہے' اسکے آگے تو کچھ نہیں۔ اس عالم میں تو صرف رحمت کا سایہ باعث نجات ہوگا۔

یہاں پہنچ کر ایک مرتبہ پھر رب غفور وکریم سے عرض کروں گا کہ اگر میری باتیں' میری تحریریں کسی قسم کے انحراف کا شکار ہیں یا اسلام و مکتب اہل بیت کیلئے نقصان دہ ہیں تو مجھے روک دے۔ اے اللہ! میں تجھ سے ہدایت کا طلبگار ہوں۔ لہٰذا مجھے گمراہی سے نجات عطا فرما۔

لیکن اگر میری یہ باتیں حقیقت پر مبنی ہیں اور حقیقت سے مطابقت رکھتی ہیں تو میں اپنی سابقہ کوتاہیوں' دنیاداری' لوگوں سے سازباز' غرض گزشتہ زندگی کے تمام گناہوں کے لئے تجھ سے مغفرت کا طلبگار ہوں۔ اگر میری یہ چند سطور تیری دگارہ میں مورد قبولیت قرار پائیں' تو پیغمبرؐ واہلبیتؑ' خصوصاً مولا حسینؑ کے حضور سرخروئی کا سبب ہونگی۔ اے سمیع الدعا! اسی کے ساتھ تیری درگاہ میں ایک اور التماس یہ بھی ہے کہ میرے سینے کو تیری مناجات سے پُر فرمادے اور تیری عظیم کتاب کے فہم وادراک کیلئے مجھے شرح صدر عنایت فرما۔ و آخر دعوانا عن الحمدللہ رب العالمین۔

سید علی شرف الدین موسوی

شوال ۱۴۲۱ ہجری

ابتدائیہ

یہ کتاب کیا ہے ؟ اسکی تالیف کی ضرورت کیوں محسوس ہوئی ؟ یہ سمجھنے کیلئے' اسکے نام کی ترکیب کے تین لفظ یعنی "معجم"، "کتاب" اور "مولف" سے کما حقہ آگاہی ضروری ہے۔

معجم

معجم مادہ عجم سے ہے۔ لغت 'صحاح اور مفردات راغب میں لفظ عجم کے مندرجہ ذیل معانی ذکر کیے گئے ہیں :

(۱) ہر وہ شے جو کسی کھانے والی چیز کے اندر ہوتی ہے' اسے عجم کہتے ہیں۔ جیسے گٹھلی۔

(۲) ایسا شخص جو قدرت کلام نہ رکھتا ہو یا قابل فہم اور واضح تکلم نہ کر سکتا ہو' اسے بھی عجم کہتے ہیں۔

(۳) کسی چیز کو چبا کر پھینکنے کو عجم کہتے ہیں۔

(۴) اہل عرب غیر عربی بولنے والے کو عجم کہتے ہیں۔

(۵) نقطہ لگانے کو عجم کہتے ہیں۔ اسی وجہ سے جن حروف کے اوپر نقطے لگے ہوں

انہیں حروف معجم کہا جاتا ہے۔

خداوند عالم نے قرآن کریم سے عجمیت کی نفی کرتے ہوئے فرمایا کہ یہ واضح و روشن کتاب ہے، جس میں کسی قسم کے شبہ کی گنجائش نہیں۔ ہر قسم کی کجی اور گرہ جو مانع فہم و ادراک ہو اس کے اس میں ہونے کے امکان کو حق تعالیٰ نے یکسر مسترد کیا ہے۔

سورۂ شعرا آیت ۱۹۸:

"ولو نزلنه علی بعض الا عجمین"۔

"اور اگر ہم اسے کسی عجمی آدمی پر نازل کر دیتے"۔

سورۂ فصلت (حم سجدہ) آیت ۴۴:

"ولو جعلنه قرانا اعجمیا لقالوا لولا فصلت آیته"

"اور اگر ہم اس قرآن کو عجمی زبان میں نازل کر دیتے تو یہ کہتے کہ اس کی آیتیں واضح کیوں نہیں ہیں"۔

سورۂ نحل آیت ۱۰۳:

"لسان الذی یلحدون الیه اعجمی و هذا لسان عربی مبین"

"مگر جس کی طرف (تعلیم کی) نسبت کرتے ہیں اس کی زبان تو عجمی ہے اور یہ صاف عربی زبان ہے"۔

ان آیات مبارکہ سے ثابت ہوتا ہے کہ خداوند عالم نے قرآن کریم سے عجمیت کی نفی فرمائی ہے اور اسے ایک واضح و روشن کتاب قرار دیا ہے۔

نہج البلاغہ کے خطبہ نمبر ۴ میں حضرت امیر المومنین علیہ السلام نے اپنے دور خاموشی کو عجمی دور قرار دیا ہے۔ فرماتے ہیں کہ میں اس وقت ایک خاموش، صاحب بیان انسان تھا۔

کتاب

کتاب کا مادّہ کَتَبَ ہے۔ کَتَبَ بروزن فَلَسَ ہے۔ یہ مادّہ 'جیسا کہ قاموس قرآن اور مفردات راغب میں ہے' دو چمڑوں کو سلائی کے ذریعہ جوڑنے کیلئے استعمال ہوتا ہے۔ چنانچہ کَتَبَ القربہ یعنی مشک کی سلائی۔ عرفِ عام میں کَتَبَ لکھنے کو کہتے ہیں۔ سورۂ بقرہ آیت ۷۹ اور آیت ۲۸۲ میں یہ لفظ لکھنے کے معنی میں ہی ذکر ہوا ہے۔

کتاب بمعنی مکتوب' اسم مصدر ہے۔ لغت کے مطابق کسی کو ضبط و ثبت کرنے کو کتاب کہتے ہیں۔ عرف عام میں بھی کتاب بات کو نظم کے ساتھ ثبت و ضبط میں لانے کو کہتے ہیں' یعنی ایک طرف اسمیں دوام اور زوال ناپذیری ہو اور دوسری طرف اس کے اجزاء میں نظم و ہم آہنگی پائی جائے۔ جب یہ دونوں خصوصیات ہونگی' تب ہی وہ کتاب کہلائے جانے کی سزاوار و لائق بنے گی۔ یہیں سے اسکے درجات و مراتب کا بھی تعین ہوتا ہے۔

کتاب اور قرآن کریم

ہم ذیل میں قرآن کریم میں ذکر کئے گئے کتاب کے بعض درجات و مراتب کو اعلیٰ سے اسفل' یعنی طریق نزول کے تسلسل میں پیش کریں گے :

(۱) علم خدا کو قرآن کریم میں کتاب کہا گیا ہے۔ علمِ خدا ذاتِ خدا سے جدا نہیں ہے اور ذاتِ خدا غیر متغیر ہے' لٰہذا علمِ خدا بھی غیر متغیر ہوا۔ خداوند عالم کا فرمان ہے کہ قرآن چھپا ہوا' پوشیدہ اور مکنون تھا' اس تک کسی کی رسائی نہیں تھی اور کوئی اسے مَس نہیں کر سکتا تھا۔ درج ذیل آیات کریمہ میں علم خدا کو کتاب کہا گیا ہے :

سورۂ یونس آیت ۶۱ :

"ولا اصغر من ذالك ولا اکبر الا فی کتب مبین"۔

"اور کوئی شے ذرہ سے بڑی یا چھوٹی ایسی نہیں ہے جسے ہم نے اپنی کھلی کتاب میں جمع نہ کر دیا ہو"۔

سورۂ ھود آیت ٦ :

"کل فی کتب مبین"

"اور سب کچھ کتاب مبین میں محفوظ ہے"۔

سورۂ حج آیت ۷۰ :

"الم تعلم ان اللہ تعلم ما فی السمآء والارض ان ذالك فی کتاب"

"کیا تم نہیں جانتے کہ جو کچھ آسمان اور زمین میں ہے' خدا اس کو جانتا ہے۔ یہ (سب کچھ) کتاب میں ہے"۔

سورۂ نمل آیت ۷۵ :

"وما من غائبة فی السماء والارض الا فی کتاب مبین"

"اور آسمان و زمین میں کوئی پوشیدہ چیز ایسی نہیں ہے جس کا ذکر کتاب مبین میں نہ ہو"۔

سورۂ سبا آیت ۳ :

"ولا اصغر من ذالك ولا اکبر الا فی کتاب مبین"

"اور نہ اس سے چھوٹا اور نہ بڑا بلکہ سب کچھ اس کی روشن کتاب میں محفوظ ہے"۔

سورۂ حدید آیت ۲۲ :

"ما اصاب من مصيبة فی الارض ولا فی انفسکم الا فی کتاب من قبل ان نبراھا"۔

"زمین میں کوئی بھی مصیبت وارد ہوتی ہے یا تمہارے نفس پر نازل ہوتی ہے تو نفس کے پیدا ہونے کے پہلے سے وہ کتاب الٰہی میں مقدر ہو چکی ہے"۔

سورۂ رعد آیت ۳۹ :

"وعنده ام الکتب"

"اور اصل کتاب تو اسی کے پاس ہے"۔

سورۂ زخرف آیت ۴ :

"وانہ فی ام الکتب لدنیا لعلی حکیم"

"اور یہ ہمارے پاس لوح محفوظ میں نہایت بلند درجہ اور پر از حکمت کتاب ہے"۔

سورۂ واقعہ آیت ۷۸/۷۷ :

"انہ لقرآن کریم ۔فی کتاب مکنون"

"یہ بڑا محترم قرآن ہے جسے ایک پوشیدہ کتاب میں رکھا گیا ہے"۔

سورۂ بروج آیت ۲۲/۲۱ :

"بل ھو قرآن مجید۔فی لوح محفوظ۔"

"یقیناً یہ بزرگ و برتر قرآن ہے جو لوح محفوظ میں محفوظ ہے"۔

(۲) نامۂ اعمال کو خداوند عالم نے کتاب کہا ہے۔ جو عمل بھی انسان انجام دیتا ہے وہ ملائکہ الٰہی اور انبیاء کے حضور میں رہتا ہے کائنات میں ثبت ہوتا ہے اور خود انسان کے وجود کے اندر محفوظ رہتا ہے۔ اس سلسلے میں درج ذیل آیات ملاحظہ فرمائیے :

سورۂ کہف آیت ۴۹ :

"ووضع الکتب فتری المجرمین مشفقین مما فیہ و یقولون یاویلتنا

مال هذا الکتب"

"اور جب نامۂ اعمال سامنے رکھا جائیگا تو دیکھو گے کہ مجرمین اس کے مندرجات کو دیکھ کر خوفزدہ ہوں گے اور کہیں گے کہ ہائے افسوس اس کتاب نے تو کچھ بھی نہیں چھوڑا ہے اور سب کو جمع کرلیا ہے"۔

سورۂ زمر آیت ۶۹ :

"ووضع الکتب وجایٓ بالنّبین والشہداء"

"اور اعمال کی کتاب رکھ دی جائیگی اور انبیاء اور شہداء کو لایا جائیگا"۔

سورۂ اسراء آیات ۱۴/ ۱۳ :

"ونخرج له یوم القیمة کتبا یلقه منشورا۔ اقرا کتابك"

"اور روز قیامت اسے ایک کھلی ہوئی کتاب کی طرح پیش کردینگے کہ اب اپنی کتاب پڑھ لو"۔

سورۂ اسراء آیت ۷۱ :

"فمن اوتی کتابه بیمینه فاولئك یقرون کتبهم ولا یظلمون فتیلا"۔

"جن کا نامۂ اعمال ان کے داہنے ہاتھ میں دیا جائیگا وہ اپنے صحیفہ کو پڑھیں گے اور ان پر ریشہ برابر ظلم نہیں ہوگا"۔

سورۂ مطففین آیت ۷ :

"کلا ان کتب الفجار لفی سجّین"۔

"یاد رکھو بدکرداروں کا نامۂ اعمال سجّین میں ہوگا"۔

سورۂ جاثیہ آیت ۲۸ :

"کل اُمّةٍ تدعی الی کتبها"۔

"اور سب کو ان کے نامۂ اعمال کی طرف بلایا جائیگا"۔

سورۂ جاثیہ آیت ۲۹ :

"ھذا کتبنا ینطق علیکم الحق"

"یہ ہماری کتاب (نامۂ اعمال) ہے جو حق کے ساتھ بولتی ہے"۔

(۳) خود قرآن کریم کو کتاب کہا ہے۔ اس کے بارے میں ارشاد فرمایا کہ اسمیں کسی قسم کے شک وشبہ کی گنجائش نہیں ہے۔ سورۂ بقرہ آیات ۲/۱ میں ارشاد ہوا :

"الٓمٓ ۔ذالک کتاب لاریب فیہ"

"الم۔ یہ وہ کتاب ہے جس میں کسی طرح کے شک وشبہ کی گنجائش نہیں ہے"۔

دوسری آیت میں فرمایا کہ اس کتاب کے آگے 'پیچھے' کسی طرف سے 'کسی توسط سے باطل ہونے اور ختم ہونے کا خطرہ نہیں ہے۔

سورۂ فصلت (حم سجدہ) آیت ۴۲ :

"لا یاتیہ الباطل من بین یدیہ و من خلفہ"۔

"جس کے قریب سامنے یا پیچھے کسی طرف سے باطل آ بھی نہیں سکتا ہے"۔

سورۂ حجر میں فرمایا: "ہم نے اس کتاب کو خود نازل کیا ہے اور ہم خود ہی اس کے حافظ ونگہبان ہیں"۔

ایک اور آیت میں فرمایا :

"کوئی جن وانس اس کا مقابلہ نہیں کر سکے گا"۔

(سورۂ اسراء آیت ۸۸)

لہٰذا ہر اعتبار سے یہ کتاب باقی ودائم اور زوال ناپذیر ہے۔ اسے نہ دوسروں کی طرف سے مقابلے کا کوئی خطرہ ہے اور نہ اسے کتابت کے حوالے سے نسخ وتعطل کا خطرہ لاحق ہے۔

کتاب تورات وانجیل

تورات

حضرت موسیٰؑ سے لیکر حضرت عیسیٰؑ کی بعثت تک نازل شدہ کتابوں کے عہد کو عہدِ عتیق کہا جاتا ہے۔ عہد عتیق اڑتیس (۳۸) کتابوں پر مشتمل ہے' ان میں سے پانچ کتابوں کے مجموعہ کا نام تورات ہے۔

اڑتیں میں سے صرف پانچ کتابوں کا انتخاب اس بات کی دلیل ہے کہ یہ کتاب کس قدر تحریف واضمحلال کا شکار ہوئی ہوگی۔ قرآن کریم نے اس طرف اشارہ کرتے ہوئے اس تحریف کا ذمہ دار قوم یہود کو ٹھہرایا ہے اور علمائے یہود کے ہاتھوں کی گئی تحریف کے انواع واقسام کا ذکر فرمایا ہے۔

انجیل

کلمۂ انجیل یونانی زبان کا لفظ ہے۔ لاطینی زبان میں اس کو ''انگلیون'' کہتے ہیں جس کے معنی بشارت اور خوشخبری دینا ہے۔ انجیل سریانی زبان میں نازل ہوئی تھی۔ علمائے نصاریٰ اس بات پر متفق ہیں کہ موجودہ اناجیل میں سے کوئی بھی حضرت عیسیٰؑ کی چھوڑی ہوئی انجیل نہیں ہے۔ حقیقت بھی یہی ہے کہ حضرت عیسیٰؑ کی لائی ہوئی انجیل اس وقت عیسائیوں کے ہاتھ میں نہیں ہے۔ موجودہ اناجیل کی حقیقت یہ ہے کہ میلادِ مسیح کے تین سو پچیس (۳۲۵) سال بعد تک کے عرصہ میں کوئی بھی ان کتابوں سے واقف نہیں تھا۔

متعدد مصنفین نے انجیل کے نام سے کتاب مرتب کرکے اسے حضرت عیسیٰؑ سے منسوب کیا ہے۔ ہوتے' ہوتے ان کتابوں کی تعداد ایکسو بیس (۱۲۰) تک پہونچ گئی' لیکن ان میں سے صرف سات (۷) کو حضرت عیسیٰؑ سے منسوب کرنے

پر اتفاق کیا گیا۔ ان سات کتابوں میں سے چار کا نام انجیل رکھا گیا جنکے نام کچھ اس طرح ہیں :

(۱) انجیل متی۔

(۲) انجیل مرقس۔

(۳) انجیل لوقا۔

(۴) انجیل یوحنا۔

اقسام تحریف

کسی بھی کتاب میں تحریف کی ممکنہ صورتیں درج ذیل ہو سکتی ہیں :

(۱) آیت کی جگہ اور اسکے اصل مقام کو تبدیل کرنا۔

(۲) کلمات و آیات کا حذف کرنا۔

(۳) اپنی طرف سے کلمات کا اضافہ کرنا۔

(۴) غلط طریقہ سے تلاوت کرنا۔

(۵) غلط معنی بیان کرنا اور غلط تفسیر و تاویل کرنا۔

آیات الٰہی میں تحریف کی تجارت

علمائے یہود و نصاریٰ نے کتابہائے الٰہی یعنی توارت' زبور اور انجیل کی' آجکل کی اصطلاح کے مطابق' رعایتی سیل لگادی اور سستے داموں آیات الٰہی کی فروخت شروع کردی۔ خداوند عالم نے مندرجہ ذیل آیات قرآنی میں اس عمل کی مذمت فرمائی ہے۔ علمائے یہود نے آیات خدامیں تحریف کو تجارت بنالیا تھا۔ خدا نے اس تجارت اور سودے بازی کی مذمت کرتے ہوئے قرآن کریم میں اسے ثمن قلیل (تھوڑی سی قیمت) سے تعبیر کیا ہے :

سورہ بقرہ آیت ۴۱ :

"ولا تشتروا بایتی ثمنا قلیلا"

"ہماری آیتوں کو معمولی قیمت پر نہ بیچو"۔

سورۂ بقرہ آیت ۷۸ :

"ومنهم امیون لایعلمون الکتب الا امانی وان هم الا یظنّون"۔

"ان یہودیوں میں کچھ ایسے جاہل بھی ہیں جو توریت کو یاد کیے ہوئے ہیں اور اس کے بارے میں سوائے امیدوں کے کچھ نہیں جانتے ہیں"۔

سورۂ بقرہ آیت ۱۷۴ :

"ان الذین یکتمون ما انزل الله من الکتب ویشترون به ثمنا قلیلاً"۔

"جو لوگ خدا کی دی ہوئی کتاب کے احکام کو چھپاتے ہیں اور اسے تھوڑی قیمت پر بیچ ڈالتے ہیں"۔

سورۂ آل عمران آیت ۷۷ :

"ان الذین یشترون بعهدالله وایمانهم ثمنا قلیلا"۔

"جو لوگ خدا سے باندھا ہوا عہد و پیمان اور اپنی قسموں کو تھوڑی قیمت پر فروخت کر دیتے ہیں"۔

سورۂ آل عمران آیت ۱۸۷ :

"فنبذوه وراء واشترو به ثمنا قلیلا"۔

"لیکن انہوں نے اسے پس پشت ڈال دیا اور تھوڑی سی قیمت پر بیچ دیا"۔

سورۂ آل عمران آیت ۱۹۹ :

"لایشترون بایت الله ثمنا قلیلا"۔

"آیات الٰہی کو تھوڑی سی قیمت پر فروخت نہیں کرتے"۔

سورۂ مائدہ آیت ۴۴ :

"ولاتشتروا بایتی ثمنا قلیلا"

"اور میری آیات کو معمولی کم قیمت پر نہ بیچو"۔

سورۂ توبہ آیت ۹ :

"اشترو بایت اللہ ثمنا قلیلا"۔

"انہوں نے اللہ کی آیات کو تھوڑی قیمت پر بیچ ڈالا"

سورۂ نحل آیت ۹۵ :

"ولا تشتروا لعھداللہ ثمنا قلیلا"

"اللہ کے عہد کو کبھی تھوڑی سی قیمت کے بدلہ نہ بیچو"۔

ان آیات سے واضح ہے کہ خداوند عالم نے آیات خدا اور حق و حقیقت کو توڑ مروڑ کے، جابجا کرکے اور کمی بیشی کر کے زندگی بسر کرنے والوں کی سختی سے مذمت کی ہے۔

کتب احادیث

یعنی وہ کتابیں جو پیغمبر اکرمؐ ائمہ طاہرینؑ اور اصحاب و تابعین سے منقول احادیث کا مجموعہ سمجھی جاتی ہیں۔ انہی مجموعہ احادیث میں سے چھ کتب برادران اہل سنت والجماعت کے یہاں "صحاح ستہ" کے نام سے معروف ہیں۔

ایک زمانہ تھا جب ان کتابوں (صحاح ستہ) میں موجود تمام احادیث کو صحیح اور مستند سمجھا جاتا تھا۔ صحیح بخاری کے بارے میں تو اتنا غلو تھا کہ خدا کی نازل کردہ کتاب قرآن کے بعد لوگ صحیح بخاری ہی کو سند مانتے تھے۔ یہاں تک کہ مشکلات کے دور ہونے اور حاجت براری کے لئے صحیح بخاری کا ورد کیا جاتا تھا۔ رفتہ رفتہ علماء و محققین اس دعویٰ سے دستبردار ہوگئے کہ ان کتابوں میں موجود تمام

روایات صحیح اور مستند ہیں۔ اب ان لوگوں نے اس بات کا اعتراف کرلیا ہے کہ ان کتب میں صحیح اور غلط دونوں طرح کی احادیث موجود ہیں۔ اسکے ساتھ صحیح اور غلط احادیث کی چھان بین کیلئے ایک کسوٹی کا بھی اعلان کردیا گیا ہے۔

اسی طرح اہل تشیع کے نزدیک کتب اربعہ (چار کتب) "من لا یحضر الفقیہ" "اصول و فروع کافی"، "استبصاء" اور "تہذیب"، اپنے دور کے جید اور ممتاز علماء و محققین کے آثار ہیں۔ پہلے زمانے میں لوگ ان کتابوں میں موجود احادیث پر اسی طرح عمل کرتے تھے، جس طرح آجکل مجتہدین کے رسالہ عملیہ پر عمل کیا جاتا ہے۔ بس ان کتابوں کے نام کے ساتھ لفظ "صحیح" نہیں لگاتے تھے اور ان کا اتنا مقام تھا کہ "کافی" کے بارے میں یہ مقولہ مشہور ہوگیا تھا کہ "کافی" شیعوں کیلئے کافی ہے۔ لیکن بعد میں علماء و محققین نے اعتراف کیا کہ ان کتب میں صحیح و مستند اور ضعیف و غیر معتبر دونوں طرح کی احادیث ہیں اور مانا کہ ان کتابوں میں جھوٹی اور جعلی احادیث بھی پائی جاتی ہیں۔ ایسا نہیں ہے کہ یہ جھوٹی اور جعلی احادیث فقط پیغمبر اکرمؐ، آئمہ طاہرینؑ اور اصحاب و تابعین کے ادوار کے بعد ان کے نام سے منسوب کرکے شامل کی گئی ہوں بلکہ خود ان کی حیات طیبہ میں بھی انہیں انکی طرف نسبت دیا جاتا تھا۔

چنانچہ نہج البلاغہ کے خطبہ ۲۱۰، ۱۰۱، ۱۹۴، ۱۵۴ میں مولائے کائنات امیر المومنین علیہ السلام نے پیغمبرؐ سے نقل کیا ہے کہ آپؐ نے منیٰ یا عرفات میں حجتہ الوداع کے موقع پر ارشاد فرمایا: "میری حیات میں کثرت سے جھوٹی احادیث مجھ سے منسوب کی گئی ہیں اور میرے بعد انمیں اور شدت آئے گی"۔

اسی طرح آئمہ اطہار علیہم السلام سے بھی بہت سی جعلی احادیث، منسوب کی گئی ہیں۔ اسکا ایک نمونہ حجتہ السلام والمسلمین سید علی اکبر قرشی کی کتاب "خاندان

وحی" میں ملتا ہے۔ اس کتاب کے صفحہ ۵۰۹ پر عبداللہ میمون سے نقل ہے کہ "اہل بصرہ کے چند آدمیوں نے مجھ سے خواہش کی کہ انہیں اپنے استاد کے پاس لے جاؤں۔ چنانچہ میں انہیں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کی خدمت میں لے گیا۔ ان لوگوں نے امام سے حدیث سننے کی خواہش کی جس پر امامؑ نے ان سے فرمایا کہ پہلے وہ کچھ ایسی احادیث سنائیں جو انہوں نے اس سے پہلے سن رکھی ہیں پھر آپ خود بنفس نفیس انہیں احادیث سنائیں گے۔ پہلے تو انہوں نے انکار کر دیا۔ کہنے لگے : ہم تو سننے کیلئے آئے ہیں' سنانے کیلئے نہیں۔ لیکن امامؑ کے اصرار پر انہوں نے امام صادق ہی سے منسوب چند (جھوٹی) احادیث سنائیں۔ امام خاموشی سے ان احادیث کو سنتے رہے۔ آخر میں آپؑ نے ان سے پوچھا : کیا تم ان احادیث کو حق سمجھتے ہو؟" انہوں نے کہا: "ہاں! ہم نے یہ احادیث معتبر اور ثقہ لوگوں سے سنی ہیں"۔ پھر آپؑ نے پوچھا: "کیا تم جعفر صادق کو پہچانتے ہو؟" انہوں نے کہا: "نہیں ہم انکو نہیں جانتے"۔ امامؑ نے فرمایا: "اگر جعفر صادق خود تم سے کہیں کہ یہ ہم نے نہیں کہا ہے تو کیا تم اس بات کو قبول کرو گے ؟" انہوں نے کہا: "نہیں ہم نہیں مانیں گے کیونکہ یہ احادیث ہم نے اپنے شہر کے ایک معتبر اور ثقہ شخص سے سنی ہیں"۔

بات کو سمیٹتے ہوئے' اس بحث سے ہمارا جو مدعا تھا اور اس سے ہمیں جو نتیجہ اخذ کرنا تھا' اسے ہم مندرجہ ذیل نکات میں خلاصہ کر رہے ہیں :

(۱) قدیم کتب احادیث میں موجود تمام روایات پر من وعن عمل نہیں کیا جا سکتا کیونکہ ان میں جعلی روایات بھی موجود ہیں اور اس بات کو شیعہ و سنی سب تسلیم کرتے ہیں۔

(۲) ان مجموعہ احادیث پر من وعن عمل نہ کر سکنے کی ایک وجہ اور بھی ہے جس کا

اظہار مولا امیر المومنین علی ابن ابی طالبؑ نے نہج البلاغہ کے خطبہ نمبر ۲۰۸ میں کیا ہے کہ جب آپؑ سے جعلی احادیث کے بارے میں پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا:

''لوگوں کے ہاتھوں میں مختلف احادیث ہیں' ان میں حق وباطل ہیں' صدق وکذب ہیں' ناسخ ومنسوخ ہیں' عام وخاص ہیں' محکم ہیں متشابہ ہیں' حفظ شدہ ہیں اور وہمی ہیں۔''

اس کے بعد امیر المومنینؑ نے فرمایا:

''تمہارے پاس موجود احادیث چار طریقوں سے پہنچی ہیں' پانچواں طریقہ کوئی نہیں ہے''۔

وہ چار طریقہ جو آپؑ نے بیان فرمائے ذیل میں درج کیے جارہے ہیں:

(الف) کسی منافق نے نقل کیا' جو ایمان واسلام کا اظہار کرتا ہو لیکن دل میں کفر چھپائے ہوتا ہے۔ خدا اور رسولؐ سے کسی غلط بات کو نسبت دینے میں اسے کوئی جھجک محسوس نہیں ہوتی۔ لوگ اسے مسلمان ومومن سمجھتے ہیں جبکہ وہ منافق ہوتا ہے۔ اگر لوگوں کو معلوم ہو جائے کہ یہ منافق اور جھوٹا ہے تو یقیناً اسکے بیان کی تصدیق نہ کرینگے لیکن مشکل یہ ہے کہ وہ سمجھتے ہیں کہ یہ صحابی ہے۔ اس نے حضورؐ کو دیکھا ہے' انکے ارشاد کو سنا ہے اور ان سے حاصل کیا ہے۔ چنانچہ لوگ اس کی بات کو قبول کر لیتے ہیں۔ حالانکہ اللہ نے تمہیں (قرآن کریم میں) منافقوں کے بارے میں خبر دے رکھی ہے اور ان کے اوصاف سے بھی تمہیں آگاہ کر دیا ہے۔

(ب) ایسے شخص نے نقل کیا جس نے خود پیغمبرؐ سے کوئی بات سنی ہے لیکن اسے صحیح طریقہ سے حفظ نہیں کر سکا اور اس میں غلطی کا شکار ہو گیا۔ جان بوجھ کر

جھوٹ نہیں بولتا ہے۔ جو کچھ اس کے ہاتھ میں ہے' اسکی روایت کرتا ہے اور اسی پر عمل کرتا ہے اور کہتا ہے کہ میں نے یہ رسول اکرمؐ سے سنا ہے' حالانکہ اگر مسلمانوں کو معلوم ہو جائے کہ اس سے غلطی ہو گئی ہے تو ہرگز اسکی بات قبول نہ کریں گے بلکہ اگر اسے خود بھی معلوم ہو جائے کہ یہ بات اس طرح نہیں ہے۔ تو ترک کر دے گا اور نقل نہیں کرے گا۔

(ج) تیسری قسم اس شخص کی ہے جس نے رسول اکرمؐ کو حکم دیتے تو سنا ہے لیکن جب حضور نے اس حکم کو منسوخ کیا تو اسے اطلاع نہیں ہو سکی یا اس نے رسول خدا کو کوئی بات منع کرتے تو سنا ہے لیکن پھر جب آپ نے دوبارہ اس کا حکم دیا تو اسے اطلاع نہیں ہو سکی۔ اس شخص نے منسوخ کو محفوظ کر لیا اور ناسخ کو محفوظ نہیں کر سکا۔ اگر اسے معلوم ہو جائے کہ یہ حکم منسوخ ہو چکا ہے' تو اسے ترک کر دے گا اور اگر مسلمانوں کو معلوم ہو جائے کہ اس نے منسوخ کی روایت کی ہے' تو وہ بھی اسے نظر انداز کر دیں گے۔

(د) چوتھی قسم اس شخص کی ہے جس نے خدا اور رسول کے خلاف غلط بیانی سے کام نہیں لیا ہے اور وہ خوف خدا اور تعظیم رسول خداؐ کی بنیاد پر جھوٹ کا دشمن بھی ہے اور اس سے بھول چوک بھی نہیں ہوئی ہے بلکہ جیسے رسول اکرمؐ نے فرمایا ہے' ویسے ہی محفوظ کر رکھا ہے۔ نہ اس میں کسی طرح کا اضافہ کیا ہے اور نہ کمی کی ہے۔ ناسخ ہی کو محفوظ کیا ہے اور اسی پر عمل کیا ہے۔ منسوخ کو یاد رکھا ہے لیکن اس سے اجتناب کیا ہے۔ خاص وعام اور محکم ومتشابہ کو بھی پہچانتا ہے اور اسی کے مطابق عمل بھی کرتا ہے۔

(۳) یہ ایک مسلّمہ حقیقت ہے کہ ہمارے آئمہ طاہرین حکومت کی انتہائی رقابت اور نگرانی میں زندگی گزارتے تھے' جسکی وجہ سے بہت سی احادیث ان سے از

روئے تقیہ صادر ہوئی ہیں۔ ایسی احادیث پر عمل یا تو اس امین شخص تک محدود تھا کہ جس سے وہ بیان ہوئیں' یا پھر ان پر عمل فقط اسی زمانے تک محدود تھا اور اس کے بعد اس پر عمل کا حکم ختم ہو گیا تھا۔ لیکن بہر حال ایسی احادیث بھی مجموعہ احادیث میں موجود ہیں اور ان کی شناخت ایک مشکل عمل ہے۔

(۴) علمائے احادیث نے سلسلہ احادیث کو چند درجات میں تقسیم کیا ہے' متواتر لفظی' متواتر معنوی' متضافر اور خبر واحد۔ پھر خبر واحد کو بھی خبر مرفوع اور مضمر میں تقسیم کیا ہے۔ ایک محقق کیلئے کسی حدیث کی صحت جاننے کیلئے روایت کی ان تمام تفصیلوں سے آگاہی ضروری ہے۔

(۵) مجموعہ احادیث کی متذکرہ بالا چار اقسام کی چھان پھٹک اور تمیز کیلئے علمائے حدیث نے چند طریقے وضع کیے ہیں۔ ان میں سے ایک طریقہ راوی شناسی ہے جسے ''علم رجال'' کہا جاتا ہے۔ اس علم میں بنیادی طور پر جو طریقہ اپنایا جاتا ہے' وہ یہ ہے کہ ایک حدیث جو پیغمبر اسلام' ائمہ اطہار' یا اصحاب کرام سے ہم تک پہنچی ہے اس کے تمام واسطوں' یعنی جتنے راوی اس حدیث کے صادر ہونے سے لیکر صدر اسلام تک واقع ہوئے ہیں' علماء ان سب کی شخصیات کو مورد بحث قرار دیتے ہیں۔ اس بات کی اچھی طرح چھان پھٹک کی جاتی ہے کہ آیا وہ صحیح مسلمان اور مرد مومن تھے یا منافق؟ طبع صداقت رکھتے تھے یا جھوٹے تھے' حافظہ صحیح تھا یا نہیں' روایت کا سلسلہ مسلسل ہے یا درمیان سے منقطع ہو گیا ہے' وغیرہ وغیرہ۔ اس موضوع پر فریقین کے علماء نے بہت سی کتابیں لکھی ہیں۔

شیعوں کی رجال پر لکھی جانے والی معروف کتابوں میں رجال شیخ طوسی' رجال نجاشی' جامع الرویہ' رجال مامقانی' تنقیح المقال' قاموس رجال'

کنیٰ والالقاب اور رجال حدیث آیۃ اللہ العظمیٰ سید ابوالقاسم خوئی رضوان اللہ تعالیٰ علیہ شامل ہیں۔ اہل سنت والجماعت کی طرف سے اس موضوع پر الاصابہ فی تمیز الصحابہ' اسد الغابہ' جرح وتعدیل' تہذیب التہذیب' لسان المیزان' صفوۃ الصفوہ وغیرہ لکھی گئی ہیں۔ یہ تمام کتابیں احادیث اور انکے راویوں کے بارے میں تحقیق پر مشتمل ہیں۔

(۶) احکام فروع اور ابواب فقہ میں علمائے فریقین نے خاصی عرق ریزی کے ساتھ روایت وراوی شناسی میں اجتہاد بذل کیا ہے۔ وہ جب تک اس میں مہارت واجتہاد کے حامل نہیں ہو جاتے' فتویٰ دینے کے اہل نہیں ہوتے ہیں۔ سابق دور کے مقابلہ میں اس وقت ابواب فقہ میں مجتہد ہونا' کئی گنا آسان ہو گیا ہے کیونکہ روایات کی چھان بین کا مسئلہ بڑی حد تک حل ہو چکا ہے۔ لیکن بد قسمتی سے تفسیر' علم اخلاق' سیرت ائمہ اور تاریخ اسلام میں اس سطح کی تحقیق نہیں ہوئی ہے۔ خاص طور پر حضرت امام حسین علیہ السلام کی شخصیت اور قیام کے بارے میں چھان بین کرنے' صحیح وغلط کی تمیز کرنے اور حسینی راوی اور یزیدی راوی کے مابین تمیز کرنے کا عمل متروک رہا ہے۔ اس معاملہ میں ابھی تک دوست ودشمن دونوں طرف سے جعلیات کا سلسلہ جاری ہے اور خاص کر ہمارے خطے میں تو یہ مہم بہت زور پکڑے ہوئے ہے۔

مؤلف

لفظِ مؤلف' تالیف سے لیا گیا ہے جبکہ تالیف مادۂ "اِلف" سے ماخوذ ہے۔ اِلف کے معنی اجتماع وانتظام کرنا اور ربط وجوڑ دینے کے ہیں۔

قرآن کریم میں یہ کلمہ لوگوں کے دلوں کو آپس میں جوڑنے اور ان میں باہم ربط پیدا کرنے کے معنوں میں استعمال ہوا ہے۔ سورۂ مبارکہ آل عمران آیت

۱۰۳ میں ارشاد ہوتا ہے:

"تم آپس میں دشمن تھے' اس (ذات) نے تمھارے دلوں میں الفت پیدا کردی تو تم اس کی نعمت سے بھائی بھائی بن گئے۔ اور تم جہنم کے کنارے پر تھے' اس نے تمہیں نکال لیا"۔

سورۂ انفال آیت ۶۳ میں ارشادِ ربانی ہے:

"والف بین قلوبھم"۔

"اور ان کے دلوں میں محبت پیدا کردی' دلوں کو جوڑ دیا"۔

عرف عام میں کیمیائی یا میکانیکی عمل کے ذریعہ مختلف مادّوں کو جوڑ کر دوسرا مادّہ بنانے والے یا مختلف پرزوں کو جوڑ کر مشین بنانے والے کو مؤلف نہیں کہا جاتا۔ نہ ہی کلمات کو آپس میں جوڑنے والے کو مؤلف کا نام دیا جاتا ہے بلکہ کلام کے مختلف موضوعات کو آپس میں ضبط و نظم دینے کے عمل کو "تالیف" اور اس عمل کے بجالانے والے کو "مؤلف" کہتے ہیں۔

"مؤلفین"، مؤلف کی جمع ہے۔ یہاں مؤلفین سے ہماری مراد ہر قسم کے موضوعات تنظیم و ترتیب دینے والے نہیں ہیں بلکہ ہمارے پیش نظر صرف وہ حضرات ہیں جنہوں نے امام حسینؑ اور آپؑ کے قیام مقدس سے متعلق موضوعات پر خامہ فرسائی کی ہے۔

معجم کتب و مؤلفینِ قیامِ امام حسینؑ

ہم نے قیام امام حسینؑ سے متعلق لکھی جانے والی کتابوں اور مقالوں کی ترتیب و تنظیم کی ضرورت کو محسوس کرتے ہوئے اپنی بساط فکری اور توانائی کی حدود کے اندر رہتے ہوئے ایک ادنیٰ سی کوشش کی ہے۔ یہ کتاب دو حصوں پر مشتمل ہے۔ پہلا حصہ کتب و مقالات سے متعلق ہے جبکہ دوسرے حصہ کا تعلق

مؤلفین و مقالہ نگاروں سے ہے۔

چونکہ آل بویہ کے ساتھ ہوتے تھے' اس سے پتا چلتا ہے کہ شیعہ تھے۔ اسی لئے انہیں ابی علی بھی کہا جاتا تھا۔ ابن مسکویہ شہر رے میں پیدا ہوئے تھے اور خود کو ابو حیان لکھتے تھے۔ وہ محمد بن زکریا الراضی اور جابر بن حیان توحیدی کی کتابیں زیادہ پڑھا کرتے تھے۔ کتاب جالینوس پڑھا کرتے تھے جبکہ کتاب "تہذیب واخلاق" خود ان کی تصنیف ہے۔ ان کی تصانیف میں سے ایک "تجارب الامم" ہے۔ اس کتاب کی دوسری جلد کے ابتدائی ۷۵ صفحات میں آپ نے معاویہ کے دور حکومت سے لیکر شہادت امام حسینؑ تک کے واقعات تحریر کیے ہیں۔ اس کتاب کے ماخذ کے طور پر انہوں نے زیادہ تر طبری پر اعتماد کیا ہے۔ انہوں نے اپنی تاریخ کو طوفان نوح سے شروع کیا ہے۔

(ماخذ: مجلہ راصد شمارہ ۲۶ کانون اول صفحہ ۳۳)

امام خمینیؒ

حضرت آیت اللہ العظمیٰ امام خمینیؒ بانی حکومت اسلامی ایران' فرزند رشید و مجاہد و مبارز آیت اللہ سید مصطفیٰ موسوی' سنہ ۱۳۲۰ ہجری قمری میں اصفہان کے مشہور شہر خمین میں پیدا ہوئے۔ آپ کی ولادت کے پانچ مہینے بعد' آیت اللہ مصطفیٰ موسوی اس وقت کے ظالم وجابر حکمران کے غیر اسلامی قوانین کے نفاذ کے خلاف قیام کرنے کے جرم میں شہید کردیئے گئے۔ ابتدائی تعلیم اپنے آبائی گاؤں میں آقائے مرزا محمود کے پاس شروع کی۔ ۱۵ سال کی عمر میں فارسی کلاس کی تکمیل کے بعد بڑے بھائی آیت اللہ پسندیدہ کے پاس علوم حوزہ' صرف ونحو اور منطق میں مشغول ہوئے۔ ۱۳۳۸ ہجری تک ان ہی سے کسب فیض کرتے رہے۔ ۱۹ سال کی عمر میں ایران کے شہر اراک کے حوزہ علمیہ میں منتقل ہوئے۔ وہاں آیت اللہ شیخ عبدالکریم حائری کی سرپرستی میں حوزہ علمیہ سے کسب فیض شروع کیا۔

سنہ ۱۳۴۰ ہجری میں علمائے قم کی درخواست پر آیت اللہ حائری کے ساتھ قم منتقل ہوئے جہاں انہوں نے حوزہ علمیہ قم کی بنیاد رکھی۔ قم میں آیت اللہ حائری یزدی کے دروس میں شرکت کرتے رہے۔ آیت اللہ شیخ علی اکبر' معروف بہ حکیم سے علم ہیئت حاصل کیا۔ علم عرفان آیت اللہ شاہ آبادی سے حاصل کیا۔ حکمت وفلسفہ کو

پڑھا۔ آپ ان علوم میں محو و مستغرق ہونے کے ساتھ ساتھ ان سے الہام لیتے ہوئے تہجد و تعبد خدا میں فنا ہو چکے تھے۔ امام خمینیؒ نے سنہ ۱۳۴۵ ہجری میں درس سطوح کو پایۂ تکمیل تک پہنچایا اور درجہ اجتہاد پر فائز ہوئے۔ آپ اپنے دور کے نوابغ علماء اور مجتہدین میں شمار ہوتے تھے۔

سنہ ۱۳۴۸ ہجری میں حاج میرزا تقی تہرانی کی دختر گرامی سے شادی کی۔ انہیں سے خدا نے آپ کو دو فرزند سید مصطفیٰ خمینیؒ اور سید احمد خمینیؒ اور تین دختر عطا کیں۔ سنہ ۱۳۴۷ ہجری میں جب آپ کی عمر ۲۷ سال تھی آپ نے حوزہ میں فلسفہ کی تدریس شروع کی۔ اس درس فلسفہ میں معلم بزرگوار، فیلسوف زمان، آیت اللہ مرتضیٰ مطہریؒ اور آیت اللہ منتظری آپ کے قریب ترین شاگردوں میں سے تھے۔ درس فلسفہ کے ساتھ ساتھ آپ کا مستغرق عبادت ہونا لوگوں کیلئے باعث تعجب تھا۔ آپ علم اخلاق کی طرف بھی متوجہ رہتے تھے۔ سنہ ۱۳۶۹ ہجری میں آیت اللہ بروجردی کی قم آمد کے بعد آپ نے درس خارج فقہ و اصول بھی شروع کیا۔

آپ کی ۲۴ سے زائد تالیفات ہیں۔ آپ اپنے عظیم اور محیر العقول انقلاب کو انقلاب امام حسین علیہ السلام کی ایک شعاع گردانتے تھے۔ آپ عزاداری امام حسین پر ایک خاص عنایت و توجہ رکھتے تھے۔ آپ فرماتے تھے: "یہ جو کچھ ہے امام حسینؑ کے طفیل سے ہے"۔ آپ کی امام حسینؑ سے متعلق کوئی خاص کتاب تو نہیں ہے لیکن مختلف موقعوں پر قیام امام حسینؑ کے بارے میں آپ نے اپنی تقاریر میں جو کچھ فرمایا ہے، اسے آثار نشر امام خمینیؒ نے ایک مجموعہ کی صورت میں "قیام عاشورا" کے نام سے مختلف زبانوں میں نشر کیا ہے۔[۱]

(ماخذ: شیخ صدر تالیف مصطفیٰ قلیزادہ سازمان تبلیغات اسلامی)

ادریس حسینی

ادریس حسینی پہلے اسماعیلی فرقے سے تعلق رکھتے تھے۔ ان کا نسب اسماعیل بن امام جعفر صادق سے ملتا ہے۔ اپنے آپ کو حسینی کہتے تھے۔ شہر ادریس میں پیدا ہوئے جو ولیلی رومانیہ کے قریب ہے۔ انہوں نے مذاہب اسلامی پر تحقیق کی اور اسی تحقیق کے نتیجے میں شیعہ مذہب اختیار کیا۔ آپ کہا کرتے تھے کہ مجھے حسینؑ نے شیعہ بنا دیا۔ آپ کی کتاب "لقد شیعنی الحسین"

۱۔ دار الثقافۃ الاسلامیہ پاکستان نے ملک کے مومنین کے افادہ کیلئے اس کتاب کا اردو ترجمہ شائع کیا ہے۔

۴۰۶ صفحات پر مشتمل ہے۔

ابو حنیفہ احمد بن داود بن ننند دینوری

آپ نے ۲۸۱ ھ۔ق یا ۲۸۲ یا ۲۹۰ کے دوران وفات پائی۔ آپ اپنے وقت کے علم لغت ' ادب 'ہندسہ ' حساب 'نجوم اور روایات میں پائے کے عالم سمجھے جاتے تھے۔ ان سب مختلف النوع میدانوں میں آپ مہارت رکھتے تھے اور استاد کے درجے پر فائز تھے۔ اخبار اور راویوں کے تجزیہ نگاروں اور مبصروں نے آپ کو موثقین میں سے قرار دیا ہے۔ بعض نے آپ کو 'جاحظ کو اور ابوزید بلخی کو علم میں بے نظیر گردانا ہے۔

آپ کی کئی تالیفات ہیں 'مثلاً کتاب شعر شعراء 'کتاب فصاحت 'کتاب نبات 'کتاب وصایہ 'انہی میں ایک اہم ترین کتاب اخبار الطوال ہے۔ یہ کتاب تین حصوں پر مشتمل ہے۔ پہلے حصہ میں حضرت آدمؑ 'ادریسؑ ' نوحؑ 'ہودؑ 'ابراہیمؑ 'اسماعیلؑ 'بنی اسرائیلؑ ' داوٴدؑ 'سلیمانؑ تا ظہور عیسیٰؑ تک بحث کی گئی ہے۔ دوسرا حصہ تاریخ اسلام کے بارے میں ہے 'اس حصہ میں عربوں اور ایرانیوں کی جنگوں کا ذکر ہے جو خلافت حضرت عمر میں شروع ہوئیں اور ۲۱۷ ہجری میں خلافت معتصم پر جسکا خاتمہ ہوا۔ دینوری نے غزوات پر قلم نہیں اٹھایا کیونکہ اس سلسلے میں ابن اسحاق واقدی اور ان کے ہم عصر ابن سعد نے بہت کچھ لکھا تھا اور وہ دوبارہ اس پر لکھنا تکرار سمجھتے تھے۔

انہوں نے اپنی کتاب میں جن موضوعات پر قلم اٹھایا ہے 'وہ ہیں عرب و ایران کی جنگ ' حکومت ایران کا سکوت حضرت عثمانؓ کا بارہ سالہ دور خلافت ' خلافت حضرت علیؑ حکمرانی معاویہ ویزید اور واقعہ خونین کربلا وشہادت امام حسینؑ ۔ کتاب اخبار الطوال ایک قدیم ترین کتاب ہے اور اس میں موجود احادیث انتہائی اہمیت کی حامل ہیں۔ اس میں عاشورائے امام حسینؑ کے بارے میں جو بحث کی گئی ہے اسکی کی اہمیت کے پیش نظر عبدالمنعم عامر نے ۱۹۶۰ء میلادی میں اس کتاب کو اپنے ادارے "موسسہ احیائے کتب عربی عیسی بابی حلبی" سے نشر کیا۔ اس کتاب کا پہلی بار صادق نشئت نے ۱۳۶۹ ہجری میں فارسی میں ترجمہ کیا۔

ابو عمر احمد بن محمد بن عبدربہ اندلسی

(۲۴۶-۳۳۰ھ)

اندلسی کی کتاب "عقد الفرید" میں شائعات ' افسانے اور زبانی سنی سنائی باتیں لکھی ہوئی ہیں۔ تاریخی سند کی طرف کم اور فصاحت وبلاغت کی طرف زیادہ توجہ دی

گئی ہے۔ اس شخص کا جھکاؤ حکومت بنو امیہ کی طرف تھا۔ اندلس ایک طویل عرصہ تک مرکز حکومت اموی رہا ہے۔ اندلسی دشمنان بنو امیہ کو دشمنان اسلام و مسلمین سمجھتے تھے۔ ان کی اس کتاب میں امام حسین سے متعلق ہیں کچھ بیانات تحریر کی ہیں۔

ابو الفرج اصفہانی

اس شخص کا جھکاؤ بھی زیادہ تر بنو امیہ کی طرف تھا لیکن اس کا زید بن علی سے بھی تعلق تھا۔ اس کی کتاب شعر اور موسیقی کے فنون سے بھری ہوئی ہے۔

ابن کثیر الدمشقی

(متوفی سنہ ۷۷۴ھ)

ابو الفدا حافظ ابن کثیر بھی امویوں کا طرفدار اور طابع یزید تھا' بنو امیہ کی جنایت کا دفاع کرتا تھا۔ اس نے اپنی کتاب میں بنو امیہ کے جعلیات کو جگہ دی ہے۔

اس کی مشہور تصنیف کتاب البدایہ و النہایہ ہے۔ جس کی جلد ۸ کے صفحات ۱۳۹ تا ۲۰۴ امام حسینؑ سے متعلق ہیں۔

احمد بن مکی خوارزمی

خطیب خوارزم (متوفی ۵۶۸) ایک آزاد خیال انسان تھا۔ اس نے کتاب مقتل الحسین تالیف کی ہے۔

احمد بن یحیٰ بن جابر بن البلاذری

آپ نے ۲۷۹ یا ۳۰۲ ہجری قمری میں وفات پائی۔ آپ کا عرصہ حیات دور حکومت مامون میں گزرا۔ آپ متوکل عباسی کے خاص تھے' اسکے فرزند معتذ باللہ کے معلم اور مستعین باللہ کے مقرب تھے۔

فارسی زبان سے آشنا تھے بلکہ بعض کے نزدیک ایرانی تھے۔ اخبار انساب عرب پر کامل عبور رکھتے تھے۔ ابن ندیم نے لکھا ہے کہ آپ ایک شاعر اور روای تھے۔ آخر عمر میں آپ کے شعور میں اختلال پیدا ہوا۔ چنانچہ ہسپتال میں داخل ہوئے اور وہیں وفات پائی۔

آپ کی تصانیف میں کتاب بلدان صغیر' بلدان کبیر' اخبار و انساب' کتاب عہد اردشیر شامل ہیں۔ ہمارے مورد نظر آپ کی کتاب انساب اشراف ہے۔

اس کتاب کا شمار قدیم ترین کتب تاریخ میں ہوتا ہے۔ اس میں بہت اچھی اور قیمتی بحث و گفتگو کی گئی ہے۔ کتاب کو بہت اچھے پیرائے میں لکھا گیا ہے۔ مؤلف ایک منصف مزاج انسان تھا۔ اس نے تاریخ کو تعصب سے ہٹ کر لکھا ہے۔

اس کتاب کی جلد سوم کے صفحات ۳۵۵ تا ۴۲۶ امام حسینؑ کے بارے میں ہیں۔ جلد پانچ صفحات ۲۹۹ تا ۳۷۶ میں یزید

بن معاویہ اور اس کے اقدامات کا ذکر ہے۔

آپ اپنے دور کی ایک مشہور و معروف شخصیت تھے اور آپ کا انتقال مشہور مورخ' طبری سے تمیں سال قبل ہوا تھا۔

(نقل از مجلہ کیھان فرہنگی سال سوم شمارہ ۹)

ابن قتیبہ دینوری
(۲۱۳۔۲۷۶ ہجری)

ابو محمد عبداللہ بن مسلم ابن قتیبہ دینوری اپنے وقت کے ادیب مورخ' فقیہ اور قاضی تھے۔ جوانی کا زمانہ خلافت عباسی کے دور میں شہر دینور میں گزارا۔ انکا دور عرب و عجم کے اختلافات کا دور تھا۔ خود ایرانی نژاد تھے' اسلئے ایرانی قومیت کے افکار رکھتے تھے مگر اسلام کی طرف مائل تھے۔ آپ نے ایک کتاب "تسویۃ بین العرب والعجم" لکھی۔ بعد میں جب ریاستی عہدے پر فائز ہوئے تو "ردّ علی الشعوبیہ" کے نام سے ایک کتاب لکھی۔ اسکے علاوہ آپ کی ایک اور کتاب "معارف الامامیہ والسیاسۃ" معروف کتابوں میں سے ہے۔

آپ کی ایک اور مشہور کتاب "الامامۃ والسیاسۃ" ہے جس کی جلد اول میں صفحات ۱۸۷ تا ۲۲۷ امام حسین علیہ السلام سے متعلق ہیں۔

اعثم کوفی

ابو محمد احمد بن اعثم کوفی ۳۱۴ ہجری میں پیدا ہوئے یعنی چوتھی صدی ہجری کی ابتداء کی شخصیت تھے۔ آپ سنی المذہب تھے۔ آپ کی کتاب "تاریخ اعثم کوفی" عراق و واقعہ کربلا کے بارے میں مفصل ترین تاریخ ہے۔ اس کی سند مدائنی' واقدی' زہری' ابو مخنف' ہشام بن محمد کلبی سے ہے۔ کہیں لمبی اسناد ذکر کی ہیں تو کہیں چھوٹی اور مختصر۔ آپ پر حق وانصاف' صداقت گوئی اور نقل پر اعتماد کی وجہ سے شیعہ ہونے کی تہمت لگی۔ سنی روایات کے متعصبین نے آپ کو متہم کیا ہے۔

ابن اثیر (۵۵۵۔۶۳۰ھ)

عزالدین ابوالحسن معروف ابن اثیر کی تاریخ یعنی "کتاب الکامل فی التاریخ" مفصل ترین تاریخ ہے۔ حکومت عباسی کے دور میں شہر موصل میں رہتے تھے۔ اس دور میں سیاسی منصب پر فائز تھے۔ اپنی کتاب تاریخ میں ابن کلبی مبرد مسعودی سے استناد کیا ہے' جن باتوں کو طبری نے نقل نہیں کیا ہے' انہیں آپ نے نقل کیا ہے۔ ۶۲۸ ہجری قمری تک کے حالات اس میں لکھے ہیں۔ ۶۰ ہجری اور ۶۱ ہجری کے واقعات مفصل لکھے ہیں۔

"الکامل فی التاریخ" جلد چہارم' صفحہ ۱۴ سے ۹۴ تک امام حسینؑ سے متعلق ہیں۔

احمد شرباصی

ڈاکٹر احمد شرباصی عالم عرب واسلام کے ایک مشہور ومعروف خطیب ومؤلف تھے۔ آپ عالم اسلام کی مشہور تعلیمی درسگاہ "الازہر" میں حیثیت استاد فرائض انجام دیتے رہے۔

آپ کا سنہ ولادت ۱۹۱۸ء ہے اور سنہ وفات ۱۹۸۰ء۔ آپ نے جوانی ہی میں نشر اسلام میں دلچسپی لینا شروع کر دیا تھا' آپ کی ایک کتاب اپنے موضوع کے حوالے سے انتہائی اہمیت کی حامل ہے۔ یہ دو جلدوں پر مشتمل ہے اور کسی فقہ وفرقہ سے مخصوص نہیں۔ اس کا نام ہے "موسوعہ اسماء الحسنٰی"۔

آپ کی ایک اور کتاب "موسوعہ الشرباصیہ" کے نام سے چار جلدوں میں ہے اس کتاب کی جلد دوم صفحہ ۲۴۹ پر "فی ذکریٰ عاشورہ" کے عنوان سے حمد وثنا کے بعد' آپ اسے اتباع محمد قرار دیتے ہوئے کہتے ہیں کہ "میں آج آپ کی خدمت میں عاشورہ کے بارے میں وارد روایات کی صحت وحقیقت کو خدا پر چھوڑ کر امت اسلام کو اس طرح متوجہ کراتا ہوں۔ ہم دیکھتے ہیں کہ بعض افراد نے اس دن روزہ رکھنے پر اصرار کیا ہے اور اسے ایک مبارک دن قرار دینے کی کوشش کی ہے۔ اس کے بالمقابل ایک اور گروہ ہے جس نے اس دن کو اتنا مفلوج کیا ہے کہ انسانی زندگی کی تمام سرگرمیوں پر پابندی لگا رکھی ہے۔ میں ان دونوں گروہوں سے ہٹ کر حسینؑ کی عظمت وشخصیت کو پیغمبر کی حدیث "حسین مجھ سے ہے اور میں حسینؑ سے ہوں" سے بیان کرتا ہوں۔ چنانچہ جب روئے زمین پر فساد پھیل گیا تو یہی حسینؑ امت اسلامی کو بغاوت وطغیان سے نجات دلانے کی خاطر گھر سے نکلے۔ اس لئے یہ دن دراصل امت اسلام کی خاطر بذل کرنے اور جہاد وشھادت کو یاد کرنے کا دن ہے"۔

احمد وائلی

شیخ احمد وائلی بن شیخ حسون بن حمود لیثی وائلی نجف اشرف کے وائلی خاندان میں پیدا ہوئے۔ خاندان وائلی پہلے آل حرج کے نام سے مشہور تھا۔ حرج ان کے جد بزرگوار کا نام ہے۔

اشاعری جنگ میں جب اس قبیلہ کو شکست ہوئی تو یہ لوگ اپنے گاؤں غراب سے نجف اشرف منتقل ہوگئے اور یہاں سکونت اختیار کی۔ ۷ ربیع الاول' میلاد با سعادت ختمی مرتبت کو آپ کی ولادت ہوئی' لہٰذا آپ کے والد گرامی نے آپ کا نام احمد رکھا۔ سنہ ولادت کے بارے میں ۱۳۴۱

ہجری اور ۱۳۴۷ ہجری کے درمیان اختلاف ہے' تاہم بعض قرائن و شواہد کے تحت ۱۳۴۷ھ کو ترجیح دی جاتی ہے۔

آپ سات سال کی عمر سے آیات کی تلاوت اور حفظ و کتابت کا شوق رکھتے تھے۔ ابتدائی تعلیم کیلئے آپ نے مدرسہ ملک غازی میں داخلہ لیا' پھر منتدی النشر کے مدارس سے منسلک ہوئے۔ یہاں تک کہ ۱۹۶۲ء میں کلیہ فقہ سے علوم اسلامی و عربی میں ڈپلومہ کی ڈگری حاصل کی۔ پھر بغداد یونیورسٹی سے ماسٹرز کی سند حاصل کی۔ تھیسس کیلئے آپ نے احکام جنون کو انتخاب کیا۔ قاہرہ یونیورسٹی سے آپ نے ڈاکٹریٹ کی سند سے نوازا' آپ نے درس حوزہ کو بھی ساتھ ساتھ جاری و ساری رکھا۔ حوزہ کے اساتذہ میں شیخ مہدی مطر' شیخ علی سمسہ' شیخ ہادی قریشی' شیخ علی کاشف الغطاء' سید محمد حکیم' شیخ محمد حسین مظفر اور شیخ رضا مظفر سر فہرست ہیں۔ یہ اساتذہ اس وقت نجف کے علمی ستون شمار ہوتے تھے۔

آپ فن خطابت میں نہ صرف نجف و عراق میں بلکہ پورے عرب میں نبوغت و شہرت رکھتے تھے۔ آپ کو اس میدان کا فارس سمجھا جاتا تھا۔ عراق کے مشہور و معروف خطیب علامہ سید جواد شبر نے آپ کو "امیر منبر حسینی" کا لقب دیا۔

کسی مدرسہ اور حلقہ تدریس کے قیام کے بغیر سینکڑوں انسانوں نے آپ سے فن خطابت سیکھی۔ ان میں سید صالح حلی' شیخ محمد علی یعقوبی اور شیخ کاظم سبتی شامل ہیں۔

آپ کی شخصیت اور فن خطابت کا چرچا پورے عرب میں عام تھا۔ سینکڑوں صاحبان دولت سے آپکی وابستگی تھی۔ آپ کیلئے کوئی بڑا موسسہ یا ادارہ قیام کرنا کوئی مشکل کام نہ تھا' اس کے باوجود نہ تو آپ نے کوئی مدرسہ بنایا اور نہ ہی کوئی اور ادارہ قائم کیا' نہ آپ نے فن خطابت سکھانے کیلئے کوئی حلقہ بنایا۔ جو افراد آپ کے شاگرد کہے جاتے ہیں' وہ آپ کی یادداشتوں اور آپ کی تقریروں کی کیسٹوں سے استفادہ کرنے کی بنیاد پر شاگرد کہلاتے ہیں۔

فن خطابت میں نبوغت' حوزہ اور یونیورسٹی دونوں کے علوم سے بہرہ مندی' حالات حاضرہ سے آگاہی اور قوت بیان وادا کی بناء پر آپ پورے عرب میں منفرد سمجھے جاتے تھے۔ ان تمام خوبیوں کے باوجود آپ میں ایک عیب بھی تھا جسے صاحب معجم الخطباء داخل' سید حسن نے آپ کی حیات سے متعلق لکھتے ہوئے یوں لکھا ہے "میں انتہائی احتیاط کے ساتھ ان کی شہرت و نبوغ

کا خیال رکھتے ہوئے اور ان کے فضائل وکمالات کا اعتراف کرتے ہوئے لکھتا ہوں کہ آپ کسی قسم کے نقد وانتقاد کے متحمل نہیں تھے۔ نقد وانتقاد آپ پر ایسا گراں گزرتا تھا گویا آسمان سے بجلی گری ہو"۔ لکھتے ہیں کہ جب آپ کی کتاب حویۃ التشیع کے دوسرے ایڈیشن میں پروف ریڈینگ کی غلطیوں کی اصلاح کی خاطر ان کی نشاندہی کی گئی تو یہ بات بھی آپ پر گراں گزری۔ غرض آپ تنقید کو بالکل بھی گوارا نہیں کرتے تھے۔

ہماری اس کتاب میں آپ کا نام آنے کی مناسبت آپ کی وہ کتاب ہے جو آپ نے فن خطابت اور طریقہ تخاطب کے اصول و ضوابط پر لکھی ہے۔ اس کتاب کا نام "تجارب مع المنبر" ہے۔

باب "ب"

بہائی: محمد ابن حسین ابن عبدالصمد عاملی، ملقب بہ بہائی بہاؤالدین، فقیہ، مفسر، ریاضی دان اور متکلم تھے۔ آپ ۹۵۳ ہجری کو لبنان کے شہر بعلبک میں پیدا ہوئے، اصفہان، قزوین اور مشہد میں زندگی گزاری، سنہ ۱۰۳۰ ہجری کو اصفہان میں وفات پائی اور مشہد میں دفن ہوئے۔

آپ کا شمار اپنے دور کے بہت بڑے اور بزرگ علماء میں ہوتا تھا۔ شاہ تہماسپ کے دور میں آپ نے ایران کی طرف ہجرت کی۔ علوم دین کے علاوہ آپ ریاضیات میں بھی بہت مہارت رکھتے تھے۔ آپ شاہ عباس صفوی کے مقربین میں شامل تھے۔ میر محمد باقر داماد کے ہم عصر تھے۔ آپ کے شاگردوں میں عزالدین حسینی کرگی عاملی، محمد ابن خاطون، شیخ محمد تقی اصفہانی، ملا محسن فیض کاشانی، محمد باقر سبزواری اور ملا صدرا جیسی جید شخصیات شامل ہیں۔ آپ کی شخصیت کا تعارف "اعلام" جلد ۶ صفحہ ۲۳۴ "اعیان الشیعہ" جلد ۹ صفحہ ۲۳۴ "عمل و عامل" جلد ا صفحہ ۱۵۵ "ادبیات" جلد ۵ صفحہ ۱۰۳۹ "ذریعہ" جلد ۵ صفحہ ۳۵۰ "ذریعہ" جلد ۹ صفحہ ۹۸۳ "روضات الجنۃ" جلد ۷ صفحہ ۶۴ "ریحانۃ الادب" جلد ۳ صفحہ ۳۰۱ "فرہنگ سخنوران" صفحہ ۹۱ اور "القاب" جلد ۲ صفحہ ۱۰۰ پر موجود ہے۔

آپ کے آثار میں لغت نامہ دہ خدا بہائی کو بہت شہرت ملی ہے۔ امام حسینؑ سے متعلق آپ کی تالیفات میں کلیات بہائی، کامل بہائی اور کشکول شامل ہیں۔

باب ”ت“

تسخیری: حجۃ الاسلام والمسلمین محمد علی تسخیری، ۱۳۲۳ ہجری میں نجف اشرف میں پیدا ہوئے۔ سنہ ۱۳۴۴ ہجری میں آپ نے نجف کی یونیورسٹی میں داخلہ لیا اور عربی زبان وعلوم اسلامی میں اعلیٰ سند حاصل کی۔ یونیورسٹی سے فارغ ہونے کے بعد نجف اشرف میں درس سطح مکمل کیا۔ آپ نے نجف میں آیت اللہ العظمیٰ سید محسن الحکیم، شیخ مجتبیٰ لنکرانی، آیت اللہ شیخ صدرا بادکوبہ، آیت اللہ العظمیٰ ابوالقاسم الخوئیؒ، اور آیت اللہ العظمیٰ شہید صدرؒ کے دروس میں شرکت کی۔ حوزۂ علمیہ قم میں آیت اللہ گلپایگانیؒ، ہاشم آملی اور آیت اللہ وحید خراسانی کے دروس میں شرکت فرمائی۔

آپ نے حوزہ میں فلسفہ، اقتصاد اور ادب کی تدریس کی اور بہت سی کتب اور مقالات لکھے۔ ہیں اس کے علاوہ مختلف یونیورسٹیوں میں طلباء کے تھیس کی نگرانی کے فرائض بھی سرانجام دیتے رہے۔

سنہ ۱۳۶۱ھ۔ ش میں آپ رابطہ بین الملل کے معاون وسرپرست مقرر ہوئے۔ آپ نے جمہوریہ اسلامی ایران کی طرف سے مختلف بین الاقوامی کانفرنسوں میں شرکت کی۔ اس کے علاوہ دفتر رہبری آیت اللہ سید علی خامنہ ای میں روابط بین الملل کے معاون بھی رہے۔ آپ نے شہید صدرؒ کے فرمان پر آقائے نعمانی کے ساتھ مل کر ایک تفسیر بھی لکھی ہے۔ بعد میں سرپرست مجمع جہانیان اہل بیت مقرر ہوئے۔ آپ مدیر ریاست وارتباطات فرہنگی بھی رہے اور

اس کے بعد مدیر مجلہ التوحید (عربی) مقرر ہوئے۔

(ماخذ: مجلہ حوزہ شمارہ ۹۳ ص ۴۹)

مجلہ التوحید (عربی) کا شمارہ ۹۴ پورے کا پورا عزاداری امام حسینؑ سے متعلق ہے۔ اس شمارہ کے صفحہ ۱۳ پر ایک گول میز کانفرس کی روداد نقل ہے جو شعائر حسینیہ پر منعقد کی گئی تھی۔ آیت اللہ سید محمد باقر الحکیم آیت اللہ شیخ ابراہیم امینی اور آیت اللہ شیخ محمد مہدی آصفی اور آیت اللہ شیخ محمد علی تسخیری اس کانفرنس کے ارکان ہیں۔

اس کانفرنس میں منجملہ دیگر امور کے عزاداری میں شامل کی گئی غیر شرعی' غیر مہذب وغیر مناسب مرسوم شعائر کی نشاندہی کی گئی ہے۔

باب "ج"

جعفر ابن حسین شوستری : جعفر ابن حسین شوستری شہر شوستر (ایران) میں سنہ ۱۳۰۳ ہجری مطابق سنہ ۱۸۸۵ء میں پیدا ہوئے۔ آپ نے زندگی نجف اشرف میں گزاری وفات کرمان شاہ کے گاؤں کرند میں وفات پائی اور نجف میں دفن ہوئے۔ پندرہ سال کی عمر سے نجف میں حصول علم کا سلسلہ شروع کیا۔ شیخ اسد اللہ کاظمینی، شیخ محمد حسین صاحب الاصول، شیخ حسن بن شیخ جعفر نجفی اور شیخ حسن صاحب جواہر رضوان اللہ علیہم آپ کے اساتید میں سے تھے۔

حضرت آیت اللہ شیخ جعفر شوستری ایک فقیہ اور مجتہد ہونے کے ساتھ ساتھ عارف، واعظ اور خطیب منبر حسینی بھی تھے۔ یہ ایک حقیقت مسلمہ ہے کہ دنیا کے ہر دانشور، عالم یا مجتہد کی تصنیفات و تالیفات اور خطبات میں بعض ایسے مسائل بھی ہوتے ہیں جنہیں وہ معاشرے میں ایک مسلمہ حقیقت کے طور پر تحریر و بیان فرماتے ہیں اور انہیں تحقیق و تدقیق سے بے نیاز سمجھتے ہوئے یونہی گزر جاتے ہیں۔ چنانچہ اہل علم و دانش کے نزدیک ایک مشہور و معروف قول یہ ہے کہ گزشتہ علماء و محققین نے مستقبل میں آنے والوں کیلئے بہت سے مسائل تحقیق و تدقیق کیلئے لکھ چھوڑے ہیں۔ بطور مثال آیت اللہ العظمیٰ محسن امین جو مجالس امامؑ میں خطباء کی دروغ گوئی سے نالاں تھے، خود انہوں نے اہل منبر حضرات کیلئے "مجالس سنیہ" کے نام سے ایک مود خطابت پیش کیا ہے۔ اس کتاب

میں انہوں نے ابن قطلبیہ سے نقل کرتے ہوئے قصہ اریب کو ایک مصدقہ واقعہ کے طور پر پیش کیا ہے جبکہ یہ قصہ ایک من گھڑت افسانہ ہے اور اس پر ہم اپنی کتاب "انتخاب مصائب" میں تفصیل کے ساتھ مدلل بحث کر چکے ہیں۔ اس عمومی رجحان سے فقیہ و مجتہد آیت اللہ شوستری بھی خارج نہیں ہیں۔ فقیہ و مجتہد ہونے اور عارف مقام حسینی ہونے کے باوجود آپکے زبان و قلم سے بھی قیام امام حسینؑ سے متعلق بعض واقعات انکی عمومی شہرت کی وجہ سے بے نیاز تحقیق سے خارج سمجھ کر بیان ہوئے ہیں ان ہی میں سے ایک قصہ دامادی حضرت قاسمؑ بن الحسنؑ ہے جس کا ذکر فرماتے ہوئے آپ کے لہجہ میں تردد اور لکنت بطور واضح و آشکار محسوس کی جاسکتی ہے۔ اس مسئلہ میں آپ فرماتے ہیں کہ ہمارے درمیان رائج رسم ازدواج یقیناً ایسی نہیں ہوا کرتی ہے لیکن یہاں یہ ایک رمز کی صورت وجود میں آئی ہے۔ آپ کا یہ جملہ خود اس بات کی دلیل ہے کہ اس قصہ کے عوام میں انتہائی فروغ کے سبب آپ اسے مسترد نہیں کر سکے ہیں۔ حالانکہ موازین عقل سے خارج ہونے کی بناء پر اسے من و عن تسلیم بھی نہیں کر سکتے ہیں۔ ذکر و بیان کا یہ شیوہ آج کے فقہاء و مجتہدین اور علماء کے درمیان بھی رائج ہے اور آج بھی کئی محترم ہستیاں قیام حسینی سے متعلق کتنی ہی باتیں مقبول العام ہونے کی بناء پر خارج از تحقیق سمجھتے ہوئے یونہی کہہ کر گزر جاتی ہیں۔

آپ کے بہت سے قلمی آثار موجود ہیں۔ قیام مقدس امام حسینؑ پر "خصائص الحسینیہ" اور "فوائد المشاہد" آپ کی لکھی ہوئی کتابیں ہیں۔ اس کے علاوہ آپ کے آثار میں سے ایک "مجالس عاشورا" ہے جسکا اردو ترجمہ "مجالس امام حسینؑ" کے نام سے دار الثقافۃ اسلامیہ پاکستان نے نشر کیا ہے۔

آپ کی شخصیت اور حالات زندگی کے بارے میں درج ذیل کتابوں میں ذکر ہے:

اعلام۔ ج دوم۔ ص ۱۱۷ 'اعیان الشیعہ ص ۹۵' ذریعہ۔ ج ۱۶۔ ص ۳۵۹ 'رجال۔ ج اول۔ ص ۴۰ 'ریحانۃ الادب۔ جلد ۳۔ ص ۲۵۹ 'طبقات اعلام الشیعہ جلد اول۔ ص ۲۸۵ 'لغت نامہ دہخدا' معجم مؤلفین۔ ج ۳ ص ۱۳۷ 'مکارم الآثار۔ ص ۳۳۹۔

(ماخذ: نقل از فرہنگ اسلام و ایران۔)

جواد آملی

دور حاضر کے حکیم و فیلسوف' مفسر و

عارف' حضرت آیت اللہ جواد آملی کی شخصیت نوابغ الزماں میں شمار ہوتی ہے۔ آپ کے حکمت' فلسفہ و عرفان پر عبور ہونے' بڑی سے بڑی شخصیات سے منطق واستدلال کے ساتھ گفتگو کرنے کی اعلیٰ صلاحیت رکھتے ہیں۔ اسی بنا پر امام خمینیؒ نے آپ کو کفر والحاد واستبداد کے مرکز دوم ماسکو میں روس کے سربراہ کے نام اسلام کے آفاقی پیغام رسانی کا مسئول بنایا۔ آپ نے بعد میں امام کے اس پیغام کی تشریح و تفسیر فرما کر اسے آواز توحید کے نام سے نشر بھی کیا۔

۱۹۹۹ء میں اقوام متحدہ میں مذاہب و ادیان پر گفتگو کیلئے ایک سیمنار منعقد ہوا تھا۔ رہبر معظم آیت اللہ علی خامنہ ای نے اس سیمنار میں اپنا پیغام پڑھ کر سنانے کیلئے آپ ہی کو منتخب کیا تھا۔

آیت اللہ جواد آملی کی پر مغز شخصیت پر ہم جیسے بے بضاعت انسان کا قلم اٹھانا ان ایسا ہے جیسے کوئی جاہل و ناداں انسان کسی عالم کے علم کی تعریف کرے۔

اسوقت دنیا میں قابلیت وصلاحیت کے مالک سینکڑوں انسان آپ کے فلسفہ و حکمت اور عرفان و سلوک جیسے موضوعات پر دیئے گئے دروس سے مستفید ہو رہے ہیں۔ آجکل آپ قرآن کریم کی بیک وقت دونوں زاویوں سے تفسیر یعنی تفسیر ترتیبی و تفسیر موضوعی مرتب کرنے میں مصروف و مشغول ہیں۔

آپ علوم میں بلند پایہ اور عالی مرتبت ہونے کے باوجود سنت حوزہ سے ہٹ کر' خطیب منبر حسینی بھی ہیں۔ قیام امام حسینؑ پر آپ نے ایک کتاب "حماسہ و عرفان" کے نام سے تصنیف فرمائی ہے جس کا ترجمہ حجۃ الاسلام والمسلمین الحاج سید جواد نقوی نزیل حوزۂ مقدسہ قم' آپ کے شاگرد نے اردو ترجمہ کیا اور رحمۃ اللہ بک ایجنسی کراچی نے نشر کیا ہے۔

جعفر نقدی

شیخ جعفر بن حاج نقدی کے والد کرنسی کا کام کرتے تھے' اس وجہ سے آپ نقدی کے نام سے معروف ہوئے۔ آقائے بزرگ تہرانی کا کہنا ہے کہ آپ بہت بڑے عالم ہونے کے ساتھ ساتھ ادیب وشاعر بھی تھے۔ آپ چودہ رجب سنہ ۱۳۰۳ ہجری کو عراق کے شہر عمارہ میں پیدا ہوئے۔ آپ علم و ادب سے بہت شوق و شغف رکھتے تھے۔ چنانچہ آپ کے والد نجف ہجرت کر گئے تاکہ آپکے اس شوق کی تکمیل ہو سکے۔ نجف میں قیام کے دوران آپ نے اس

دور کے عظیم فقہاو مجتہدین مثلاً سید کاظم ملا کاظم خراسانی' سید ھبۃ الدین شہرستانی' سید احمد کاشف الغطاء وغیرہ سے کسب فیض کیا۔

سنہ ۱۳۳۴ ہجری میں آپ واپس اپنے شہر عمارہ آگئے۔ اسکے بعد آپ بغداد کے محکمہ شرعیہ کی طرف سے کبھی بصرہ میں اور کبھی کربلا میں حاکم شرع کی حیثیت سے منصب قضاوت پر فائض رہے۔

آپ کئی کتابوں کے مؤلف ہیں۔ ہمارے موضوع کی مناسبت سے آپکی کتابیں "فاطمہ بنت الحسینؑ" اور "زینب الکبریٰؑ" آپ کے آثار حسینی میں سے ہیں۔ آپ کی کتاب "زینب الکبریٰؑ" اس موضوع پر لکھی گئی بہترین کتاب شمار ہوتی ہے۔ آپ نے ۷ یا ۹ محرم ۱۳۷۰ ہجری کو کاظمین میں وفات پائی۔

باب ''ح''

حسین علی راشدی: شیخ حسین علی بن شیخ عباس تربتی کا تعلق خراسان کے ایک گاؤں 'تربت حیدریہ سے تھا۔ آپ کے والد شیخ عباس تربتی 'عالم و خطیب تھے۔ آپ نے ابتدائی علوم عربی 'فارسی اور ادب تربت حیدریہ ہی میں حاصل کئے۔ ابتدائی علوم حاصل کرنے کے بعد ۱۸ سال کی عمر میں مشہد ہجرت کی۔ وہاں علم معانی و بیان مرزا عبدالجواد بالادیب 'معروف نیشاپوری سے پڑھا۔ فقہ و اصول کے دروس سید مرزا محمد باقر رضوی' مدرس بزرگ الشاہرودی 'سید جعفر شرستانی اور شیخ محمد النھاوندی سے لئے۔ کتاب الاسفار ملا صدرا سے اور شرح الاشارات رئیس ابن سینا' آغا بزرگ الشہیدی سے پڑھی۔ درس خارج اخوند المولی محمد کاظم الخراسانی 'الحاج آغا حسین القمی' میرزا مھدی الاصفہانی اور شیخ موسی الخوانساری سے حاصل کیا۔

سنہ ۱۳۵۰ ہجری میں نجف تشریف لے گئے۔ وہاں میرزا محمد حسین نائینی سے اصول کا درس لیا اور فقہ الشہید الشیعہ ابوالحسن الموسوی الاصفہانی سے پڑھی۔ نجف میں مختصر قیام کے بعد واپس ایران آگئے۔ سنہ ۱۳۵۲ ہجری سے خطابت پر زیادہ توجہ دینا شروع کیا اور اسمیں کافی شہرت بھی حاصل ہوئی۔ اپنی سلاست زبان 'خوش بیانی اور حسن بیان کی وجہ سے کافی مقبول ہوئے۔ سنہ ۱۳۵۴ ہجری سے تہران میں مستقل رہائش اختیار کرلی۔ درس و تدریس کے علاوہ اخبارات و مجلات میں

مختلف موضوعات پر مقالات بھی لکھتے رہے۔بعد میں تہران میں قائم پارلیمنٹ کی لائبریری کے انچارج مقرر ہوئے۔ اسی دوران آپ نے ایک کتاب ''دو فیلسوف شرق و غرب'' لکھی۔ سنہ ۱۳۶۰ ہجری میں تہران ریڈیو نے آپ کو امام حسینؑ کی حیات اور قیام کے موضوع پر خطاب کی دعوت دی۔ نویں' دسویں اور گیارہویں محرم کی ان تقریروں سے آپکو اچھی شہرت حاصل ہوئی۔ اس کے بعد سے آپ بطور دائم ہر جمعہ کو ریڈیو سے خطاب کرنے لگے۔ آپ کی تقریروں میں ایک خاص اثر ہوا کرتا تھا۔بعد میں ریڈیو تہران سے آپ کے خطبات کو پانچ جلدوں میں ''سخن رائی راشد'' کے نام سے شائع بھی کیا۔ آپ نے ۱۴۰۰ ہجری میں وفات پائی۔

(ماخذ := الحسین والحسینیون۔ ص ۲۷۹)

باب ”خ“

خامنہ ای : حضرت آیت اللہ العظمیٰ سید علی خامنہ ای سنہ ۱۹۳۹ء میں شہر مشہد مقدس جوار ثامن الائمہ میں پیدا ہوئے۔ آپ کے والد گرامی سید جواد خامنہ ای اپنے زمانے میں مشہد مقدس کے معروف مجتہدین میں شمار ہوتے تھے۔ پانچ سال کی عمر میں ابتدائی تعلیم کا آغاز کیا۔ سولہ سال کی عمر میں درس حوزہ شروع کیا۔ مدرسہ سلیمان خان اور مدرسہ نواب صفوی میں دروس سطحی کو پایہ تکمیل تک پہنچایا۔ سنہ ۱۹۵۲ء سے سنہ ۱۹۵۶ء کے دوران حضرت آیت اللہ العظمیٰ سید عبدالہادی میلانی جو اس وقت مشہد مقدس میں اپنے دور کے معروف مرجع تھے' ان کے درس خارج میں شرکت فرمایا کرتے تھے اور ساتھ ہی سطحی دروس کی تدریس بھی فرماتے تھے۔ سنہ ۱۹۵۸ء میں مشہد مقدس سے حوزۂ علمیہ قم منتقل ہو گئے' جہاں آپ آیت اللہ العظمیٰ سید عبدالحسین بروجردی' آیت اللہ العظمیٰ امام خمینیؒ' آیت اللہ شیخ مرتضیٰ حائری اور آیت اللہ سید محمد حسین طباطبائی کے دروس میں شرکت فرماتے تھے۔ بعد میں نجف اشرف تشریف لے گئے جہاں آپ آیت اللہ العظمیٰ سید محسن الحکیم طباطبائی اور آیت اللہ العظمیٰ سید محمود شاہرودی کے دروس میں شرکت فرماتے رہے۔ سنہ ۱۹۷۵ء میں نجف اشرف سے واپس مشہد مقدس تشریف لے آئے۔ انقلاب اسلامی کے کامیاب ہونے کے بعد رہبر انقلاب کی طرف سے آپ طہران میں امام جمعہ مقرر

ہوئے۔ انقلاب کے بعد دو مرتبہ جمہوریہ اسلامی کے صدر منتخب ہوئے۔ امام خمینیؒ کی رحلت کے بعد آپکے اجتہاد کو مسلم الثبوت طور پر تسلیم کیا گیا اور آپ رہبر انقلاب کے منصب کیلئے منتخب ہوئے۔ البتہ اکابر و بزرگ فقہاء و مجتہدین مثلاً آیت اللہ العظمیٰ شیخ محمد علی اراکیؒ اور آیت اللہ العظمیٰ محمد رضا گلپایگانیؒ جیسی ہستیوں کی موجودگی میں آپ مرجع تقلید کے منصب میں مداخلت کرنے سے گریز کرتے رہے۔

آیت اللہ العظمیٰ گلپایگانیؒ کی رحلت کے بعد اطراف واکناف عالم سے مسائل شرعی' فقہی وفکری میں آپ کی طرف کثرت مراجعت کی بنیاد پر سوالات واستفتاء کا سلسلہ شروع ہو گیا۔ آپ نے ان سب کا جواب دینا شروع کیا اور کچھ ہی عرصہ میں یہ جوابات ایک ضخیم کتاب کی شکل اختیار کر گئے جسے جواب استفتاء کے نام سے مقلدین کی سہولت کی خاطر دفتر رہبری نے نشر کیا۔

جہاں تک ہماری اس کتاب کا آپ کے اسم گرامی سے نسبت کا تعلق ہے وہ قیام مقدس امام حسینؑ ہے۔ موجودہ دور میں قیام مقدس امام حسینؑ پر دقیق ترین نکات کی موشگافی کرنے اور اس کا باریک ترین تجزیہ و تحلیل کرنے والی شخصیات میں آپ سر فہرست ہیں۔ عزاداری امام حسینؑ کے سلسلہ میں معاشرہ رائج عمل رسومات کے خلاف آپ کے جرأتمندانہ فتوے اور حکم پر مشتمل خطاب کو "فلسفۂ عزاداری وقیام امام حسینؑ" کے نام سے دار الثقافۃ الاسلامیہ پاکستان پہلے ہی قارئین کی خدمت میں پیش کر چکا ہے۔ علاوہ ازیں آپکے دو اور خطاب جو قیام مقدس امام حسینؑ سے متعلق ہیں" "عبر تہائے عاشورا" اور "رسالہ خواص" کے نام سے معروف ہیں۔ اول الذکر خطاب امام کے قیام سے حاصل ہونے والے درس سے متعلق ہے جبکہ موخر الذکر خطاب میں اس نکتہ کو سمجھایا گیا ہے کہ حادثہ کربلا کے وقوع پذیر ہونے کی سب سے بڑی وجہ معاشرہ کے بااثر اور باحیثیت افراد کا کردار ہے۔ ان دونوں خطابات کا اردو ترجمہ زیر طبع ہے اور انشاء اللہ عنقریب عزاداری امام حسینؑ کے بارے میں تشنگان تحقیق کی خدمت میں پیش کیا جارہا ہے۔

خلیفہ بن خیاط

ابو عمر خلیفہ بن خیاط بن ابی ھبیرہ سنہ ۱۶۰ ہجری سے سنہ ۲۴۰ ہجری کے دوران ہوتے تھے۔ یہ بصرہ میں رہتے تھے۔ اس دوران

بصرہ مرکز فرہنگ عربی واسلامی تھے اس دور میں محدثین مورخین یہاں رہتے تھے۔ یہاں کے لوگ ابتداء عقیدہ کے لحاظ سے عثمانی العقیدہ تھے یعنی عثمان کو مظلوم گردانتے تھے۔ خیاط کے استاد حدیث تاریخ میں عثمان کی طرف جھکاؤ رکھتے تھے۔ ان سے سند لینے والوں میں یزید بن ذریع غندر، اسماعیل بن سنان، وطاۃ بن حسین نبانی بکار بن عبداللہ اور بصری بن حانی بصری وغیرہ شامل تھے۔ صاحب بخاری بھی ان سے حدیث لیتا ہیں۔ خود خلیفہ بن خیاط محمد بن اسحاق یعقوبی متوفی سنہ ۱۵۱ ہجری اور عبداللہ بن مغیرہ سے حدیث نقل کرتے تھے۔

آپ کتاب "تاریخ خلیفہ خیاط" کے مصنف ہیں۔ اس کتاب کے صفحات ۱۴۱ تا ۱۴۶ امام حسینؑ سے متعلق ہیں۔

باب "د"

دربندی: شیخ آغا بن عابد بن رمضان بن زاہد شیروانی شہید دربندی 'فقہ واصول' حدیث و رجال اور علم معقولات میں عالم بزرگ تھے۔ انھوں نے فقہ کی تعلیم شیخ جعفر کاشف الغطاء سے حاصل کی تھی جبکہ کربلا میں شریف العلماء مازندرانی کے پاس اصول پڑھا تھا۔ اس کے علاوہ حائر حسینی میں چند سال گزارے تھے۔

دربندی امر و نہی کرنے میں بڑی ہمت سے کام لیتے تھے۔ امام حسینؑ کے بارے میں انتہائی محبت و خلوص رکھتے تھے۔ اُن کے نفس پر واقعہ کربلا کا بڑا اثر تھا۔ کربلا کے بیان کے موقعہ پر نوحہ 'درد والم اور فریاد و حزین بہت زیادہ کرتے تھے۔ شیخ محسن امین اپنی کتاب "اعیان الشیعہ" میں ان کے بارے میں لکھتے ہیں کہ: دربند قزوین کے نزدیک مدینہ شیروان کا ایک گاؤں ہے۔ وہاں سے وہ طلب علم کیلئے نکلے' بابیوں (بہائیوں) سے کربلا میں مقابلہ کیا' پھر جاکر تہران میں ناصر الدین شاہ کے پاس پناہ لی۔ وہ لوگوں کو وعظ و نصیحت زیادہ کرتے تھے۔ روزِ عاشورا منبر پر جاتے تھے اور مقتل حسینؑ ذکر کرتے تھے۔ خود روتے اور سر پیٹتے تھے 'لوگ ان کے رونے سے متاثر ہو کر رونے لگتے تھے۔ اپنے کپڑوں پر کیچڑ ملتے' مٹی ڈالتے اور سر پر بھوسہ ڈالتے تھے۔

انھوں نے مرتے وقت وصیت کی کہ میرے جسم کو کربلا میں دفن نہ کرنا۔ جب اس بارے میں ان سے تعجب کے ساتھ پوچھا گیا تو بولے: "کربلا جنت کا ایک قطعہ

ہے'جو اس میں داخل ہوگا' وہ جنت میں داخل ہوگا۔ میں نہیں چاہتا کہ سیدھا جنت میں جاؤں' میں چاہتا ہوں کہ تھوڑی دیر محشر میں رہوں تاکہ قاتلانِ حسینؑ کو جہنم میں جاتا دیکھ لوں اور مجھے تسلی ہو جائے"۔

ان کی تصنیفات میں سے ایک "اکسیر العبادات فی اسرار الشہادۃ" ہے جو بعد میں "اسرار الشہادۃ" کے نام سے معروف ہوئی۔ یہ کتاب عربی میں ہے۔ بعد میں اسکا فارسی میں ترجمہ کیا گیا۔ اس کتاب میں واقعۂ کربلا کو بیان کرنے میں اتنے مبالغہ اور غلو سے کام لیا گیا ہے کہ اگر اس میں موجود تمام مندرجات کو صحیح گردانا جائے تو بیشتر واقعات' عقل ونقلِ مسلّمہ سے متصادم ہونے کی بنا پر افسانہ نظر آئینگے۔

اسلئے ضروری ہے کہ واقعۂ کربلا کے بارے میں تحقیق کرنے والے کتاب کے مضمون اور مؤلف کے علم کے ساتھ ساتھ اسکی نفسیات اور دیگر چیزوں کے توازن کا بھی خیال رکھیں۔ موصوف کا یہ کہنا کہ میں سیدھا جنت جانا نہیں چاہتا' خود اس بات کی دلیل ہے کہ انکے علم اور ایمان میں توازن کا فقدان تھا۔

ان کی ایک اور کتاب "سعادات ناصری" ہے' جو دراصل فارسی زبان میں مقتل ہے۔ یہ کتاب انہوں نے سلطان ناصر الدین قاچار کے نام سے تالیف کی ہے۔ ایک اور کتاب "جواہر الایقان" ہے' یہ بھی فارسی میں مقتل ہے۔

دربندی نے سنہ ۱۲۸۶ ہجری میں تہران میں وفات پائی۔ چھ مہینے تک ان کے جنازے کو امانت کے طور پر رکھا گیا' پھر کربلا لے جایا گیا اور چھوٹے صحن میں جو صحن حسینی سے ملا ہوا ہے' دفن کر دیا گیا۔ لیکن اب ان کی قبر کا وہاں کوئی نشان موجود نہیں ہے۔

(ماخذ: الحسین والحسینیون صفحہ ۱۴۲)

باب "ذ"

ذیشان حیدر جوادیؒ: حجۃ الاسلام والمسلمین علامہ سید ذیشان حیدر فرزند رشید مرحوم علامہ جوادی ۲۲/رجب المرجب ۱۳۵۷ھ مطابق کیم اکتوبر ۱۹۳۸ء میں ضلع الہ آباد' ہندوستان میں پیدا ہوئے۔ آپ نے ابتدائی تعلیم کا آغاز اپنے آبائی گاؤں الہ آباد کے پرائمری اسکول' مدرسہ امجدیہ سے کیا۔ پرائمری تعلیم کے بعد دینی تعلیم کے حصول کے شغف کی بنا پر مدرسہ ناظمیہ لکھنؤ میں داخلہ لیا۔ وہاں سے فارغ التحصیل ہونے کے بعد سنہ ۱۹۵۵ء میں حوزہ علمیہ نجف اشرف تشریف لے گئے۔ سنہ ۱۹۶۱ء میں آپ نجف اشرف سے ہندوستان واپس تشریف لائے۔ سنہ ۱۹۶۲ء میں دوبارہ نجف کی طرف مراجعت فرمائی۔ اس دفعہ آپ نے نجف اشرف کے نامور آیات عظام کے دروس خارج میں شرکت کی۔ ان میں سرفہرست شہید آیت اللہ اسد اللہ مدنی' شہید آیت اللہ سید محمد باقر الصدرؒ' آیت اللہ العظمیٰ سید ابوالقاسم الخوئیؒ اور آیت اللہ العظمیٰ سید محسن الحکیمؒ ہیں۔

سنہ ۱۹۶۲ء میں جب مرحوم دوبارہ نجف اشرف تشریف لائے تو خوش قسمتی سے ان دنوں ہمیں بھی وہاں قیام کرنے کا شرف حاصل تھا۔ چنانچہ ایک مختصر عرصہ کے لئے ہی سہی' ہمیں بھی آپ سے کسب فیض کا موقعہ ملا۔ اس حوالہ سے آپ ہمارے اساتیذ بزرگوار ان میں شامل ہیں۔ سنہ ۱۹۶۲ء سے ۱۹۶۵ء تک آپ نے

متذکرہ بالا آیات عظام کے حلقہ دروس میں شرکت فرمائی۔ یوں آپ حصول علم کے تسلسل کو جاری رکھتے ہوئے اپنے سرمایۂ علمی میں اضافہ فرماتے رہے۔ ۱۹۶۵ء میں مستقل طور پر ہندوستان واپس آگئے۔ ۱۹۷۹ء سے ۱۹۹۸ء کے دوران آپ نے ابوظہبی میں قیام فرمایا۔ اس دوران آپ ابوظہبی کے علاوہ امارت کے دیگر علاقوں میں مقیم پاک وہند سے تعلق رکھنے والے مومنین کیلئے بھی مرکز کسب فیض رہے۔

آپ علمائے پاک وہند میں ایک عالم باعمل اور دینی حلقوں میں پسندیدہ خطیب و واعظ کی حیثیت سے پہچانے جاتے تھے۔ یہ اعزازات آپ کے معمول و مشہور فریضۂ منصبی میں شمار ہوتے ہیں۔ اسکے ساتھ ساتھ آپ کثیر تصانیف وتالیفات کے بھی مالک ہیں۔ آپ کی کتابوں کو دو حصوں میں تقسیم کیا جاسکتا ہے۔ ایک سلسلہ ترجمہ کا ہے جس میں آپ نے بڑی واجب الذکر کتب کا ترجمہ فرمایا ہے۔ ان کتابوں کے توسط سے مسلمانان برصغیر کو مفکرِ جامع واصیل اسلامی حضرت آیت اللہ شہید محمد باقر الصدرؒ سے وصل کا شرف حاصل ہوا۔ آپ ہی کے توسط سے اس خطے کے مسلمانوں نے شہید صدرؒ کی شخصیت اور افکار سے آگاہی حاصل کی۔

ہماری اس کتاب کے موضوع سے مولانا موصوف کی مناسبت کی بنیاد حضرت امام حسینؑ کی شخصیت اور آپؑ کے عظیم انقلاب کے بارے میں مولانا کے وہ آثار ہیں جو آپ نے اپنے پیچھے چھوڑے ہیں۔ دورحاضر کے فیوضات میں سے ایک فیض، آڈیو اور ویڈیو کی صورت میں ضبط اصوات و مناظر ہیں۔ چنانچہ خطیب منبر حسینؑ ہونیکی حیثیت سے آپ کی تقریروں پر مشتمل ہزاروں کیسٹیں موجود ہیں، جو ایک عظیم سرمایہ ہیں۔ مگر اسکے باوجود کتاب کی اہمیت بہر حال اپنی جگہ مسلم ہے۔

آپ نے جو کتابیں قیامِ امام حسینؑ سے متعلق تحریر فرمائی ہیں ان میں "قمر بنی ہاشم ابوالفضل العباسؑ" آپ کی ابتدائی تالیفات میں شمار ہوتی ہے۔ اس موضوع پر آپکی حالیہ دور کی کتابوں میں "ہماری عزاداری قرآن وسنت کے آئینہ میں" ایک قابل الذکر کتاب ہے۔ یہ کتاب اصل میں مرحوم آیت اللہ عبدالحسین امینی کی تصنیف ہے جسکا آپ نے اردو میں ترجمہ فرمایا ہے۔ اس کتاب کے مقدمہ میں آپ نے برصغیر

میں موجود مراسم عزاداری پر وارد اعتراضات کے جوابات پیش کئے ہیں۔ البتہ اپنی دیگر کتب مثلاً "نقوش عصمت" وغیرہ میں مولانا مرحوم ان اختلافی مسائل کے بارے میں ایک ہلکا سا اشارہ کرکے یہ کہتے ہوئے گزر گئے ہیں کہ "انھیں علماء نے ضعیف گردانا ہے"۔ مرحوم قیام امام حسینؑ اور مراسم عزاداری کے موضوع پر اپنے نظریات کو واضح اور دو ٹوک انداز میں پیش کرنے سے ہمیشہ گریز فرماتے تھے گرچہ انھیں جوں کا توں رکھنے کے حق میں نہیں تھے اور ہو بھی کیونکر سکتے تھے جبکہ یہ چیزیں نہ اصول میں ہیں نہ فروع میں۔ اپنی اس حکمت عملی کی بنیاد آپ ملت کے مزاج میں عدم تحمل کو قرار دیتے تھے۔

الغرض اپنے قلم وزبان سے تشیع، بالخصوص امام مظلوم حسینؑ ابن علیؑ کی خدمت کے تسلسل کو جاری رکھتے ہوئے یہ عظیم الشان شخصیت بروز ہفتہ ۱۴۲۱ھ کو ابو ظہبی میں روز عاشور کی مجلس سے خطاب کرنے کے بعد جوار رحمت رب میں اس ذات باری کے دیگر اولیاء سے ملحق ہو گئی۔ خدا انکی روح پُر فتوح کے درجات کو بلند فرمائے۔ (آمین)

باب ''س''

سید مرتضیٰ علم الہدیٰ: اعیان الشیعہ جلد ۸ صفحہ ۲۱۳ کے مطابق آپ سنہ ۳۵۵ ہجری قمری میں بغداد میں پیدا ہوئے۔ آپ کا سلسلۂ نسب پانچ واسطوں سے ہوتا ہوا امام موسیٰ بن جعفر سے ملتا ہے۔ آپ کی کنیت علم الہدیٰ اور لقب ابو الثمانی ہے۔ آپ کو شریف مرتضیٰ بھی کہتے ہیں۔

آپ مذہب امامیہ کے علومِ عقلی و نقلی دونوں میدانوں میں اپنے دور کے فقید المثال علماء میں سے تھے۔ علم و ادب، کلام اور تفسیر میں آپ اپنے دور کے فرد شاخص تھے۔ کتاب ''مروج الذہب'' میں آپ کو چوتھی صدی کا نامور عالم اور مجدد قرار دیا گیا ہے۔

آپ تیس سال تک امیر حجاج، نقیب اشراف اور قاضی و مرجع شکایات محرومین رہے۔ علامہ حلی اپنی کتاب ''خلاصہ'' میں آپ کو ''رکن امامیہ'' اور ''معلم امامیہ'' کے نام سے یاد کرتے ہیں۔ آپ کی شخصیت شیعہ و سنی دونوں فرقوں کے علماء کے نزدیک مسلّمہ تھی۔ آپ کی بہت سی تالیفات ہیں۔ ہماری کتاب کے موضوع کے مناسبت سے آپ کی ایک معرکۃ الآراء تالیف ''تنزیہ الانبیاء'' ہے جسے آپ نے انبیاء کی عصمت پر وارد اشکالات کے رد میں لکھا ہے۔ آپ نے اس کتاب میں قیام مقدس ابی عبداللہ کو ایک قیام سیاسی اور برازیابیٔ خلافتِ آل محمدؐ کی کوشش گردانا ہے۔

(ماخذ: مکتب اسلام، سال ۲۵، شمارہ ۴، ۱۳۶۴ ہجری شمسی، صفحہ ۲۴)

سید علی نقی

سید العلماء آیت اللہ سید علی نقی فرزندِ

سید ابوالحسن صاحب۔

آپکا شمار ہندوپاک کے ان جید و ممتاز علماء میں ہوتا ہے جو درجہ اجتہاد پر فائز تھے۔ آپ ۲۶ رجب سنہ ۱۳۲۳ ہجری کو لکھنؤ میں پیدا ہوئے۔ سنہ ۱۳۲۷ ہجری میں آپ اپنے والد گرامی کے ساتھ عتبات عالیہ عراق کی طرف روانہ ہوئے۔ اس وقت آپ کی عمر تین یا چار سال تھی۔ اس کم عمری میں عرب ملک میں رہنے کی وجہ سے آپکو عربی زبان پر مکمل عبور حاصل ہو گیا تھا۔ آپ نے چند کتابیں عربی میں بھی لکھی ہیں۔ اسکے علاوہ بعض عربی رسالوں اور مجلوں میں آپ کے مضامین بھی چھپتے رہے ہیں۔ سنہ ۱۳۵۰ ہجری میں آپ نجف اشرف سے واپس غیر منقسم ہندوستان تشریف لائے۔ واپس آنے کے بعد علی گڑھ یونیورسٹی میں صدر شعبہ دینیات نامزد ہوئے۔ سنہ ۱۹۷۲ عیسوی میں اس ملازمت سے ریٹائر ہو گئے۔ آپ نے لاہور میں امامیہ مشن کی بنیاد رکھی۔ ہماری اس کتاب کی مناسبت سے آپ کی خدمات یہ ہیں:

سنہ ۱۳۵۱ ہجری میں آپ نے "قاتلان امام کا مذہب" کے نام سے ایک کتاب لکھی۔ سنہ ۱۳۶۱ ہجری میں واقعہ کربلا کے تیرہ سو سال پورے ہونے کی مناسبت سے آپ نے دنیا کی تمام اقوام و ملل کو واقعۂ کربلا سے روشناس کرانے کیلئے ایک بین الاقوامی یادگار حسینی کی بنیاد ڈالی جس کے زیر اہتمام دنیا بھر میں کئی مقامات پر یادگار حسینی کے نام سے جلسے منعقد ہوئے۔ اسی مناسبت سے آپ نے ایک کتاب "شہید انسانیت" کے نام سے تصنیف کی جو ہندوپاک میں خاصی مقبول ہے اور کئی مرتبہ چھپ چکی ہے۔

آپ کی تیسری کتاب "الحسن و الحسین قاما او قعدا" عربی میں ہے۔ آپ قیام حسینی کو سیاسی قیام گرداننے کے مخالف تھے بلکہ اسے ایک خاندانی کشمکش کا نتیجہ سمجھتے تھے یعنی آپکے نزدیک یہ واقعہ بنو ہاشم اور بنو امیہ کے مابین خاندانی اختلاف کا نتیجہ تھا۔ آپ کی کتاب "شہید انسانیت" میں کربلا میں شب عاشور خیام حسینی میں پانی ہونے کے دعویٰ پر غیر منقسم ہندوستان میں آپ کے خلاف محاذ کھول دیا گیا۔ اس دوران ادب کے تمام اصول و ضوابط پامال کیے گئے۔ اس مسئلہ کو بنیاد بنا کر آپکی ذات کے خلاف مہم شروع کی گئی طرح طرح کی تہمتیں لگائی گئیں اور نازیبا الفاظ استعمال کیے گئے۔ یہ معلوم نہیں ہو سکا کہ آیا آپکی تحقیقی فکر آپ کی اسقدر مخالفت کا سبب بنی یا پھر

خاندانی اور معاشرتی مسائل کو ابھارنے والے غرض مندوں کو اس بات نے اپنے مقاصد حاصل کرنے کا موقع فراہم کیا۔

(ماخذ: مقدمہ کتاب تفسیر فصل الخطاب)

سید باقر الحکیم

آیت اللہ سید باقر حکیم، مرجع کبیر آیت اللہ سید محسن حکیمؒ کے جلیل القدر فرزند ہیں۔ آپ شہید باقر الصدرؒ کے برجستہ شاگرد تھے اور آج تک ان کے افکار و نظریات کے فروغ میں پیش پیش ہیں۔ خود شہید صدر کی تعبیر کے تحت آپ ان کے معاون و مددگار اور دست و بازو تھے۔

تحریک اسلامی کے سرخیل کاروان اور شہید صدرؒ کے دست و بازو ہونے کی وجہ سے آپ کئی بار عراقی حکومت کے ہاتھوں گرفتار ہوئے اور عنایت و مشیت الٰہی کے تحت رہائی بھی نصیب ہوئی۔ بالآخر سرزمین عراق سے ہجرت کر کے ایران اسلامی میں آنے میں کامیاب ہوئے۔ ایران پہنچنے کے بعد مجلس اعلیٰ اسلامی عراق کے امین عام منتخب ہوئے اور امام خمینیؒ کے مورد تائید و نظر رہے۔

آپ ایک عرصے سے تصنیف و تالیف کے میدان میں موجود ہیں۔ مختلف اخباروں اور مجلوں میں اسلامی موضوعات پر مقالے پیش کرتے ہیں۔ ایران اسلامی میں بہت کم ایسے فکری مجلے ہونگے جن میں آپ کا کوئی مضمون شائع نہ ہوا ہو۔ آپکی نظر میں قیام مقدس امام حسینؑ ایک انتہائی اہم موضوع ہے۔ آپ مراسم عزاداری میں اصلاح کے شدت سے خواہاں ہیں۔ آپ کا شمار مصلحین عزاداری میں ہوتا ہے۔ اس سلسلے میں آپ کی قلمی تراوش کے اثرات مجلہ "ثقلین"، "تقریب المذاهب" اور عربی مجلہ "رسالۃ الاسلام" بغداد میں دیکھے جا سکتے ہیں۔ آپ نے اس موضوع پر ایک مستقل کتاب "ثورۃ الحسین و اہدافہ" کے نام سے تصنیف فرمائی ہے۔

سید علی بن طاؤس

آل طاؤس کا تعلق عراق کے ایک محترم خاندان سے ہے۔ یہ بنو عباس کی حکومت کے آخری دور میں منصب نقابت اور زعامت پر فائز تھے۔ مغلیہ دور میں بھی حکومت میں رہے۔ یہ خاندان زیادہ تر فقہ و شریعت سے متعلق تصنیف و تالیف میں مصروف رہتا تھا۔ اس خاندان کی بڑی ہستیوں میں سے سید رضی الدین علی ابن سعد الدین اور موسیٰ ابن جعفر معروف بہ ابن طاؤس گزرے ہیں۔ ان کا سلسلۂ نسب

حسن شئی پر منتہی ہوتا ہے۔

علی بن طاؤس شہر حلہ میں سنہ ۵۸۹ ہجری میں پیدا ہوئے۔ آپ نے جن بزرگ علماء و فقہاء سے علم حاصل کیا ان میں محمد ابن نمائے حلی، تاج الدین حسن ابن علی دربی وغیرہ شامل ہیں۔ ان بزرگوں سے جن دوسری معروف ہستیوں نے استفادہ کیا ان میں حسن ابن یوسف معروف بہ علامہ حلی بھی شامل ہیں۔ سید ابن طاؤس اپنی جوانی کے عالم میں بغداد چلے گئے تھے۔ مُستنصر علیہ نے انہیں بہت کچھ دیا۔ اس کے بعد وہ نجف منتقل ہو گئے بعد از آں کربلا گئے اور پھر دوبارہ نجف مراجعت فرمائی۔ جب ہلاکو نے بغداد پر قبضہ کیا تو علماء سے پوچھا گیا آیا سلطان کافر عادل بہتر ہے یا سلطان مسلم جائر؟ اس مسئلہ کے جواب کیلئے علمائے کرام مدرسہ مستنصریہ میں جمع ہوئے۔ اس موقعہ پر سب نے فتویٰ دینے سے انکار کیا۔ علی ابن طاؤس بھی اس مجلس میں حاضر تھے۔ انہوں نے جب دیکھا کہ علماء جواب دینے سے انکار کر رہے ہیں تو فتویٰ دیا کہ سلطان کافر عادل، مسلمان ظالم سے بہتر ہے، جسے سب نے قبول کیا۔ اسطرح سے انہوں نے لوگوں کی جان و مال، ناموس اور خون کو تحفظ فراہم کیا۔

سید علی ابن طاؤس نے ۵ ذی القعدہ سنہ ۶۶۴ ہجری کو وفات پائی۔ آپ نے بہت سی کتابیں لکھی ہیں۔ قیام امام حسینؑ سے متعلق آپ کی کتاب "اللہوف علی قتل الطفوف" پہلی کتاب ہے جو امام حسینؑ اور اصحاب امام حسینؑ پر لکھی گئی ہے۔ یہ کتاب دیگر مقاتل کے مصادر میں شمار ہوتی ہے۔

(ماخذ: الحسین والحسینیون۔ تالیف نور الدین شاہرودی صفحہ ۹۴)

سید حسن شیرازی

آیت اللہ شہید سید حسن ابن میرزا مھدی حبیب اللہ حسینی شیرازی، عالم جلیل القدر، مفکر، مؤلف اور محقق تھے۔ آپ میرزا محمد حسن شیرازی مجدد کے گھرانے سے تعلق رکھتے تھے جنہوں نے ناصر الدین شاہ کے دور میں تمباکو کی حرمت کا فتویٰ دیا تھا۔ آپ سنہ ۱۳۵۴ ہجری میں نجف میں پیدا ہوئے اور کربلا میں نشو نما پائی۔ علوم دینی اپنے والد اور اپنے بڑے بھائی آیت اللہ العظمیٰ محمد شیرازی سے حاصل کیا۔ اس کے علاوہ سید ہادی میلانی اور شیخ محمد رضا اصفہانی سے درس لیا۔ آپ اقامۂ شعائر حسینی خصوصاً تنظیم جلوس عزاء میں انتہائی سرگرمی سے حصہ لیتے تھے اور خود قیادت

فرماتے تھے۔ امام حسینؑ کے بارے میں آپ کی کتاب "شعائر حسینیہ" انتہائی مدلل کتاب ہے۔ اس کے علاوہ "مقتل عبدالزہر الکعبی" پر آپ نے ایک مقدمہ لکھا ہے جو انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔ آپ کو ماہ جمادی الثانی سنہ ۱۴۰۰ ہجری میں بیروت میں شہید کیا گیا۔ شہادت کے بعد آپکے جسد پاک کو قم منتقل کیا گیا۔ آپ سیدہ معصومہ قم کے روضہ مطہر میں دفن ہیں۔

سبط جوزی

سبط جوزی' یوسف بن قزاوغلی شمس الدین لئن ابوالفرج بن جوزی کا شمار اکابر محدثین' مورخین' واعظین اور علماء حنیف میں ہوتا ہے۔ آپ ۵۹۱ ہجری میں بغداد میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تربیت اسی شہر میں ہوئی۔ یہاں سے آپ دمشق تشریف لے گئے۔ آپ نے ۶۹۴ ہجری کو وفات پائی۔

یوں تو آپ نے بہت سی کتابیں تصنیف کی ہیں لیکن ہماری اس کتاب کی مناسبت سے آپ کی تصنیف "اعیان و تذکرۃ الخواص امہ و لجلیس" ہے۔

(ماخذ: حاشیہ الخاتم اوصیٰ الخاتم' صفحہ ۲۴۳)

سید محمد حسین بہشتیؒ

سید محمد حسین بہشتی' فرزند سید فضل اللہ حسینی بہشتیؒ' ۲۳ اکتوبر سنہ ۱۹۲۸ء کو شہر اصفہان میں پیدا ہوئے۔ سنہ ۱۹۴۶ء میں آپ نے قم کی طرف ہجرت کی۔ سنہ ۱۹۴۷ء میں مراجع عظام قم آیت اللہ محقق داماد' امام خمینیؒ' آیت اللہ بروجردی' آیت اللہ تقی خوانساری کے دروس خارج میں شرکت کی۔

سنہ ۱۹۴۸ء میں آپ نے تہران یونیورسٹی کے شعبہ الہیات میں داخلہ لیا۔ سنہ ۱۹۵۱ء میں قم واپس آئے۔ قم آنے کے بعد آپ نے ایک گروہ وعظ وارشاد تشکیل دیا جس میں شیخ مرتضیٰ مطہریؒ' آیت اللہ حسین منتظری' بعض دیگر علماء اور آپ خود شامل تھے۔ یہ گروہ مختلف علاقوں میں تبلیغات کیلئے جایا کرتا تھا۔

سنہ ۱۹۵۹ء میں آپ نے تہران یونیورسٹی سے فلسفہ اسلامی میں ڈاکٹریٹ کی ڈگری حاصل کی۔

آپ نے تہران میں جو خطبے دیے تھے' ان کو دو کتابوں میں ترتیب دیا گیا ہے۔ ایک کتاب کا نام "خطابنا" رکھا گیا ہے جو تین جلدوں پر مشتمل ہے۔ دوسری کتاب کا عنوان "خطاب عاشورا" ہے۔ سنہ ۱۹۶۰ء میں آپ نے حوزہ علمیہ کے تعلیمی نظام کی

اصلاح کیلئے تحریک چلائی۔ اس تحریک میں آیت اللہ ربانی' آیت اللہ شیرازی' آیت اللہ مرزا سعیدی اور آیت اللہ مشکینی آپ کے ساتھ تھے۔

۱۸ فروری سنہ ۱۹۷۹ء کو حزب جمہوری اسلامی تاسیس کی اور آپ خود اس کے سربراہ معین ہوئے۔ انقلاب اسلامی ایران برپا ہونے کے بعد رئیس جمہوریہ' بنی صدر کے ساتھ آپ کے شدید اختلافات رہے۔ امام خمینیؒ کے بعد آپ دوسری اہم شخصیت سمجھے جاتے تھے۔

(ماخذ: مجلّہ توحید شمارہ ۸۵ صفحہ ۱۴۹)

سید علی اکبر قرشی

آیت اللہ سید علی اکبر قرشی فرزند سید محمد قرشی ۱۳۴۳ ہجری میں شہر مراغہ (ارومیہ) کے بناب نامی گاؤں میں پیدا ہوئے۔

ابتدائی تعلیم مروّجہ اسکول سے حاصل کرنے کے بعد علوم دینی کے حصول کیلئے دینی مدرسہ میں داخل ہوئے۔ مدرسہ سے فارغ ہونے کے بعد آپ قم تشریف لے گئے۔ یہاں پر دروس سطحیات کی تکمیل کے بعد آیت اللہ بروجردی کے دروس میں شرکت کی۔ ان کی وفات کے بعد آپ اپنے گاؤں واپس آگئے۔ آپ تبلیغ کی غرض سے اکثر ارومیہ جایا کرتے تھے اور آخر میں آپ نے وہیں سکونت اختیار کرلی تھی۔ آپ نے خود بھی فرمایا ہے کہ قم میں میرا زیادہ عرصہ رہنا نہیں ہوا۔

آپ کی عمر کا بیشتر حصہ درس و تدریس و تالیف میں گزرا۔ گزشتہ ۳۲ سالوں سے آپ ارومیہ میں قیام پذیر ہیں۔ آپ کی مشہورترین تالیف "قاموس قرآن" ہے جو قرآنی لغت سے متعلق ایک منفرد کتاب ہے۔ "احسن الحدیث" نامی تفسیر بھی آپ ہی کی تالیف کردہ ہے۔ علاوہ ازیں صحیفہ کاملہ کے الفاظ کی معجم المفہرس بھی آپکی تالیفات میں شامل ہے۔

امام حسینؑ سے متعلق آپ کی تالیفات میں ایک کتاب بنام "مرد مافوق بشر حسینؑ بن علیؑ" ہے۔ کئی سال پہلے شیخ غلام علی اینڈ سنز نے اسکا اردو ترجمہ "زندگانی سیدالشہداءؑ" کے نام سے شائع کیا تھا۔ فی الحال یہ کتاب بازار میں ناپید ہے۔ کتاب کی افادیت کے پیش نظر دار الثقافۃ الاسلامیہ نے اصل کتاب کا از سر نو ترجمہ کرکے "قیام امام حسینؑ۔ اسباب و نتائج" کے نام سے مومنین قارئین کی خدمت میں پیش کرنے کی سعادت حاصل کی ہے۔

(ماخذ: مجلہ حوزہ شمارہ ۳۵، ص ۳۱)

سید ابن حسن نجفی

حجۃ الاسلام والمسلمین سید ابن حسن نجفی ۱۹۲۸ء میں لکھنؤ کے ایک زمیندار گھرانے میں پیدا ہوئے۔ آپ کے والد کا نام سید مہدی حسین شاہ ہے۔ آپ نے ابتدائی تعلیم اپنے گھر ہی میں حاصل کی اور بہت چھوٹی عمر میں عراق تشریف لے گئے، جہاں بارہ سال تک علوم محمدؐ و آل محمدؐ حاصل کرتے رہے۔ اس دوران آپ نے فارسی اور عربی ادب میں خاصی مہارت حاصل کی۔ بارہ سال بعد آپ واپس ہندوستان تشریف لائے۔ ہندوستان میں انگریزی اور اردو ادب کے حوالے سے آپ ایک خاص مقام رکھتے تھے۔ آپ حیدرآباد دکن میں محکمہ تعلیم سے وابستہ رہے۔

۱۹۵۳ میں ہجرت کر کے پاکستان آ گئے اور ہفت روزہ "رضاکار" سے وابستہ ہو گئے۔ رضاکار کے علاوہ دیگر مجلات میں بھی آپ کے مضامین چھپا کرتے تھے۔ ایک عرصہ تک کراچی میں حکومتی اداروں سے وابستہ رہنے کے بعد بالآخر مستعفی ہو گئے اور خراسان اسلامک سنٹر کے ڈائرکٹر مقرر ہوئے۔ آپ کی کئی تصانیف اور تراجم موجود ہیں۔ ہمارے موضوع سے متعلق آپ کی کتاب "خطبات زینب سلام اللہ علیہا" ہے جس میں آپ نے عقیلۂ قریش جناب زینب کبریٰ سلام اللہ علیہا کے دو خطبوں کا ترجمہ اور انکی تفسیر پیش کی ہے۔

(نقل از کتاب تذکرہ علمائے امامیہ ص ۴۵)

سید ابو القاسم الخوئیؒ

عالم تشیع کے مرجع بزرگ، حضرت آیت اللہ العظمیٰ سید ابو القاسم فرزند علامہ مغفور سید علی اکبر، آذربائجان کے ایک گاؤں خوئی میں ۱۵ رجب المرجب ۱۳۱۷ ہجری، مطابق ۱۹ نومبر ۱۸۹۹ء کو پیدا ہوئے۔ ابھی آپ کی عمر کل ۱۳ سال تھی کہ آپ نجف الاشرف چلے گئے۔ آپ کے والد گرامی پہلے سے ہی وہاں حصول علم دینی میں مشغول تھے۔

آپ کے اساتیذ بزرگوار میں سب سے آخری استاد آیت اللہ العظمیٰ نائینی تھے۔ آپ کا درس خارج خصوصاً اصول فقہ، نجف الاشرف کے فقہاء و مراجع میں خاص شہرت رکھتا تھا۔ آپ مسلسل پچاس سال تک تدریس کے فرائض انجام دیتے رہے۔ آپ کے بہت سے شاگرد درجہ فقاہت و مرجعیت پر فائز ہو چکے ہیں۔ آپکے کمال علم کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ کسی کی مرجعیت کو تسلیم

کرنے کیلئے آپ کی شاگردی کو دیگر شرائط کی جگہ کافی سمجھا جاتا ہے۔ گرچہ یہ بات اپنی جگہ ایک حقیقت ہے لیکن اس کے باوجود یہ نظریہ غلو سے خالی نہیں۔

فقہ واصول پر تقریروں کے علاوہ آپکی تصنیفات اتنی کثیر تعداد میں موجود ہیں کہ ہمارے اس مختصر مجموعہ میں سب ذکر ممکن نہیں ۔لیکن ایک کتاب ایسی ہے جسکا ذکر کئے بغیر گزر جانا ہرگز مناسب نہ ہوگا' اور وہ نام ہے "تفسیر البیان"۔ یہ کتاب اپنے دور کی ایک فرید و وحید کتاب ہے۔

علم و فقاہت کے آسمان پر چمکنے والا یہ روشن ستارہ تقریباً ۹۶ برس تک ضوفشاں رہنے کے بعد ۸ صفر ۱۴۱۳ ہجری کو نجف اشرف میں غروب ہو گیا۔

یوں تو آپ کی تصانیف وتالیفات کی فہرست جیسا کہ ہم نے عرض کیا بہت طویل ہے' تاہم ہماری اس کتاب میں آپ سے متعلق رقم کی گئی چند سطور کا سبب آپ کی کتاب "معجم رجال الحدیث" ہے۔ اس کتاب میں آپ نے ان عظیم ہستیوں کے اسمائے گرامی بیان فرمائے ہیں جو حضرت امام حسینؑ کے رکاب میں درجہ شہادت پر فائز ہوئے ہیں۔ ہم یہاں پر ان عظیم المرتبت ہستیوں میں سے صرف چند شہداء کے اسمائے گرامی پیش کرنے کی سعادت حاصل کر رہے ہیں:

۱۔ مسلم بن عقیل ۲۔ مسلم بن عوسجہ ۳۔ مسلم مولا عامر بن مسلم ۴۔ قاسم بن الحسنؑ ۵۔ قیس ابن مشیر ۶۔ ہانی بن عروہ ۷۔ ہانی بن ہانی السبعی ۸۔ بریر ابن حصین ۹۔ جنادۃ بن حارث ۱۰۔ جون مولا ابی ذر غفاری ۱۱۔ جوین یا جویر بن مالک ۱۲۔ حباب بن حارث ۱۳۔ حبیب ابن مظاہر ۱۴۔ زہیر ابن سائب ۱۵۔ زہیر ابن بشیر ۱۶۔ زہیر ابن سلیمان ۱۷۔ زہیر ابن سلیم ۱۸۔ زہیر ابن القین ۱۹۔ عباس بن علیؑ ۲۰۔ عابس بن ابی شبیب ۲۱۔ عامر بن حسان۔

سید محمد حسین فضل اللہ

آیت اللہ سید محمد حسین فضل اللہ سنہ ۱۳۱۴ ہجری میں نجف الاشرف میں پیدا ہوئے۔ آپ کے آباؤ اجداد کا تعلق لبنان سے تھا۔ آپ کے والد گرامی سید عبد الروف فضل اللہ تھے۔ آپ آیت اللہ محسن الحکیم اور آیت اللہ ابوالقاسم خوئی جیسے عظیم مراجع کے شاگرد رہے ہیں۔

سنہ ۱۳۲۷ میں آیت اللہ شہید باقر الصدر نے شیخ مھدی شمس الدین کے ساتھ

مل کر جماعت علمائے نجف الاشرف کی جانب سے ایک مجلہ "اضواء" نشر کیا۔اس مجلہ کا ایک مستقل عنوان "کلمتنا" تھا جو آپ ہی کے قلم سے تحریر ہوتا تھا۔بعد میں ان مضامین کو یکجا کر کے ایک مکمل کتاب کی صورت میں "قضایانا علی ضؤالاسلام" کے نام سے شائع کیا گیا۔آپ شہید باقر الصدرؒ کی رفاقت میں علمی وثقافتی میدان میں اور سیاسی و انقلابی سرگرمیوں میں حرکت اسلامی عراق کے میر کاروان تھے۔ تحریر و تقریر دونوں میدانوں میں آپ اس وقت کے علماء و مفکرین میں نمایاں مقام رکھتے تھے۔آپ کثیر تالیفات وتصنیفات کے مالک ہیں ۔ یہاں ہمارا بیان قیام مقدس امام حسینؑ کے حوالے سے ہے اور اس موضوع پر آپکی ایک کتاب "احادیث عاشوراعلی طریق کربلا" ہے۔

اسکے علاوہ آپ مجلہ "فکر وثقافت" میں وقتاًفوقتاً قیام امام حسینؑ سے متعلق کیئے گئے سوالات کے جوابات بھی دیتے رہتے ہیں۔ آپ مرجعیت کی دوسری ذمہ داریوں کے ساتھ ساتھ اجتماعی وسیاسی مسائل میں بھی پیش پیش نظر آتے ہیں۔

سید محمود ہاشمی شاہرودی

آیت اللہ سید محمود ہاشمی شاہرودی حجۃ الاسلام والمسلمین سید علی حسینی شاہرودی کے فرزند ہیں۔سنہ ۱۳۲۷ ہجری میں نجف میں پیدا ہوئے۔ابتدائی تعلیم مدرسہ علویہ میں حاصل کی۔ آپ نے سطحیات اور اصول وفقہ کے دروس آیات عظام سے حاصل کیے' بالخصوص آیت اللہ العظمیٰ شہید باقر الصدرؒ کے برجستہ شاگردوں میں شمار ہوتے تھے ۔ انقلاب اسلامی ایران کے دوران عراق سے ایران آگئے ۔یہاں بھی سلسلۂ تدریس اصول وفقہ میں مصروف رہے۔اجتماعی وسیاسی حوالے سے آپ مجلس اعلیٰ عراق کے مرکزی رہنما رہے۔ آپ مجلس خبرگان میں عضویت رکھتے ہیں' تشخیص مصلحت نظام کے بھی رکن رہے ہیں' اسکے علاوہ شوریٰ عالی مدیریت حوزہ علمیہ قم میں بھی رکنیت رکھتے ہیں۔ آپ اس وقت نائب رئیس جامعہ مدرسین جامعہ علمیہ قم' رئیس موسسہ دائرۃ المعارف فقہ اسلامی' رئیس دیوان عالی ایران ہیں۔

فقہ واصول کے میدان میں آپکی بہت سی تالیفات ہیں۔مجلہ "فقہ اہل بیت" آپ ہی کی نگرانی میں فارسی اور عربی دونوں زبانوں میں نشر ہوتا ہے۔ ہماری اس کتاب کے حوالے سے "محاظرات فی ثورۃ الحسینیۃ" قیام امام

حسین سے متعلق آپ کی تالیف ہے۔

(ماخذ: روزنامہ جمہوری اسلامی اخبار داخلی)

سید عبدالرزاق موسوی

سید عبدالرزاق ابن سید محمد موسوی مقرم نجف اشرف میں سنہ ۱۳۱۶ھ میں پیدا ہوئے۔ مقدمات و سطوح کا علم حاصل کرنے کے بعد حضرت آیت اللہ العظمیٰ ضیاء الدین شیخ محمد اصفہانی، مرزا حسین نائینی اور سید ابوالحسن اصفہانی کے دروس میں شرکت کی۔ آپ صاحب ورع و تقویٰ تھے۔ محبت اہل بیتؑ سے سرشار اور ان کے شیفتہ تھے۔ علم تاریخ خصوصا سیرت ائمہ کے اپنے دور کے مجتہد و محقق تھے۔ آپ نے بیک وقت زبان و علم دونوں سے اہل بیتؑ کی خدمت کی۔ اس سلسلہ میں آپ کی مندرجہ ذیل تالیفات آج تک خطباء اور مؤلفین کیلئے مصدر و مآخذ کی حیثیت رکھتی ہیں :۱۔ مقتل حسین یا حدیث کربلا۔ ۲ مسلم بن عقیل۔ ۳ العباس بن امیر المومنینؑ۔ ۴ علی اکبرؑ۔ ۵ امام زین العابدینؑ۔ ۶ سیدہ سکینہ۔ ۷ لیلۃ عاشورا عند الحسینؑ۔ ۸ وقت الحسینؑ۔ ۹ یوم عاشورا عند الحسینؑ۔

ان کتابوں میں سے "العباس بن امیر المومنینؑ" اردو میں بنام "صحیفۂ وفا" دار الثقافۃ الاسلامیہ سے چھاپ چکا ہے۔ آپ نے سنہ ۱۳۹۱ھ میں نجف اشرف میں وفات پائی۔ خدا آپ کے درجات بلند فرمائے اور اہل بیت اطہارؑ کے ساتھ محشور فرمائے۔

(معجم الرجال فکر و ادب بالنجف' ۱۲۳۱ عنوان المقرم)

سید جواد شبرؒ

حجۃ الاسلام علامہ سید جواد بن علی بن محمد بن حسن، ملقب بہ شبر کی نسل حسن افطس بن امام زین العابدینؑ سے ملتی ہے۔ آل شبر کا شمار عراق کے قدیم خاندانوں میں ہوتا ہے۔ یہ آٹھ سو سال پہلے سے عراق میں سکونت پذیر تھیں۔ اس خاندان میں بڑی بڑی شخصیات اور پائے کے علماء و فقہاء پیدا ہوئے ہیں جو صاحبان تصنیف و تالیف بھی تھی۔ ان میں سرفہرست "تفسیر شبرؒ" کے مصنف سید عبداللہ شبر ہیں۔

آپ ۱۳۳۲ ہجری میں نجف اشرف میں پیدا ہوئے۔ اپنے والد گرامی کے سائے میں ابتدائی تعلیم و تربیت حاصل کی اور اسکے بعد درس حوزہ کے ساتھ ساتھ جدید علوم کے حصول کیلئے مدارس منتدی النشر کے اساتذہ سے بھی مربوط رہے۔ اس طرح آپ

نے علوم دینی کے ساتھ علوم جدید پر بھی عبور حاصل کیا۔ آپ خطابت کے میدان میں داخل ہوئے اور خطابت کے ساتھ ساتھ شعر کہتے تھے۔اہل بیت رسولؐ بالخصوص امام حسینؑ کی شان میں آپ کے بہت سے اشعار ہیں۔

اخلاص ولیاقت کی بناء پر آپ معتمد علماء و خطباء کے نزدیک باعث فخر سمجھے جاتے ہیں۔ آپ کی خطابت کی نبوغ و شہرت نہ صرف عراق میں بلکہ پورے جزیرۃ العرب میں تھی۔ آپ کی شخصیت اس حوالے سے بہت معروف تھی۔

آپ کی کتاب "موسوعۃ ادب الطف" دس جلدوں پر مشتمل ہے۔اس کتاب میں دور قدیم کے شعراء کی حیات، اُن کے اشعار اور قیام وحیات امام حسینؑ سے متعلق ایسے ذخائر موجود ہیں جو اکثر قارئین کیلئے نئی حقیقت ثابت ہونگے۔

سینکڑوں انسانوں نے آپ سے فن خطابت سیکھنے کا شرف حاصل کیا۔ ہماری اس مختصر کتاب میں قیام امام حسینؑ اور منبر حسینی سے متعلق آپ کی عظیم خدمات کے تفصیلی تذکرہ کی گنجائش نہیں ہے۔

آپ منبر رسولؐ سے شہید باقر الصدرؒ کی شخصیت اور ان کی خدمات کی طرف صریح اشارہ فرماتے تھے۔ آپکی اسی شجاعت و شہامت کے سبب بعث حکومت نے ۱۹۸۲ء میں آپ کو گرفتار کر کے انتہائی بے دردی کے ساتھ شہید کر دیا۔

(نقل از معجم الخطباء تالیف داخل سید حسن ج۱ص۲۵۷)

باب "ش"

شہید مرتضٰی مطہریؒ: شہید آیت اللہ مرتضٰی مطہریؒ ۱۳ جمادی الاول سنہ ۱۳۳۸ ہجری قمری کو قریہ فریمان میں پیدا ہوئے جو مشہد مقدس کے مضافات میں ہے۔ آپ نے ایک دینی ومذہبی گھرانے میں آنکھ کھولی تھی۔ آپ کے والد شیخ محمد حسین مطہریؒ ایک پاکباز' متقی' پرہیزگار اور بابصیرت انسان تھے۔ ابتدائی تعلیم فریمان کے کسی مدرسے سے حاصل کی۔ بعد میں منطق وفلسفہ کی اعلیٰ تعلیم کیلئے سنہ ۱۳۱۱ ہجری شمسی میں شہر مشہد مقدس کی طرف ہجرت کی۔ مشہد میں آپ سب سے زیادہ مرزا مھدی شہیدی سے متاثر ہوئے۔

سنہ ۱۳۵۸ ہجری قمری میں جب آپ کی عمر ۱۷ سال تھی' آپ قم منتقل ہو گئے۔ قم میں آپ نے اکابر علماء سید صدر رضوان اللہ تعالیٰ' سید محمد محقق' سید محمد حجت' وغیرہ سے کسب فیض کیا۔ سنہ ۱۳۱۹ ہجری شمسی میں امام خمینیؒ کے حث فلسفہ وعرفان میں شرکت کی۔ امام خمینیؒ نے آپ کے بارے میں فرمایا کہ "میں نے اپنی گمشدہ میراث کو زندہ پایا"۔

آپ کو امیر المومنین علیہ السلام کی عظیم شخصیت سے خاصا شغف تھا۔ آپ حضرت کے کلمات کی طرف متوجہ ہوئے اور ایک کتاب "سیری در نہج البلاغہ" لکھی۔[۱]

آپ نے اسلام کی نشاۃ ثانیہ کی سرگرمیوں میں بڑھ چڑھ کر شرکت کی۔

۱۔ اس کتاب کا اردو ترجمہ دار الثقافۃ الاسلامیہ پاکستان "اسرار نہج البلاغہ" کے نام سے شائع کر چکا ہے۔

سنہ ۱۳۷۲ھ میں قم چھوڑ کر تہران منتقل ہوئے۔ وہاں آپ ازدواجی زندگی میں داخل ہوئے اور وہیں سے تصنیف و تالیف کا کام بھی شروع کیا۔

آپ حد سے زیادہ آزادی بیان کے قائل تھے اور دعوتِ فکر و بیان دیتے تھے۔ آپ نے اسلامی ملکوں میں ہونے والی مغربی ثقافتی یلغار کا مقابلہ کرنے کے ساتھ ساتھ عزاداری پر گزرنے والی خرافات پر بھی کڑی نظر رکھی۔ آپ کو اس عظیم اسلامی سرمایہ کے غرض مند و مفاد پرست حکومت اور معاشرے کے قدرت مند افراد کے ہاتھوں کھلونا بننے کا بڑا دکھ تھا۔ عزاداری امام حسینؑ کو ذاکرین کی غلط گوئیوں سے پہنچنے والے نقصانات سے آپ بہت غمگین رہتے تھے۔ آپ نے اس موضوع پر کمر ہمت باندھ لی اور مسلسل درس و تدریس کا سلسلہ شروع کیا۔ انہی دروس پر مشتمل تین جلدوں پر محیط کتاب "حماسۂ حسینی" آج آپ کے آثار میں شمار ہوتی ہے۔ اس کتاب کا اردو ترجمہ تین جلدوں میں دار الثقافۃ الاسلامیہ پاکستان شائع کر چکا ہے۔

شرف الدین عاملی

اپنے دور کے مکتب تشیع کے نابغہ روزگار مدافع اور مجاہد، آیت اللہ العظمیٰ حاج سید عبدالحسین شرف الدین سنہ ۱۲۹۰ ہجری قمری میں شہر کاظمین میں پیدا ہوئے۔ ۸ سال کی عمر میں لبنان کے شہر جبل عامل گئے۔ علوم مقدمات اپنے والد سید یوسف کے محضر میں حاصل کیے۔ علم سطوح شیخ باقر حیدر، سید محمد صادق اصفہانی اور شیخ علی بن شیخ باقر بن صاحب جواہر سے حاصل کیا۔ بعد میں عراق کے شہر نجف گئے اور مراجع بزرگ شیخ حسن کربلائی، آخوند ملا محمد کاظم یزدی، شیخ محمد طٰہٰ نجف، سید اسماعیل صدر، شیخ فتح اللہ شریعت اصفہانی اور سید حسن صدر سے سطوح عالیہ کا درس حاصل کیا۔ ۳۲ سال کی عمر میں درجۂ اجتہاد پر فائز ہوئے اور اپنے وطن جبل عامل واپس آئے۔ ۴۰ سال کی عمر میں ایک مطالعاتی دورے کا آغاز کرتے ہوئے مصر گئے۔ وہاں عبدالحیی قطعیانی ادریسی اور شیخ سلیم بشری رئیس جامعۃ الازہر سے ملاقات ہوئی اور استقلال آزادی لبنان کے سلسلے میں فرانس کے ساتھ مبارزات کئے۔ پھر وہاں

سے دمشق آئے اور یہاں بھی اپنے خطبات کے ذریعہ اسوقت کے استعمار یعنی فرانس کا مقابلہ کیا۔ ۱۳۲۸ میں زیارت بیت الحرام اور حرم رسول اللہ وائمہ طاہرینؑ کی طرف قصد عزیمت کیا۔

امام خمینیؒ نے آپ کو دور حاضر کے ہشام بن حکم کا لقب دیا۔ علامہ امینی نے آپ کو مکتب تشیع کے بلند کوہ سے تعبیر کیا۔ شہید مطہریؒ نے کتاب "نہضت صد سال" کے اخیر میں آپ کو اصلاح گرانہ قرار دیا ہے۔ بزرگ تہرانی نے آپکو اس دور کے افتخارات سے تعبیر کیا ہے۔ مرتضیٰ علی آل لیس نے آپکو سرور نگہبانان دین بزرگ اور خادمان مکتب تشیع قرار دیا ہے۔

شاہ ایران نے آپ کو ایک مدرسہ کے قیام کیلئے مالی تعاون کی پیشکش کی تو آپ نے اسے مسترد کر دیا۔ آپ کی مشہور ترین تالیف "المراجعات" ؎۱ ہے۔ یہ کتاب ۱۱۲ خطوط پر مشتمل ایک مناظرہ ہے جو آپکے اور رئیس جامعۃ الازہر شیخ سلیم بشری کے درمیان مراسلہ کی صورت میں انجام پایا تھا۔

ہماری کتاب کے موضوع کے اعتبار سے آپ کی ایک کتاب "مجالس فاخرہ" ہے جو قیام مقدس امام حسین علیہ السلام اور فلسفۂ شعائر حسینی پر بہترین تالیف ہے۔ یہ کتاب چار جلدوں پر مشتمل ہے اور اسکی ایک جلد امام حسین علیہ السلام سے مخصوص ہے۔

(ماخذ: مجلّہ نور العلم دورۂ سوم شمارہ ہشتم صفحہ ۱۴۰)

شہید صدرؒ

فیلسوف عظیم آیت اللہ العظمیٰ السید محمد باقر الصدرؒ شہید چودھویں صدی ہجری کے نابغہ روزگار مسلمان مفکرین میں شمار ہوتے ہیں۔ آپؒ ۲۵ ذیقعدہ سنہ ۱۳۵۳ ہجری کو شہر کاظمین میں پیدا ہوئے۔ آپ کے والد گرامی سید حیدر صدر نے سنہ ۱۳۵۶ ہجری میں شہر کاظمین میں وفات پائی۔ اس وقت آپ کی عمر تین سال تھی۔ آپ کی والدہ کا تعلق بیت علم و فضل و مرجعیت سے تھا۔ ان کا نسب آیت اللہ شیخ عبدالحسین آل لیس سے ملتا ہے۔ آپ نے اپنے بڑے بھائی سید اسماعیل صدر کے زیر سایہ تربیت پائی جو عمر میں آپ سے تقریباً دس سال بڑے تھے۔ شہید صدر اور آپکی بہن آمنہ دونوں کم عمری میں عطوفت

۱۔ "المراجعات" کا اردو ترجمہ "مذہب اہل بیت" کے نام سے دار الثقافۃ الاسلامیہ پاکستان شائع کر چکا ہے۔

مادری و پدری سے محروم ہوگئے تھے۔ دونوں ہی نے اپنے برادر بزرگ کے زیر سایہ پرورش پائی۔

آپ ۵ سال کی عمر میں مدرسہ میں داخل ہوئے۔ کم عمری میں ہی آپکے اندر غیر معمولی آثار نبوغ نمایاں تھے جس نے آپ کے اساتذہ کو ورطۂ حیرت میں ڈال دیا تھا۔ جب آپ ابتدائی تعلیم سے فارغ ہوئے تو مدرسہ کے مسئولین نے آپ کے اندر موجود غیر معمولی نبوغ علمی کو دیکھتے ہوئے تجویز پیش کی کہ تعلیم جاری رکھنے اور اعلیٰ تعلیم کیلئے آپکو سرکاری خرچ (اسکالرشپ) پر یورپ و امریکہ کی یونیورسٹیوں میں بھیج دیا جائے۔ لیکن آپ کے خاندان میں سے کسی نے بھی اس پیشکش کو قبول نہیں کیا۔ آپ کے دو ماموں' سید رضا آل لیس اور سید مرتضیٰ آل لیس اپنے دور کے فقیہ تھے۔ یہ حضرات آپ کو حوزے میں لیکر آئے اور آپکی شخصیت میں اسلام کے ظہور و عروض کی خواہش کی۔ آپکے نبوغ علمی کا یہ عالم تھا کہ ۱۱ سال کی عمر میں آپ نے اپنے بھائی اسماعیل صدر سے "معالم الاصول" جیسی کتاب پڑھ لی۔ فقہ و اصول کی بہت سی کتابیں جو حوزہ میں پڑھائی جاتی تھیں' آپ نے خود انکا مطالعہ کر کے بغیر کسی استاد کے سمجھ لی تھیں۔ آپ ابتدائی دروس اپنی بہن آمنہ کو بھی پڑھاتے تھے۔ سنہ ۱۳۶۵ ہجری میں آپ نے اپنے بھائی اسماعیل صدر کے ساتھ علم سطوح کے حصول کیلئے ہجرت کی اور نجف میں مشغول تعلیم ہوئے۔ درجہ اجتہاد کے مراحل طے کرنے کیلئے درس خارج سید رضا آل لیس اور سید ابوالقاسم الخوئی سے حاصل کیا۔ آپ نے فلسفہ قدیم کا علم شیخ صدر آباد کوبہ سے حاصل کیا اور فلسفہ مغرب کو اپنے مطالعہ کے ذریعہ سے نقد و نظر کیا۔ اس طرح آپ فلسفہ شرق و غرب سے بیک وقت آشنا ہوئے۔ سنہ ۱۳۷۴ ہجری (۱۹۶۳ء) میں جب امام خمینیؒ کو ایران کی امریکہ نواز حکومت نے ترکیہ جلاوطن کیا تو آپ نے ایران سے متعلق امریکی سیاست کی سخت مخالفت کی اور امام خمینیؒ کی حمایت کی۔ آپ نے ۱۳۷۴ ہجری میں اپنے ایک خاص دوست کو خط کے ذریعہ امام خمینیؒ کی حمایت کرنے کی طرف متوجہ کیا۔ چنانچہ جب امام خمینیؒ نجف اشرف تشریف لائے تو آپ اور آپکے ہم فکر افراد نے نہ صرف یہ کہ

امامؒ کا پرتپاک استقبال کیا بلکہ ہر طرح سے آپ کی مدد کی۔ ۱۹۵۸ء میں جب عراق میں عبدالکریم کی حکومت قائم ہوئی تو آپکو کچھ خطرہ محسوس ہوا۔ ان حکومتی خطرات کے پیش نظر آپ نے "جماعت العلماء" کے نام سے ایک تنظیم تاسیس کی اور بڑے بڑے علماء کو اس میں شامل کیا۔ شیخ رضا آل لیس، شیخ مرتضی آل لیس اور محمد مھدی حکیم اس جماعت کے رکن تھے۔ آپ خود اس جماعت کے رکن نہیں بن سکے کیونکہ آپ کی عمر اس وقت ۳۰ سال سے کم تھی، البتہ کام سب آپ ہی کے قلم سے ہوتا تھا۔ ۱۹۶۱ء میں آپ نے "اضواء" نامی مجلہ جاری کیا اور اس مجلہ میں "رسالتنا" کے عنوان سے مقالے لکھنا شروع کئے۔ بعد میں ان مقالات کو یکجا کر کے کتابی شکل میں شائع کیا گیا[۱]۔ اسکے بعد آپ نے دو معرکۃ الآراء کتابیں "فلسفتنا" اور "اقتصادنا" تصنیف فرمائیں۔ ان کتابوں کے منظر عام پر آتے ہی آپ علماء و محققین کی توجہ کا مرکز بن گئے۔ سنہ ۱۳۹۰ ہجری میں آیت اللہ الحکیم کی وفات کے بعد اکثر اہل عراق نے آپ کی تقلید کی اور آپ کا گھر لوگوں کی آمد و رفت کا مرکز بن گیا۔ ہر بدھ کو نماز عشاء کے بعد آپ امام حسینؑ کی شہادت سے متعلق مجلس سے خطاب فرمایا کرتے تھے جس میں علماء اور طلباء کثیر تعداد میں شرکت کرتے تھے۔ آپ کا شمار چونکہ حکومت کے مخالفین میں ہوتا تھا اسلئے ایک شب آپ کے گھر پر چھاپہ مار کر بہت سے لوگوں کو گرفتار کیا گیا۔ سنہ ۱۳۹۶ ہجری (مطابق سنہ ۱۹۷۳ عیسوی) میں آپ کے ۴ شاگردوں کو شہید کر دیا گیا۔ بالآخر روز ہفتہ ۱۹ جمادی الاول، سنہ ۱۴۰۰ ہجری مطابق ۸/اپریل ۱۹۷۹ء کو گھر کا محاصرہ کر کے آپ کو بھی گرفتار کر لیا گیا اور اسی رات انتہائی بے دردی سے شہید کر کے آپ کا جنازہ سید محمد صادق صدر کے سپرد کر دیا گیا۔

(ماخذ: کتاب شہید صدر تالیف مصطفیٰ قلیزادہ)

شہید عبدالکریم ہاشمی نژاد

شہید عبدالکریم ہاشمی نژاد ایک مجاہد و مبارز، عالم بزرگوار و بیدار شخصیت تھے۔ آپ امام خمینی رضوان اللہ تعالی علیہ کے صف اول کے باوفا یاران میں سے تھے۔ اسکے علاوہ رہبر معظم حضرت آیت اللہ علی

۱۔ دار الثقافۃ الاسلامیہ پاکستان نے سن ۱۴۰۳ھ میں اپنی نشر و اشاعت کی سرگرمیوں کا آغاز اسی کتاب کے اردو ترجمہ سے کیا تھا۔ "ہمارا پیغام" کے نام سے "رسالتنا" کے اب تک متعدد ایڈیشن چھاپے جا چکے ہیں۔

خامنہ ای اور آستان قدس رضوی کے موجودہ متولی حجت الاسلام واعظ طبسی کے ہمرکاب وہم بزم وہم فکر بھی تھے۔

آپ ایک نامور ادیب اور قلم وبیان کے ماہر تھے۔ آپ نے اپنی تمامتر صلاحیتوں کو امت کی بیداری کیلئے وقف کردیا تھا۔ ہماری اس کتاب میں موضوع سخن بننے کا سبب امام حسینؑ کے حوالے سے آپ کی تقاریر کے علاوہ آپ کی ایک کتاب "درسی کہ حسینؑ بہ انسانہا آموخت" ہے۔ اس کتاب میں آپ نے قیام مقدس امام حسینؑ کی تاریخ کا مفصل تجزیہ وتحلیل پیش کیا ہے اور ان عوامل کی نشاندہی کی ہے جن کے تحت قیام امام حسینؑ کو ناگزیر قرار دیا گیا ہے۔

آپ سنہ ۱۳۱۱ ہجری شمسی میں ایران کے شہر خراسان میں پیدا ہوئے اور ۷ر مہر سنہ ۱۳۶۰ ہجری شمسی کو ایران کی دیگر صف اول کی شخصیات، جیسے شہید مرتضیٰ مطہری، شہید ڈاکٹر مفتح، شہید باہنر و بہشتی کی طرح آپ بھی دشمنان اسلام و منافقین کی گولی کا نشانہ بنے۔ خدا اس شہید بزرگوار کے درجات کو بلند فرمائے۔

(آمین)

باب "ص"

صدرالافاضل: "صدرالافاضل" ، مرکز علوم و معارف اسلامی لکھنؤ سے جاری ہونے والی ایک علمی سند کا نام ہے۔ پاکستان میں ایک نامور عالم دین علامہ سید مرتضیٰ حسین اعلی اللہ مقامہ اپنی اس علمی سند کی بنیاد پر اتنے مشہور ہوئے کہ یہ سند آپ کے نام کا ایک حصہ بن گئی اور دینی حلقوں میں آپ صدرالافاضل کے نام سے پہچانے جانے لگے۔

علامہ بزرگوار عربی زبان پر کافی عبور رکھتے تھے جبکہ اردو آپکی مادری زبان تھی۔ آپ مرکز علمی سے تعلق رکھتے تھے۔ مولانا موصوف کو اردو ادب کے حوالے سے ایک بلند مقام حاصل ہے۔ ادب، لغت، لسانیات اور قواعد پر ان کا کام سند کا درجہ رکھتا ہے۔

آپ ۱۸؍ ذوالحجہ ۱۳۴۱ ہجری کو لکھنو کے راجا بازار نامی محلے میں ایک علمی گھرانے میں پیدا ہوئے۔ مولانا قاسم آغا صاحب آپ کے والد گرامی تھے۔ ابتدائی تعلیم کا آغاز مدرسۂ عابدیہ سے ہوا۔ پھر لکھنو کی عظیم دینی درسگاہ سلطان المدارس میں داخل ہوئے۔ سلطان المدارس میں مختلف تعلیمی مراحل طے کرتے ہوئے مدرسہ کی آخری سند "صدرالافاضل" حاصل کی۔ اس کے بعد آپ نے مدرسۂ ناظمیہ میں داخلہ لیا اور وہاں کی بھی آخری سند "ممتازالافاضل" حاصل کی۔

"صدرالافاضل" کی اسناد رکھنے والے حضرات برصغیر میں کثیر تعداد میں پائے جاتے ہیں۔ گرچہ عالم تشیع کے مایہ ناز حوزوں یعنی

نجف اشرف اور حوزہ علمیہ قم کے اعلیٰ علمی مدارج اور سند اجتہاد کے مقابل "صدر الافاضل" اور "ممتاز الافاضل" جیسی اسناد کی کوئی وقعت وحیثیت نہیں ہے' تاہم ان اسناد کے حامل بعض افراد نے ذاتی کاوشوں اور ذہنی قابلیتوں کی بنیاد پر اپنی اعلیٰ علمی صلاحیتوں کا علمی حلقوں میں لوہا منوایا ہے۔ مولانا موصوف بھی اس گروہ کی گنتی کی چند شخصیات میں شمار ہوتے تھے۔ آپ اس قدر صاحب علم وادب ہونے کے باوجود انتہائی منکسر المزاج اور متواضع شخصیت کے مالک تھے۔ اپنی اس خوبی کی وجہ سے آپ دینی حلقوں میں بالخصوص علماء کے نزدیک محبوب القلوب تھے۔

آپ نے مختلف موضوعات پر کثیر تالیفات ورثہ میں چھوڑی ہیں۔ اس مقام پر ہم خصوصیت کے ساتھ اس بات کا ذکر کرنا چاہتے ہیں کہ دار الثقافۃ الاسلامیہ پاکستان کے آغاز عمل میں شائع ہونے والی کتب "ہمارا پیام"، "تشیع اور رہبری"، "کتاب المؤمن"، "عاشورا اور خواتین" اور "اسلام میں خواتین کے حقوق" آپ ہی کی ترجمہ شدہ تھیں۔ ہماری اس کتاب "معجم کتب ومؤلفین قیام امام حسینؑ" میں آپ کے تذکرے کی وجہ یہ ہے کہ آپ نے جہاں دوسرے بہت سے موضوعات پر قلم فرسائی فرمائی ہے وہاں امام حسینؑ کی شخصیت اور نہضت پر بھی قلم اٹھایا ہے۔ اس سلسلہ میں "امام حسینؑ کی تعلیمات"، "جہاد حسینی"، "حسینؑ و غم حسینؑ"، "محرم و آداب محرم" اور "تاریخ عزاداری" آپ کی وہ تالیفات ہیں جو ہماری دسترس میں آسکی ہیں۔

اس عالم بزرگوار و باعمل نے ۲۷ ذوالحجہ بروز یک شنبہ ۱۴۰۷ھ کو لاہور شہر میں وفات پائی۔ جسد خاکی قبرستان شاہ کمال میں ہزاروں دوستوں اور نیازمندوں کی موجودگی میں سپرد خاک کیا گیا۔

رب غفور ورحیم سے دعا ہے خدا آپ کو امام حسینؑ کے اہداف ومقاصد کو بیان کرنے کا ثواب کثیر عنایت فرمائے اور انہی کے ساتھ محشور فرمائے۔

(آمین بحق محمد وآلہ طاہرین)

صدوق علیہ الرحمہ

شیخ صدوق کا نام محمد ابن علی ابن بابویہ قمی' کنیت ابو جعفر اور لقب صدوق ہے۔ آپ کا شمار اپنے دور کے نامور علماء اور علم حدیث کے درخشاں ستاروں میں ہوتا ہے۔ آپ دور غیبت صغریٰ امام زمانؑ سنہ ۳۰۵ ہجری میں'

شہر قم میں پیدا ہوئے۔ یہ سال حسین بن روح علیہ الرحمہ 'سفیر سوم کا پہلا سال تھا۔

معروف ہے کہ علی بن بابویہ مثل ابراہیم خلیل اللہ 'خلف صالح سے محروم تھے۔ آپ نے امام زمانہ کی خدمت میں التجا کی توامام زمانہ کی دعا کے نتیجہ' اجابت میں خدا نے آپ کو فرزند عطا کیا۔ شیخ طوسی نے اپنی کتاب فہرست میں لکھا ہے کہ حفظ اور کثرت روایت میں شیخ صدوق کا کوئی ثانی نہیں ہے۔ آپ نے تقریباً ۳۰۰ کتابیں لکھی ہیں۔ شیخ مفید علیہ الرحمہ اور نجاشی کے والد محترم 'ابن غزاری آپ کے شاگردوں میں شمار ہوتے ہیں۔ نجاشی نے اپنی کتاب میں لکھا ہے کہ صدوق ہمارے شیخ اور فقیہ ہیں۔ صاحب بحر العلوم نے آپ کو بزرگان تشیع اور ارکان تشیع میں سے قرار دیا ہے اور لکھا ہے کہ آپ رئیس مجلس المحدثین ہیں۔ ابن ادریس نے لکھا ہے کہ شیخ صدوق اخبار آل محمد کے حوالے سے مورد اعتماد اور جلیل القدر ہیں۔

آپ کی کتابوں میں ایک مشہور کتاب "امالی" ہے جو آپ کے خطبات پر مشتمل ہے۔ آپ نے ایک خطبہ بروز جمعہ ' ۱۴ رجب سنہ ۳۰۸ ہجری کو شہر رے میں دیا تھا جو اس کتاب کا پہلا خطبہ ہے۔ پچیسواں خطبہ ۱۷ ذوالحجہ سنہ ۳۶۷ ہجری کو مشہد میں اور چھبیسواں خطبہ بھی بروز غدیر مشہد ہی میں دیا۔ آپ کی دوسری مشہور کتاب "من لا یحضر الفقیہ" ہے جو کتب اربعہ میں دوسرے نمبر پر شمار ہوتی ہے۔ اسمیں ۵۹۲۰ حدیثیں ہیں۔

کتب اربعہ (چار کتابیں) میں شیخ صدوق کی "من لا یحضر الفقیہ" کے علاوہ "استبصار" "تہذیب" اور "اصول کافی" شامل ہیں۔ استبصار میں ۵۵۱۱ احادیث ہیں' تہذیب میں ۱۳۵۹۰ اور کافی میں ۱۴۰۰۰ احادیث ہیں۔ عجب اتفاق ہے کہ ہماری کتب اربعہ لکھنے والے تینوں مؤلفین کا نام محمد اور کنیت ابو جعفر ہے۔ اس لحاظ سے یہ بزرگان "محمدین ثلاثہ" کے نام سے بھی معروف ہیں۔

آپ کی رحلت ۷۴ سال کی عمر میں سنہ ۳۸۱ ہجری میں شہر رے میں ہوئی۔ آپ کو عبد العظیم کے حرم میں دفن کیا گیا۔

(ماخذ: پاسداران اسلام' شمارہ ۳ سال اول)

صلاح الدین

حجۃ الاسلام والمسلمین شیخ محمد حسن صلاح الدین فرزند مرحوم قاسم ' ۱۹۴۸ء میں

بلتستان کے ایک نواحی علاقہ تجوس میں پیدا ہوئے۔

ابتدائی مکتبی تعلیم مکمل کرنے کے بعد مزید علم حاصل کرنے کی غرض سے ۱۹۶۴ء میں آپ نجف اشرف تشریف لے گئے۔

حسب دستور دروس سطحیات مکمل کرنے کے بعد آپ نے بعض آیاتِ عظام کے دروسِ خارج میں شرکت فرمائی۔ آپ حوزہ میں رائج علوم فقہ واصول کے علاوہ علم فلسفہ و تفسیر میں بھی دلچسپی رکھتے تھے۔ ہمیں یہ افتخار حاصل ہے کہ آپ ہمارے نجف کے انتہائی مخلص، باصفا اور قریبی ساتھیوں میں شمار ہوتے ہیں۔

بعث پارٹی نے برسر اقتدار آنے کے بعد عراق میں مقیم غیر عراقیوں کے ساتھ انتہائی ناروا سلوک کا مظاہرہ کیا۔ حوزہ کے طلباء بھی ان متعصبانہ کارروائیوں سے محفوظ نہ رہ سکے۔ آئے دن کی ان پریشانیوں سے تنگ آکر آپ نجف اشرف کو چھوڑ کر اپنے آبائی وطن تجوس (سکردو بلتستان) واپس چلے آئے۔ چند سال یہاں گزارنے کے بعد آپ نے اسلام آباد مراجعت فرمائی اور جامعہ اہل بیت میں بطور مدرس خدمات انجام دینے لگے۔

انقلاب اسلامی کے بعد آپ نے اعلیٰ سطح کے دروس کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کی غرض سے حوزۂ علمیہ قم کی طرف رختِ سفر باندھا۔ قم میں چار سال قیام کرنے کے بعد واپس اسلام آباد تشریف لائے اور دوبارہ جامعہ اہل بیت میں تدریسی فرائض انجام دینے لگے۔ کچھ عرصہ بعد آپ عرب امارات چلے گئے اور شارجہ میں امام جمعہ و جماعت مقرر ہوئے۔ تاحال وہیں پر اپنے مذہبی فرائض انجام دے رہے ہیں اور ایک معززانہ زندگی گزار رہے ہیں۔

آپ نے شہر کراچی کے ایک شیعہ نشین علاقہ 'جعفر طیار سوسائٹی' میں ایک مدرسہ بنام جامعہ علوم اسلامیہ قائم فرمایا ہے جہاں درس وتدریس کا سلسلہ جاری ہے۔ لیکن یہ امر باعث افسوس ہے کہ آپ جیسی بلند پایہ شخصیت کا قائم کردہ مدرسہ بھی دیگر مدارس سے چنداں مختلف نہیں ہے۔ ان مدارس میں ایک ایسا مخلوط نصاب رائج ہے جسے بعض شیعہ حوزوں اور یہاں کی علاقائی ثقافت کے ساتھ خلط ملط کر کے ترتیب دیا گیا ہے۔ مزید برآں ان مدارس کی سرپرستی کرنے والے خود بھی اپنا ایک

نصاب رکھتے ہیں۔ افسوس کہ ان مدارس میں جو چیز نہیں ملتی وہ دینی نصاب ہے' جسکا نتیجہ یہ ہوا ہے کہ ہمارے ان مدارس کے فارغ التحصیل طلباء میں جس چیز کی سب سے زیادہ کمی پائی جاتی ہے وہ مذہب شناسی ہے۔اسی طرح ایک اور حیرت انگیز بات (جسکی علت ناقابل درک ہے) یہ ہے کہ ان حوزوں اور مدارس میں امام حسینؑ کے قیام سے متعلق مطالعہ' گفتگو یا تقریر کرنے کو نہ جانے کیوں علم کے منافی اور اجتہاد کی راہ میں رکاوٹ تصور کیا جاتا ہے۔ہم یہ سمجھنے سے قاصر رہے ہیں کہ ان مدارس کے فارغ التحصیل طلباء اور اساتذہ کیلئے مجلس امام حسینؑ پڑھنا کم علمی اور درس نہ پڑھنے کی علامت کیوں سمجھا جاتا ہے۔

الغرض جو توقعات ہمیں آپ جیسی شخصیت کے تاسیس کردہ مدرسہ سے وابستہ تھیں' یہ مدرسہ بھی دیگر مدارس کی طرح ان پر پورا نہ اتر سکا گو کہ آپ کا علم و فضل اور تقویٰ اپنی جگہ ایک مسلمہ حقیقت ہے۔

آپ نے تصنیف و تالیف کے شعبہ میں جو گرانقدر خدمات انجام دی ہیں اسکے نتیجہ میں "ولایت فقیہ"، "اسلامی تحریک" اور ہماری

اس کتاب کے موضوع کے حوالے سے آپ کی کتاب "شہید اسلام" معرض وجود میں آئی ہیں۔ یہ کتاب خاصی ضخیم ہے جسے جامعہ اہل بیت نے شائع کیا ہے۔ اس کتاب میں جو موضوع پوری طرح حاوی نظر آتا ہے وہ ہے قیام امام حسینؑ کا فلسفہ۔ طلب شہادت۔ پوری کتاب میں اس بات کو ثابت کرنے کی ایک بھرپور کوشش کی گئی ہے۔

(ماخذ: تذکرہ علمائے امامیہ ص ۲۹۰)

صالحی نجف آبادی

حضرت آیت اللہ شیخ نعمت اللہ صالحی نجف آبادی سنہ ۱۳۰۲ ہجری شمسی کو ایران کے مشہور و معروف صوبہ اصفہان کے نواحی شہر نجف آباد میں پیدا ہوگے۔ ابتدائی تعلیمی مراحل کے بعد پندرہ سال کی عمر میں شہر اصفہان منتقل ہوگئے۔ یہاں پر آپ نے علوم سطحی سے مکاسب تک اپنے ماموں شیخ محمد حسن صالح نجف آبادی و دیگر آقایان سے تلمذ کیا۔ ۱۳۲۵ ہجری شمسی میں جبکہ آیت اللہ العظمیٰ سید حسین بروجردیؒ کی مرجعیت کے ابتدائی ایام تھے' آپ نے بقصد حصول اعلیٰ تعلیم حوزۂ علمیہ' قم کی طرف عزیمت فرمائی۔ یہاں آکر آپ نے آیت

اللہ العظمیٰ بروجردی کے علاوہ امام خمینیؒ کے دروس خارج فقہ واصول میں شرکت کی۔ اس کے ساتھ ساتھ آپ اپنا حلقۂ تدریس فقہ واصول بھی جاری رکھے ہوئے تھے ۔ علمی اور تدریسی فن میں مہارت کی وجہ سے آپ حوزہ کی منتخب، چیدہ شخصیات کے استاد بھی رہے ہیں۔ جناب آیت اللہ مہدوی کنی، حجۃ الاسلام ہاشمی رفسنجانی، آیت اللہ محمدی گیلانی، آیت اللہ محفوظی، آیت اللہ حسن صانعی، آیت اللہ لاہوتی اشکوری، آیت اللہ املشی، آیت اللہ موسوی یزدی وغیرہ نے آپ کے سامنے زانوئے تلمذ تہہ کرنے کا شرف حاصل کیا ہے۔

امام خمینیؒ کی تحریک انقلاب میں صف مقدم میں سرگرم ہونے کی بنا پر کئی بار اور مختلف مقامات پر آپ کو شہر بدری کی اذیت سے گزرنا پڑا۔ یہی نہیں بلکہ آیت اللہ العظمیٰ منتظری کے ساتھ آپ زندان بھی گئے۔ حضرت آیت اللہ شہید مرتضیٰ مطہریؒ حماسہ حسینی کی جلد اول ص ۲۳۹ پر آپ کا ذکر خیر کرتے ہوئے فرماتے ہیں: ”آقائے صالحی ہمارے خاص دوستوں میں سے ہیں“۔ آپ کا اسلوب تالیف وتدریس دوسروں سے بالکل مختلف ہے۔ یوں تو آپ کی چندین تالیفات ہیں، لیکن جس مناسبت سے یہاں آپ کا ذکر کیا گیا ہے وہ آپ کی شہرۂ آفاق کتاب ”شہید جاوید“ ہے۔ یہ کتاب امام حسینؑ کے قیام کے تجزیہ وتحلیل کے بارے میں اپنی نوعیت کی ایک منفرد کتاب ہے۔ اس کتاب میں پیش کردہ تجزیہ وتحلیل امام خمینیؒ کے اس بیان سے بہت مطابقت رکھتا ہے جو آپ نے نجف میں قیام کے دوران پیش فرمایا تھا: ”امام حسینؑ نے حضرت مسلمؑ کو کوفہ میں حکومت الٰہی کے مقدمات فراہم کرنے کیلئے بھیجا تھا“ آپ نے اپنی اس کتاب میں قیام امام حسینؑ کا تم تر محور وہدف قیام حکومت الٰہی قرار دیا ہے۔

امام خمینیؒ کے تاریخی بیان اور امام حسینؑ کے بارے میں لکھی گئی اس کتاب نے شاہی حکومت کی مشینری کے اندر ایک جنونی کیفیت پیدا کر دی۔ انہیں ڈر ہوا کہ کہیں اس وطن اسلامی کے شیفتگان حسینؑ، حسین کے اس فرزند کے پرچم تلے قیام حکومت الٰہی کے لئے جمع نہ ہو جائیں۔ چنانچہ قیام خمینیؒ کو جو قیام حسینیؑ کی شکل اختیار کر گیا تھا، ان دونوں کو الگ رکھنے کی خاطر ساواک

نے سادہ لوح علماء سے اس کتاب کو کتاب ضلال قرار دینے کا فتویٰ لینے کی بھرپور کوشش شروع کردی جس میں انہیں کچھ کامیابی بھی ہوئی۔ امام خمینیؒ نے بھی بار بار ہوشیار کیا تھا کہ اس تحریک کو سادہ لوح علماء اور مقدس نماؤں سے دھچکا پہنچے گا۔ لیکن فکر حسینی کی قوت اور خمینیؒ کی محکم قیادت کی وجہ سے انقلاب دشمنوں کے خواب شرمندۂ تعبیر نہ ہوسکے۔

جن لوگوں نے اسے کتاب ضلال قرار دیکر نقد وانتقاد کا نشانہ بنایا ہے' انکے خیال میں اس کتاب کے مندرجات سے امام حسینؑ اور دیگر آئمہؑ سے نفی علم غیب ہوتی ہے۔ اپنے ان خیالات کو بنیاد بنا کر ان لوگوں نے ایک علمی شخصیت کو بدنام کیا ہے۔

ساواک کی ان تمام کوششوں کا اصل مقصد امام خمینیؒ کی تحریک انقلاب کو بدنام کرنا تھا۔ وہ آیت اللہ منتظری اور آیت اللہ مشکینی کو عوام کی نظروں میں گرا کے امام خمینیؒ کے لئے مشکلات پیدا کرنا چاہتے تھے۔ چنانچہ ان لوگوں نے اس سلسلہ میں یہ مہم چلائی کہ مؤلف کے ساتھ ساتھ اس کتاب پر بھی تحقیق کا دروازہ بند کردیا جبکہ اس پر رد لکھنے والے عقل و منطق سے زیادہ جذبات کو بروئے کار لائے۔

شہید مرتضیٰ مطہریؒ نے ابتدائی مراحل میں ایک خط کے ذریعہ اس کتاب کی حمایت کی تھی۔ آیت اللہ صالحی نے اس خط کو اپنی ایک اور کتاب "نگاہی بہ حماسہ حسینی استاد مطہری" میں نقل کیا ہے۔ دراصل استاد شہید نے اپنی حیات میں "شہید جاوید" پر نقد ونظر کی غرض سے کچھ یادداشت قلمبند کی تھیں جسکا حماسہ حسینی کی تیسری جلد میں ذکر ہوا ہے۔ ہم یہاں پر ایک بات کی وضاحت کرنا ضروری سمجھتے ہیں کہ کسی کو یہ غلط فہمی نہیں ہونی چاہئے کہ ہمیں اس کتاب کے تمام مندرجات سے اتفاق ہے۔ ایسا ہرگز نہیں ہے۔

ہم اب بھی اپنے پہلے نظریہ پر قائم ہیں کہ امام حسینؑ کے قیام کو عقل و فکر اور منطق سے ہٹ کر دیکھنے کی کوشش درحقیقت اس قیام کے لئے افسانہ سازی کا دروازہ کھولنے کے مترادف ہے۔

باب "ط"

طبری: محمد بن جریر بن یزید طبری کا شمار اکابر مورخین اسلام میں ہوتا ہے۔ آپ کی کنیت ابو جعفر تھی۔ زرکلی' اعلام الورٰی جلد ۶ صفحہ ۲۹۴ میں لکھتے ہیں: ابن جریر طبری' مورخ اور مفسر قرآن ہیں جو ایران کے شہر عامل طبرستان میں سنہ ۲۲۴ ہجری میں پیدا ہوئے' بغداد کو اپنا وطن قرار دیا اور سنہ ۳۱۰ ہجری میں وفات پائی۔

تاریخ طبری اخبار رسل والملوک' معروف و مشہور اور قدیم ترین تاریخ میں سے ہے۔ اسکے علاوہ جامع البیان فی تفسیر القران بھی آپ کی معروف تفسیر ہے۔ ابن اثیر کہتے ہیں کہ ابو جعفر طبری کی کتاب' وسیع ترین اور معتبر نقل تاریخ میں سے ہے۔ انکی تفسیر جامع البیان ان کی علمی سند ہے۔ احکام دین میں وہ خود مجتہد تھے' کسی کی تقلید نہیں کرتے تھے بلکہ بعض دوسرے آپ کی تقلید کیا کرتے تھے اور آپ کے نظریہ پر عمل کرتے تھے۔ وہ نحیف الجسم مگر فصیح البیان تھے۔ ابن حلیمہ نے آپکے بارے میں کہا ہے کہ روئے زمین پر محمد بن جریر طبری سے بڑھ کر کوئی عالم نہیں۔

خوانساری نے روضات جلد ۷ صفحہ ۲۹۲ پر لکھا ہے کہ مورخ کبیر' محدث بصیر محمد بن جریر بن یزید بن کثیر طبری' صاحب تفسیر کبیر و تاریخ فاتح نظیر' بہت سے فنون میں امام و مقتداء تھے۔ انہوں نے بہت سی کتابیں تصنیف فرمائیں۔ یہ ان کی کثرت علم و عقل کی دلیل ہے۔ ان کی تاریخ صحیح اور بلیغ ترین تاریخ ہے۔

(ماخذ: حاشیہ لخاتم لوصی الخاتم صفحہ ۱۹۷)

باب "ع"

عبدالقادر بغدادی (متوفی ۴۲۹ ہجری): یہ ایک متعصب عالم اور محدث تھے۔ انہوں نے کتاب "الفرق بین الفرق" تالیف کی ہے۔

عباس محمود عقاد

عباس بن محمود بن ابراہیم بن مصطفےٰ العقاد ۱۳۰۶ ہجری مطابق ۱۸۸۹ء میں مصر کے شہر اسوان میں پیدا ہوئے اور سنہ ۱۳۸۳ھ مطابق ۱۹۶۴ء میں وفات پائی۔

آپ نے اپنی ابتدائی تعلیم اسی شہر کے ایک مقامی مدرسہ میں حاصل کی۔

۱۹۰۳ء میں تعلیم مکمل کرنے کے بعد آپ مدرسہ سے فارغ ہوگئے اور اس کم عمری ہی میں اپنے والد کے ساتھ احمد جداوی کی مجلس میں جانا شروع کردیا۔ احمد جداوی کا شمار جامعۃ الازہر کے ان علماء میں ہوتا ہے جو جمال الدین افغانی کے دور میں ان کے ساتھ ہوا کرتے تھے۔ ان مجلسوں میں اکثر جمال الدین افغانی کے نظریات پیش ہوتے تھے۔ علاوہ ازیں شعر وادب سے بھی آپ کو گہری دلچسپی تھی۔ کہتے ہیں آپ بچپن ہی سے ادب سے لگاؤ رکھتے تھے۔ آپکو انگریزی فرانسیسی اور البانوی زبانیں سیکھنے کا بھی بہت شوق تھا۔

اسوان کے مدرسہ سے فارغ ہونے کے بعد آپ اس سلسلۂ تعلیم کو مزید جاری نہ رکھ سکے اور طبیعیات سے متعلق علوم سیکھنے میں مصروف ہوگئے۔ تعلیم سے فارغ ہونے کے بعد آپ متعدد حکومتی عہدوں پہ فائز ہوئے لیکن کسی بھی عہدہ پر طویل

عرصہ تک برقرار نہیں رہے کیونکہ وقتاً فوقتاً مستعفی ہوتے رہتے اور نئی نئی نوکریوں کا انتخاب کرتے رہتے تھے۔ آخر میں آپ نے صحافت کے پیشہ کو اپنایا اور ایک صحافی کی حیثیت سے مختلف اخباروں اور مجلوں میں مضامین لکھتے رہے۔ ایک ممتاز ادیب ہونے کی وجہ سے آپ مصر، دمشق اور عراق کی مختلف اکیڈمیوں کے رکن بھی رہے۔

آپ نے ادب، تاریخ، اعتقاد، اسلام اور غیر مسلم ادیان پر مختلف کتابیں تحریر فرمائی ہیں۔ زندگی کے آخری لحات تک ان کتب کی تعداد تراسی (۸۳) کے قریب ہو گئی تھی۔ ہمارے موضوع سے متعلق آپ کی کتاب کا نام "ابو الشھداء امام حسینؑ" ہے۔

(نقل از معجم مؤلفین جلد دوم صفحہ ۳۷ اور کتاب اعلام تالیف زرکلی جلد ۳ صفحہ ۲۶۶۔)

باب "ف"

فرھاد: میرزا ابن عباس ابن میرزا نائب السلطنۃ ابن فتح علی شاہ قاچار معتمد الدولہ عالم و فاضل اور مورخ تھے۔ آپ مختلف فنون سے آگاہ تھے۔ کتاب "قمقام" امام حسینؑ سے متعلق آپ کے آثار میں سے ہے۔

(ماخذ: کتاب دائرۃ المعارف شیعہ جلد ۱۴)

فضل اللہ بن روزبہان خنجی اصفہانی

آپ کی تاریخ ولادت سنہ ۸۵۲ ہجری ہے۔ بعض نے سنہ ۸۶۰ اور بعض نے سنہ ۸۶۲ بھی بتلائی ہے۔ آپ اصول میں اشعری العقیدہ اور فروع میں شافعی المسلک تھے۔ ساتھ ہی عارف وصوفی منش بھی تھے۔ اپنے دور کے علوم عقلی و نقلی دونوں میں تبحر علمی رکھتے تھے۔

علامہ بزرگوار مطہر حلی رضوان اللہ علیہ نے عقائد تشیع پر ایک کتاب بنام "نہج الحق" تالیف کی تھی۔ فضل بن روزبہان نے انکے جواب میں "ابطال نہج الحق" کے نام سے ایک کتاب لکھی جس میں انتہائی شدید اور سخت لہجہ میں اس کتاب کے فقرہ فقرہ کو رد کیا ہے۔ بعد میں مرحوم آیت اللہ قاضی نور اللہ شوستری (شہید ثالث) نے "ابطال نہج الحق" پر انتقاد کرتے ہوئے کتاب "احقاق الحق" لکھی جسے آیت اللہ شہاب الدین مرعشی نے تحقیق و مصادر کے ساتھ بائیس جلدوں میں چھاپا ہے۔ علامہ بزرگوار شیخ محمد حسن مظفر نے بھی علامہ روزبہان کی کتاب کی رد میں "دلائل الصدق" کے نام سے ایک کتاب لکھی ہے۔

عقائد تشیع کے خلاف انتہائی شد و مد اور تعصب آمیز لہجے میں لکھنے والے مصنف کا ہماری اس کتاب میں نام آنے کی وجہ ان کی کتاب "وسیلۃ النجاۃ الی المخدوم در شرح صلوات بر چہاردہ معصومین" ہے۔ یہ کتاب کافی عرصہ سے نایاب تھی۔ چند سال قبل محقق بزرگوار رسول جعفریان اس کتاب کو دنیا کے قدیم خزائن کتب سے نکال کر لائے اور اس کے متن کو دیگر کتب میں مذکور حقائق سے تصحیح کر کے پیش کیا۔ انتشارات انصاریان نے اس کا اردو ترجمہ بھی نشر کیا ہے۔

اس کتاب میں تمام چودہ معصومین پر صلوات بھیجی گئی ہے۔ ساتھ ہی ہر معصوم کی حیات طیبہ کی تفسیر و توضیح بھی کی گئی ہے۔ موصوف نے امام حسینؑ کی عظمت و بزرگی، یزید و معاویہ کی شیطنت اور آپ کی شہادت و مصیبت پر انتہائی حسرت کے ساتھ قلم اٹھایا ہے اور ولایت و محبت کا مظاہرہ بھی کیا ہے۔

فضل اللہ بن روز بہان، محدث دہلوی، ابوالحسن ندوی یا دیگر افراد نے واقعہ کربلا اور حیات امام حسینؑ کو جس انداز سے بیان کیا ہے اسے پڑھ کر قارئین خود نتیجہ اخذ کر سکتے ہیں۔ تاہم بعض اہل تشیع حضرات جو اہل سنت کے تمام لکھنے اور بولنے والوں کو اسلئے ناصبی اور دشمن اہلبیت گردانتے ہیں کہ وہ لوگ عزاداری کے مخالف ہیں، ان سے ہم درخواست کریں گے کہ وہ دشمنان اہل بیت اور بعض مظاہر و رسومات کے مخالفین میں امتیاز رکھیں تاکہ آپس کے اختلاف اور تناؤ میں کچھ کمی آئے اور دنیائے کفر والحاد کو اسلام کے خلاف بولنے کا زیادہ مواقع نہ ملے۔ اس سلسلہ میں ایک مختصر تجزیہ ملاحظہ ہو:

دشمنان اہل بیتؑ کی پہچان

ہر وہ شخص جو غیر شیعہ ہو، عام محاورہ میں اسے دشمن اہل بیتؑ گردانا جاتا ہے چاہے وہ اہل بیتؑ سے شدید عشق و محبت ہی کیوں نہ رکھتا ہو۔ اسکے برعکس ہر اس شخص کو دوستدار اہل بیتؑ قرار دیا جاتا ہے جو علیؑ کو ماننے کا دعویدار ہو، چاہے وہ اسلام کا مخالف اور علیؑ کے علاوہ دیگر اہل بیتؑ سے عداوت و دشمنی ہی کیوں نہ رکھتا ہو۔ چنانچہ اہل بیتؑ سے محبت رکھنے والوں، انہیں چاہنے والوں اور اہل بیتؑ کی ولایت یعنی پیغمبرؐ کا بلا فصل

جانشین ہونے کا عقیدہ رکھنے والوں کے مابین فرق کو ذہنوں میں واضح کرنے کی ضرورت ہے۔ ذیل میں اس سلسلہ میں ہم چند مفروضے پیش کر رہے ہیں :

۱۔ جو لوگ علیؑ کو خلیفہ بلا فصل نہیں سمجھتے ' وہ سب کے سب دشمنانِ اہل بیتؑ ہیں۔ کیا واقعی ایسا ہے ؟

۲۔ اہل بیتؑ کے وہ جید و ممتاز اصحاب جنہیں آئمہؑ اپنے مکتب کا محافظ سمجھتے تھے جیسے ضرارہ بن حکم ' امان بن تغلب ' ابو بصیر ' ہشام بن حکم ' مالک اشتر نخعی وغیرہ کیا ان حضرات سے دشمنی کا مطلب اہل بیتؑ سے دشمنی ہے ؟

۳۔ ہر دور کے شیعہ خواہ انکا کردار اہل بیتؑ کی سیرت سے کتنا ہی مختلف کیوں نہ ہو ' کیا انکی مخالفت کا مطلب اہل بیتؑ سے دشمنی ہے ؟

۴۔ کیا ناصبی و خوارج جو کھل کر اہل بیتؑ پر سب و شتم کرتے ہیں ' صرف یہ دشمنانِ اہل بیتؑ ہیں ؟

اگر محبت اہل بیتؑ سے مراد یہ ہے کہ پیغمبر اکرمؐ کے بعد اہل بیتؑ کے علاوہ کسی اور کی حکمرانی کو قبول نہیں کرنا ہے تو اس اصول کے تحت آج کے دور کے لادینی نظام کو تسلیم کرنے والا ہر شیعہ دشمن اہل بیتؑ قرار پائے گا۔

اگر اہل بیتؑ پر درود و سلام نہ بھیجنے والے کو ہم دشمن اہل بیتؑ کہیں گے تو بہت سے لوگ جنہیں ہم اہل بیتؑ کا دشمن سمجھتے ہیں وہ دوستدارانِ اہل بیتؑ کی صف میں آجائیں گے۔

اگر ہم ہر دور کے شیعوں کی مخالفت کرنے والوں کو دشمنانِ اہل بیتؑ قرار دینگے تو پھر خود آئمہؑ اطہار سے وارد بعض شیعوں کو اپنا شیعہ ماننے سے انکار کی روایتوں کو کہاں لے جائیں گے۔

یہاں ایک بات واضح کرنا ضروری معلوم ہوتی ہے کہ اکثر علمائے اہل سنت امام حسینؑ کی شہادت کو عالم اسلام کیلئے مصیبت سمجھنے میں اختلاف نہیں رکھتے اور اپنی زبان و قلم سے اس سانحہ کو عالم اسلام کی مصیبت گردانتے ہیں۔ البتہ ہمیں اظہار محبت اور ولایتِ آئمہؑ میں فرق کو سمجھنا چاہئے۔

باب "ک"

کلینیؒ: آپ کا اسم گرامی محمد ابن یعقوب ابن اسحاق کلینی اور کنیت ابو جعفر تھی۔ آپ جنوبی تہران میں واقع شہر رے کے ایک دیہات سے تعلق رکھتے تھے۔ اسی وجہ سے آپکو رازی بھی کہتے ہیں۔ "وسائل الشیعہ" میں لکھا ہے کہ کلین شہر رے میں ایک قریہ یا گاؤں کا نام ہے جہاں سے آپ کا تعلق تھا اور اسی مناسبت سے آپکو کلینی کہتے ہیں۔ شیخ عباس قمی نے "الکنی والالقاب" میں لکھا ہے کہ رے میں ایک قریہ فشاریہ اور دوسرا اورمین ہے۔ گویا شہر رے میں دو قریہ ہیں' ایک کا نام کُلین اور دوسرے کا نام کلین ہے۔ شیخ کلینی کے والد کی قبر بھی یہیں پر ہے۔ بعض کہتے ہیں کہ کُلین شہر رے سے ۳۸ کلو میٹر فاصلہ پر ہے۔

آپ کی تاریخ ولادت کا پتہ نہیں چل سکا۔ بس اتنا معلوم ہے کہ آپ کا دور 'زمانہ' غیبت صغریٰ کا دور تھا اور اسی دور میں آپ نے وفات پائی تھی۔ آپ نے کلین سے بغداد ہجرت فرمائی اور وہاں درس و تدریس کا آغاز کیا۔ آپ خود اپنے دور حیات میں اتنے مشہور و معروف نہ تھے بلکہ آپ نے بعد میں اپنی کتاب کافی کے ذریعے شہرت پائی۔

تمام علمائے رجال نے آپ کا ذکر کیا ہے۔ آغا بزرگ تہرانی نے تو آپ کو نوابغ روایات کے لقب سے یاد کیا ہے۔ اہل تشیع کے نزدیک کافی 'کتب اربعہ میں سے ہے۔ یہ کتاب آٹھ جلدوں پر مشتمل ہے۔ دو جلد فروع 'دووافی من الکافی' دو روضۃ من الکافی اور دو اصول پر ہیں۔ اس کتاب میں امام

حسین علیہ السلام کے بارے میں بہت تفصیل سے بیان موجود ہے۔

بیان کیا جاتا ہے کہ آپ نے سنہ ۳۲۸ اور ۳۲۹ ہجری کے درمیان وفات پائی ہے۔ آپکی قبر باب کوفہ بغداد میں ہے۔

(ماخذ: دار الثقافة الاسلامیة۔ شمارہ ۲۶ محرم' صفر ص ۵۳ / ۱۴۱۰)

باب "م"

مفید علیہ الرحمۃ: محمد ابن نعمان، المعروف شیخ مفید ۱۱ر ذیقعدہ المبارک روز میلاد مبارک امام رضا علیہ السلام، سنہ ۳۳۶ ہجری قمری مطابق ۹۴۷ میلادی کو ایک معروف خاندان میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم اپنے والد کے زیر نظر پائی جو خود ایک معلم تھے۔ اسکے بعد اپنے شہر واسط سے جو بغداد سے ۳ فرسخ کے فاصلہ پر ہے، بغداد منتقل ہوئے۔ بغداد میں شیخ عبدالحسین بن علی، المعروف بالجعل ہمنزلہ بدرب رباح کی تلمذی اختیار کی۔ ابی یاسر غلام ابی الجیش کے پاس بھی پڑھا۔ اپنے استاد محترم، شیخ عبدالحسین کی تجویز پر مشہور متکلم علی بن عیسی الرمانی المعتزلی کے پاس گئے اور اس کے بعد آپ نے تقریباً ۵۶ اساتذہ سے کسب فیض کیا۔

شیخ مفید سے اس دور کے بہت سے معروف اور بڑے بڑے علماء وفقہاء نے کسب فیض کیا۔ ان میں محمد بن الحسین، المعروف شریف رضی متوفی سنہ ۴۰۴ ہجری، علی بن حسین المعروف الشریف المرتضی متوفی سنہ ۴۳۶ ہجری، سلار بن عبدالعزیز الدیلمی متوفی سنہ ۴۵۰ ہجری الشیخ طوسی محمد بن الحسن متوفی سنہ ۴۶۰ ہجری اور محمد بن الحسن بن حمزہ الجعفی متوفی سنہ ۴۶۳ ہجری شامل ہیں۔

آپ کا دور، عباسی حکومت کی بساط کے زوال کا دور تھا۔ ہر جگہ حکمران آزادی طلب طاقتوں کو استقلال فراہم کرنے میں مشغول تھے۔ اسی دوران آل بویہ کو بغداد میں

حکومت ملی۔ آل بویہ شیعہ تھے جس کی وجہ سے شیخ کو کافی سہولتیں میسر آئیں اور اعلیٰ مقام و منزلت حاصل ہوا۔ اس وقت کا حاکم عزالدولہ آپ کی زیارت کیلئے اکثر آپ کے پاس آیا کرتا تھا۔

شیخ کی چھوٹی بڑی تصنیفات تقریباً ۲۰۰ ہیں۔ شیخ مفید اپنے دور کے مباحث' مناظر اور مکتب تشیع کے مدافع تھے۔ آپ کے مبارزات کا ایک میدان تحریفات عقائد تھا۔ اس سلسلے میں آپ نے مفوضہ کو غلات کی ایک قسم گردانا ہے۔ غالی کہتے ہیں کہ آئمہ خدا کی طرح سے موجود قدیم ہیں جبکہ مفوضہ یہ عقیدہ رکھتے ہیں کہ آئمہ موجود قدیم نہیں' حادث ہیں لیکن اللہ نے تخلیق اور رزق ان کے ہاتھ میں دیا ہے۔ شیخ مفیدؒ نے واضح طور پر بیان فرمایا کہ ان کا یہ کہنا کہ آئمہ کو خدا نے خاص طریقے سے خلق کیا اور عالم کی تخلیق ان کے ذمے کی' یہ بھی غلو ہے۔ شیخ مفید نے متکلمین شیعہ کی نمائندگی کرتے ہوئے فرمایا کہ مکتب تشیع غلو سے خالی ہے۔ اس سلسلہ میں انہوں نے امام سجاد علیہ السلام کی یہ حدیث نقل کی کہ "کوئی شخص بھی ہماری منزلت کو مسلمانوں سے اونچا نہ بیان کرے۔ ہم سے محبت اسلام کے دائرے میں رہتے ہوئے کی جائے۔ جس محبت کا تمہاری طرف سے مظاہرہ ہوتا ہے' وہ ہمارے لئے عار ہے"۔ غلو کبھی شخص میں اور کبھی مبداء میں ہوتا ہے۔ غلات ملحد و زندیق ہیں۔

آپ نے شب جمعہ' ۳ رمضان المبارک' سنہ ۴۱۳ ہجری بمطابق یکم دسمبر ۱۰۲۲ میلادی کو وفات پائی۔ اسی (۸۰) ہزار افراد نے آپ کی نماز جنازہ میں شرکت کی۔ شریف مرتضیٰ علی بن حسین نے آپ کی نماز جنازہ پڑھائی۔ آپ کو بغداد میں آپکے اپنے گھر میں دفن کیا گیا۔ بعد میں آپکے جسد خاکی کو امام موسیٰ کاظم اور امام تقی الجواد علیہم السلام کے جوار میں کاظمین منتقل کیا گیا۔

(ماخذ: مجلۃ الثقافۃ الاسلامیۃ۔ ۴۸۔ ۱۴۱۳ رمضان' شوال۔ ص ۲۷)

محمد حسین کاشف الغطاء

آپ کا نام گرامی محمد حسین ابن شیخ علی ابن رضا ابن موسیٰ ابن شیخ جعفر ہے۔ کاشف الغطاء ایک نامور مجتہد' ادیب اور فقیہ تھے۔ آپ نجف میں پیدا ہوئے' ایران میں وفات پائی اور نجف الاشرف میں دفن ہوئے۔ آپ کی شخصیت کے متعلق تفصیلی حالات

مندرجہ ذیل کتب میں دیکھے جاسکتے ہیں :
اعلام جلد ۶ صفحہ ۳۳۹ ذریعہ جلد ۱ صفحہ ۳۶ ذریعہ جلد ۴ صفحہ ۴۷۹ ذریعہ جلد ۲۳ صفحہ ۲۳۲ ریحانۃ الادب جلد ۵ صفحہ ۲۷ طبقات الشیعہ جلد ۱ صفحہ ۶۱۲ لغت نامہ جلد ۱ صفحہ ۱۷۹ معجم مولفین جلد ۹ صفحہ ۲۵۰۔

آپ کی تصانیف میں "مقتل الحسینؑ"، "جنت الماویٰ"، "فردوس اعلیٰ" میں عزاداری سے متعلق سوالات وجوابات اور "سیاسیہ الحسینیہ" شامل ہیں۔

محمد مہدی مازندرانی

شیخ محمد مہدی بن شیخ عبدالھادی بن شیخ ابوالحسن بن شاہ محمد بن عبدالھادی ' ہزار جریدی مازندرانی حائری سنہ ۱۲۹۳ ہجری میں کربلا میں پیدا ہوئے۔ انہوں نے مقدمات علوم عربی اور اصول فقہ 'عبدالھادی مازندرانی کے پاس پڑھا۔ فن خطابت میں داخل ہوئے اور مصائب امام حسینؑ پڑھنے میں ذاکرین کی صف اول میں قرار پائے 'شیخ الخطباء کا لقب حاصل کیا۔ انہوں نے سیرت حضرت پیغمبرؐ و فاطمہ سلام اللہ علیھا اور امام حسنؑ و امام حسینؑ پر درج ذیل کتابیں لکھی ہیں : شجرۃ الطوبیٰ ' کوکب دری 'نورالابصار فی احوال ائمۃ الاطہار ' فوائد روحانیہ 'عوائد رحمانیہ اور معالی السبطین فی الاحوال سید الحسنؑ والحسینؑ۔

انکی کتابوں کے مصادر وماخذ میں زیادہ تر ضعیف السند کتابیں شامل ہیں۔ "معالی السبطین" جو دو جلدوں پر مشتمل ہے 'اس کے مصدر وماخذ "اسرار الشہادۃ"، "روضۃ الشہداء"، "قمقام"، "کبریت احمر" وغیرہ جیسی ضعیف السند کتابیں ہیں۔ وہ اپنی بات کو کبھی بغیر کسی سند کے اور کبھی کسی مخصوص کتاب کو سند بنا کر پیش کرتے ہیں۔ نہ صرف یہ بلکہ انکی اس کتاب میں موجود ایک مجلس دوسری سے بھی تضاد رکھتی ہے۔

ایک قابل توجہ نکتہ یہ ہے کہ مرحوم مازندرانی جنھوں نے اپنی کتاب میں انتہائی گریہ آور مصائب بیان کئے ہیں 'قطع نظر اس بات سے کہ ان کا ماخذ ضعیف یا بے سند ہی کیوں نہ ہو' وہ بھی حضرت سکینہ کی وفات کا شام میں ذکر نہیں کرتے بلکہ مدینہ میں بتلاتے ہیں۔

(ماخذ : حسینؑ اور حسینیون۔ ص ۲۷۵)

محسن امین عاملی

مصلح کبیر ' حضرت آیت اللہ العظمیٰ ابو

محمد باقر محسن بن سید عبدالکریم بن سید علی بن سید محمد امین حسینیؒ' سنہ ۱۲۸۴ ہجری مطابق سنہ ۱۸۶۵ عیسوی کو لبنان کے شہر جبل عامل کے قریہ شقرا میں پیدا ہوئے۔ اپنے علاقے کے بزرگ علمائے دین سے ابتدائی علوم حاصل کرنے کے بعد سنہ ۱۳۰۸ ہجری میں اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کیلئے نجف الاشرف تشریف لے گئے۔ وہاں آپ اس وقت کے مراجع وفقہائے عظام' بالخصوص شیخ آغا رضا ہمدانی 'شیخ محمد طہ نجفی' شیخ الشریعہ آیت اللہ شیخ محمد کاظم معروف بہ اخوند خراسانی وغیرہ کے دروس خارج میں شرکت فرماتے تھے۔ سنہ ۱۳۱۹ ہجری میں اپنے شہر کے مومنین کی خواہش پر نجف اشرف چھوڑ کر دمشق تشریف لے گئے۔ یہاں آپ نے علماء اور مجتہدین کی روایتی اور تقلیدی سرگرمیوں سے ہٹ کر اجتماعی اور سیاسی زندگی کے تمام شعبوں میں اپنا کردار ادا کرنا شروع کیا۔

آپ نے معاشرے کی فکری اور نظری اصلاحات کی خاطر تعلیم وتربیت کو فروغ دیا۔ اس مقصد کیلئے مدارس دینی اور مدارس مروجہ کی تاسیس کا اہتمام کیا۔ دمشق اور لبنان کے ماحول پر حاوی سیکولر نظریات یعنی دین کو سیاست سے جدا کرنے اور قومیت کے شعار کو فروغ دینے والی تحریکوں کو دیکھ کر' اپنی ذمہ داری اور مسئولیت کا احساس کرتے ہوئے آپ نے سیاست میں قدم رکھا۔ فرانس کی استعمار گری سے آزادی حاصل کرنے والی تحریکوں میں آپ پیش پیش رہے۔

آپ کی شخصیت پر تفصیلی روشنی ڈالنے اور آپ کی فکری' علمی 'اجتماعی اور سیاسی 'تمام میدانوں میں خدمات پیش کرنے کی اس کتاب کے صفحات میں گنجائش نہیں ہے۔ لہٰذا موضوع کی مناسبت کو پیش نظر رکھتے ہوئے ہم یہاں پر آپ کی صرف ان اصلاحات کی طرف اشارہ کرینگے جو عزاداری امام حسینؑ سے مربوط ہیں۔

ان دنوں شام اور لبنان میں مجالس عزاء میں انحرافات وخرافات اپنی انتہا کو پہنچے ہوئے تھے۔ قمہ زنی وزنجیر زنی کا رواج عام تھا۔ ان مجالس میں فرضی احادیث اور کہانیوں کو برملا فروغ مل رہا تھا۔ ان افسوسناک حالات کو دیکھ کر آپ نے انتہائی جرات 'شہامت اور شجاعت کا مظاہرہ کرتے ہوئے' انکی اصلاح کے لئے

قدم اٹھایا۔ ان غیر شرعی مراسم کو بروقت روکنے کی خاطر اس کی حرمت پر فتویٰ جاری کیا اور اس پر مسکت دلائل پیش کئے۔ اس سلسلے میں آپ نے ایک کتاب "اقناع اللائم فی اقامۃ المأتم" کے نام سے تالیف کی۔ اس کے علاوہ صحیح روایات پر مشتمل تاریخ نہضت حسینی سے متعلق تصانیف پیش کر کے حق حسین ادا کرنے کی کوشش کی۔ دوسری جانب قیام امام حسینؑ کو صحیح، مستند اور مدلل تاریخی اسناد کے ساتھ پیش کرنے کیلئے تصنیف وتالیف کی مہم چلائی۔ اس سلسلے میں آپ کی متعدد تصانیف ہیں، جن میں سے چند یہ ہیں:

۱۔ لواعج الاشجان فی مقتل الحسینؑ

۲۔ مجالس السنیہ

۳۔ در النزید فی مراثی سبط الشہید

۴۔ اعیان الشیعہ

۵۔ مقتل الحسین الشہید بکربلا

۶۔ اصدق الاخبار فی قصۃ الاخذ بالثار

آپ کی کتابوں کا تعارف "اعیان الشیعہ" جلد ۱۰ صفحہ ۳۳۶ "ذریعہ" جلد ۱ صفحہ ۲۷۴، جلد ۲ صفحہ ۲۴۸، جلد ۹ صفحہ ۱۰۲ "ریحانہ الادب" جلد ۱ صفحہ ۱۸۳، "لغت نامہ مادہ محسن" صفحہ ۵۳۳ اور "معجم مولفین" جلد ۸ صفحہ ۱۸۳ پر موجود ہے۔

آپ نے ۴ رجب المرجب سنہ ۱۳۷۱ھ بمطابق سنہ ۱۹۵۲ عیسوی کو بیروت میں وفات پائی۔ آپ کو جوار سیدہ زینب سلام اللہ علیہا میں دفن ہونے کی سعادت ملی۔

(ماخذ = مجلہ توحید ۵۲ صفحہ ۹۷، الحسین والحسینیون، ص ۱۷۱)

محمد علی عالمی

آیت اللہ محمد علی عالمی مرحوم حجۃ الاسلام والمسلمین آقائے شیخ جواد کے فرزند ہیں۔ سنہ ۱۳۰۶ ہجری شمسی میں رمضان کے مہینے میں دامغان (ایران) کے ایک قریہ تجاجی میں پیدا ہوئے۔ سنہ ۱۳۲۲ ہجری شمسی میں دامغان شہر آئے۔ یہاں آپ نے الحاج غلام حسین خیری سے کسب فیض کیا۔ اس کے بعد آیت اللہ شیخ علی دامغانی کے پاس ہمدان پہنچے۔ سنہ ۱۳۳۱ ہجری شمسی میں قم تشریف لائے۔ یہاں آپ نے آقائے بروجردی، آیت اللہ گلپایگانیؒ اور امام خمینیؒ کے دروس میں شرکت کی۔ اسی طرح آپ نے علامہ محمد حسین طباطبائی سے بھی کسب فیض کیا۔

آپ سنہ ۱۳۴۲ ہجری شمسی میں آیت اللہ گلپایگانیؒ کی طرف سے نمائندگی پر سمنان اعزام کیے گئے۔ ۱۳۵۸ ہجری شمسی میں محکمۂ عدالت میں قضاوت کے منصب پر معین ہوئے۔ اس منصب پر دس سال رہنے کے بعد تصنیف و تالیف میں مشغول ہوئے۔ سنہ ۱۳۶۷ ہجری شمسی میں کتاب "حسینؑ نفس مطمئنہ" فارسی زبان میں تصنیف کی جو آپ کی گرانقدر کتابوں میں شمار ہوتی ہے۔ واعظین و مقررین آپ کی اس تالیف سے فیضیاب ہوتے رہے ہیں۔ یہ کتاب اپنی نوعیت کے لحاظ سے بہترین ہے۔ امام حسینؑ کے تمام کلمات اور جناب زینبؑ و امام سجادؑ کے تمام خطبے اس کتاب میں موجود ہیں۔ اسکے علاوہ آپ کی بہت سی دیگر تصانیف بھی ہیں لیکن انکا ہمارے موضوع سے تعلق نہیں ہے۔

محدث قمی

شیخ عباس محدث قمی مکتب اہل بیت سے تعلق رکھنے والے علماء و مراجع میں سب سے زیادہ جانی پہچانی شخصیت ہیں۔ اس شہرت کی وجہ اہل بیت اطہارؑ سے متعلق اسکے متعدد آثار جاویدانی ہیں۔ ان کی شخصیت محتاج تعریف و تعارف نہیں ہے۔ تاہم یہاں ہمارا مقصد اپنے موضوع کا حق ادا کرتے ہوئے ان کے بارے میں بھی چند سطور لکھ کر اپنی کتاب کی قدر و قیمت اور اسکی سند میں اضافہ کرنا ہے۔

شیخ محدث قمی ۱۲۹۴ ہجری قمری مطابق ۱۸۷۶ء میں شہر مقدس قم میں پیدا ہوئے۔ آپکا نام عباس ابن محمد رضا ابن ابوالقاسم ہے۔

بچپن اور جوانی کا زمانہ اسی شہر میں گذرا۔ سنہ ۱۳۱۴ ہجری میں ہجرت کر کے آپ نجف اشرف چلے گئے۔ یہاںپر آپ نے آیت اللہ مرحوم کاظم یزدی' صاحب "العروۃ الوثقیٰ" اور مرحوم الحاج حسین نوری کے دروس میں شرکت کی۔ سنہ ۱۳۱۸ ہجری میں زیارت خانہ خدا سے مشرف ہوئے۔ اس کے بعد آپ نے مرحوم میرزا حسین المعروف محدث نوری' صاحب کتاب "لؤلؤ والمرجان" کے محضر میں کشف فیض کیا اور ساتھ ہی کتاب مستدرک الوسائل کی تالیف میں ان کی معاونت بھی کرتے رہے۔ ان کی رحلت کے بعد آپ واپس قم تشریف لے آئے۔

۱۳۳۱ ہجری میں قم چھوڑ کر، مشہد مقدس میں رحل اقامت فرمائی۔ ۱۲سال مشہد میں گزارے اور حوادث مسجد گوہر شاد کے بعد دوبارہ کربلا ہجرت فرمائی۔ آپ نے اپنی بابرکت وپر فیض حیات طیبہ میں ۶۲ کتابیں تصنیف وتالیف کی ہیں۔ ان میں ہمارے موضوع یعنی قیام مقدس امام حسین علیہ السلام سے متعلق جو کتابیں ہیں وہ یہ ہیں:

۱۔ مفاتیح الجنان: زیارات پر مشتمل مشہور ومعروف کتاب۔

۲۔ منتھی الآمال: آئمہ کی حیات پر مشتمل کتاب، اس کتاب میں امام حسینؑ سے متعلق مفصل باب ہے۔

۳۔ نفس المہموم: عربی میں قیام امام حسینؑ سے متعلق مفصل کتاب ہے۔

۴۔ نفس المسدود: نفس المہموم کا تکملہ و تتمہ اور تخمہ ہے۔

۵۔ انوار البھیہ: زندگانی چہاردہ معصومینؑ۔

۶۔ الانوار البھیہ فی تواریخ الحجج الالہیۃ۔

آپ آغا بزرگ تہرانی کے ہم حجرہ وہم درس ودوست تھے۔ آغا بزرگ تہرانی آپ کو شریف النفس، صاحب تواضع، صفات پسندیدہ، اخلاق ستودہ، فضل، تقویٰ اور زہد کا مالک سمجھتے تھے۔

آپ ۲۳ ذوالحجہ ۱۳۵۹ ہجری کو ملکوت اعلیٰ سے پیوست ہوئے۔ آیت اللہ ابوالحسن اصفہانی نے آپ کی نماز جنازہ پڑھی۔ حرم حضرت امیرالمومنینؑ کے باب قبلہ میں آپ کی قبر مطہر ہے۔

آپ کی شخصیت کا تعارف درج ذیل کتابوں میں دیکھا جاسکتا ہے:

"اعیان الشیعہ" ج ۱۔ ص ۴۲۵،
"ذریعہ"۔ ج ۱۔ ص ۴۱۹۔ ج ۱۳۔ ص ۱۸۵۔ ج ۴۔ ص ۱۳۷۔ ج ۲۱۔ ص ۱۰۴
"ریحانۃ الادب"۔ ج ۴۔ ص ۴۸۷
"طبقات الشیعہ"۔ ج ۱۔ ص ۶۔

(ماخذ: مجلہ نور العلم شمارہ مسلسل ۱۴۔ یا شمارہ ۲ دورۂ دوم)

مرتضیٰ عسکری

آیت اللہ سید مرتضیٰ عسکری ۸/ جمادی الثانی سنہ ۱۳۳۲ ہجری کو عراق کے شہر مقدس سامراء میں پیدا ہوئے۔ درس سطحیات و مقدمات کے بعد ۱۳۴۶ ہجری میں یہاں سے ہجرت کی۔ ۱۳۵۰ ہجری سے ۱۳۵۳ تک قم میں قیام کیا۔ قم میں درس و تدریس کیلئے السید شہاب الدین

مرعشی نجفی، شیخ محمد حسین شریعتمدار، سید روح اللہ الموسوی خمینیؒ سے فیض حاصل کیا۔ عقائد میں شیخ میرزا خلیل کمرہ ای سے اور تفسیر کیلئے شیخ مہدی شہید سے درس پڑھا۔ اس کے بعد تمام تر توجہ میر تاریخ پر مرکوز کردی اور تشیع کے دفاع پر بہت سی کتابیں تالیف فرمائیں۔ آپ نے کاظمین اور سامراء میں دینی تعلیم کیلئے مدارس ترتیب دیئے انہی میں سے ایک معالم المدرستین بھی ہے۔ قیام امام حسینؑ سے متعلق آپ کی کتاب "اثر قیام الامام الحسینؑ فی احیاء سنۃ الرسول" ہے۔

(ماخذ: رسالہ موسم۔ عدد ۱۶۔ ص ۳۰۵)

محتشم کاشانی:

محتشم کاشانی خواجہ میر احمد کے بیٹے ہیں۔ کمال الدین شمس الشعراء شاعر تھے۔ آپ سنہ ۹۹۶ ہجری مطابق ۱۵۸۷ میلادی میں کاشان میں پیدا ہوئے۔

فن شاعری آپ نے اختر آبادی سے سیکھی تھی۔ آپ کے اشعار مذہبی نوعیت کے ہوتے تھے جو بالخصوص مدح ائمہ طاہرین کے حوالے سے اپنے دور میں کافی مشہور تھے۔

آپ کے آثار میں کلیات محتشم بہت مشہور ہے جسے آپ کی وصیت کے مطابق آپ کے ایک شاگرد میر تقی الدین کاشانی نے مرتب کیا تھا۔ اسکے علاوہ امام حسینؑ پر بارہ بندوں پر مشتمل مرثیوں کا مجموعہ "دیوان جامع الطائف" بھی آپ کے آثار میں سے ہے۔ آپ کا تعارف "احسن التواریخ" صفحہ ۵۳۶ پر تفصیلاً بیان ہوا ہے۔ اس کے علاوہ "اعیان الشیعہ" صفحہ ۴۵ "تاریخ ادبیات" جلد ۵ صفحہ ۷۹۲ "تاریخ نظم ونثر" صفحہ ۴۴۵ پر "الذریعہ" جلد ۹ صفحہ ۹۷۲ "ریحانۃ الادب" جلد ۵ صفحہ ۲۵۵ "طبقات قرن دہم" صفحہ ۱۹۸ اور "فرہنگ سخنوران" صفحہ ۵۱۵ پر بھی آپ کی شخصیت کا تعارف موجود ہے۔

محمد مہدی شمس الدین

آیت اللہ محمد مہدی شمس الدین بن شیخ عبدالکریم شمس الدین کا سلسلہ نسب شہید اول محمد ابن مکی جزینی سے ملتا ہے۔

آپ ۱۳ شعبان المعظم سنہ ۱۳۵۴ ہجری کو شہر مقدس نجف میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم اپنے والد محترم اور علماء نجف سے حاصل کی۔ علوم درس خارج آیت اللہ

سید محسن الحکیم سے اور فقہ واصول کی تعلیم آیت اللہ سید ابو القاسم خوئی سے حاصل کی۔

آپ آیت اللہ محسن الحکیم کے دور سے ہی تصنیف و تالیف میں مشغول ہو گئے تھے۔ آپ کی تالیفات شروع ہی سے اسلامی ریاست، نظام سیاست اور نظام اجتماعی سے متعلق ہوتی تھیں۔

آپ نجف اشرف میں الفقہ کالج کے رکن تھے جس کی بنیاد انجمن مجلس نشر نے رکھی تھی۔ آپ اس انجمن کے بانیوں میں سے تھے۔

آپ نے ۱۹۶۹ عیسوی میں لبنان مراجعت فرمائی اور وہاں "تل الزعتر" کے علاقے میں مذہبی سرگرمیاں شروع کیں۔ مجلس اعلیٰ شیعی میں شریک رہے۔ سنہ ۱۹۷۵ میں مجلس اعلیٰ شیعی کے نائب صدر مقرر ہوئے۔ اس وقت سے وقتِ رحلت تک آپ لبنان میں شیعہ مسلمانوں کے امور کی ذمہ داری سنبھالے ہوئے تھے۔ امام موسیٰ صدر کے اغوا کے بعد ایک طویل عرصہ تک آپ مجلس اعلیٰ کے نائب صدر رہے۔

مجلس اعلیٰ شیعی کے آئین کے تحت جب موسیٰ صدر کی ریاست ختم ہو گئی تو آپ مجلس اعلیٰ کے صدر منتخب ہوئے۔

آپ اپنے دور میں قلم وبیان دونوں حوالوں سے نابغۂ روزگار تھے۔ آپ کو فن خطابت پر عبور تبوغ حاصل تھا۔ مجالس امام حسینؑ میں شوق وشغف کے ساتھ خطاب کرتے تھے۔ آپ نے قلم وبیان دونوں سے اہداف مقدس امام حسینؑ کی پاسداری کی۔ اس مقدس قیام کو افسانوں، جعلی رسومات کے دلدل اور تاجران مصائب امام حسینؑ کی گرفت سے نکالنے اور اس پر پڑنے والے گرد وغبار کو صاف کرنے میں ہمیشہ مصروف رہے۔

قیام مقدس امام حسینؑ کے علمی، فلسفی اور فقہی زاویوں کو اجاگر کرنے کیلئے آپ نے درج ذیل کتابیں تحریر فرمائی ہیں:

ثورۃ الحسینؑ۔ مطبوعہ دار الاندلس۔ بیروت لبنان

انصار الحسینؑ۔ تاریخ طبع ۱۴۰۱ ہجری، صفحات ۲۲۵

شہدائے کربلا کی خاندانی تقسیم۔

ثورۃ الحسینؑ ظروفہا الاجتماعیہ وآثارھا الانسانیہ

ثورۃ الحسینؑ فی وجدان الشیعی

الحسینؑ قصہ حیاتیہ وثوریۃ
عاشورائی السنۃ۔ تاریخ طبع ۱۴۰۲ ہجری

مودودی

سید ابوالاعلیٰ مودودی سنہ ۱۳۲۱ ہجری مطابق ۲۵ ستمبر سنہ ۱۹۰۳ عیسوی کو ہندوستان کے شہر اورنگ آباد میں پیدا ہوئے۔ مولانا مودودی نے ابتدائی تعلیم اپنے والد سید احمد حسن کی نگرانی میں حاصل کی۔ آپ کے والد نے عربی اور دینی تعلیم کیلئے اساتذہ کا بندوبست کیا تھا۔ آپ نے اورنگ آباد کے مدرسہ فوقانیہ میں تفسیر، حدیث، فقہ، ریاضی اور عربی ادب میں اعلیٰ مدارج طے کئے۔

سنہ ۱۹۱۹ء میں ججے پور سے شائع ہونے والے جریدہ "تاج" کے مدیر مقرر ہوئے۔ سنہ ۱۹۲۰ء میں جمعیت علمائے ہند کے اخبار "مسلم" کے مدیر مقرر ہوئے۔ سنہ ۱۹۲۳ء میں بھوپال چلے گئے۔ وہاں آپ نے عربی اور انگریزی کتابوں کا مطالعہ جاری رکھا۔ سنہ ۱۹۲۵ء میں اخبار "الجمعیۃ" کے مدیر مقرر ہوئے۔

سنہ ۱۹۲۶ء میں جب مولانا محمد علی جوہر کی جامع مسجد دہلی کی تقریب میں اسلام کے خلاف اٹھائے گئے الزامات کے جواب لکھنے والا نہ پایا تو آپ کو اس پر بہت افسوس ہوا اور پھر خود آپ نے اس ذمہ داری کو اٹھانے کا ارادہ کیا۔ ۲۴ سال کی عمر میں کتاب "الجہاد فی الاسلام" لکھی۔ سنہ ۱۹۳۳ء میں رسالہ "ترجمان القرآن" جاری کیا اور اس کے ذریعہ مشرق و مغرب کی پست اور الحادی ثقافت کا مقابلہ کیا۔ مولانا نے اپنے رسالہ کے ذریعے الحادی نظریات کے خلاف برملا جہاد کیا۔ ان کی تصنیف مدلل اور سائینٹفک ہوتی تھی۔ سنہ ۱۹۴۱ء میں اسلامی نظام حکومت کا خاکہ تیار کرنے کیلئے مسلم لیگ میں شامل ہوئے۔ سنہ ۱۹۴۲ء میں مشہور تفسیر "تفہیم القرآن" لکھنا شروع کی۔ سنہ ۱۹۷۲ء میں اس کو مکمل کیا۔ یہ وہ زمانہ تھا جب گمراہ قادیانی اور احمدی پاکستان میں اہم عہدوں پر فائز تھے۔ ہماری کتاب کی مناسبت سے آپکا ذکر آپ کا وہ تاریخی خطاب ہے جو آپ نے امام حسینؑ کی شہادت سے متعلق بیان فرمایا' جسے ذکر شہادت حسینؑ کے نام سے نشر کیا گیا ہے' اس کے علاوہ آپ کی مشہور و معرف کتاب "خلافت والملوکیت" میں امام حسینؑ کے قیام کا ذکر ہے۔

(ماخذ: ا۔ مجلہ ندائے اسلام ۷۔ جلد ۴۔ ۳۲ ہندوستان۔ ۲۔ استشھادالامام الحسین ترجمہ از احمد ادریس۔ ۳۔ مجلہ توحید عربی ۴۲۔ ص ۱۳۹)

محمد یزدی

آیت اللہ محمد یزدی، خلف صالح حجۃ الاسلام والمسلمین شیخ علی یزدی، سنہ ۱۳۱۰ ہجری شمسی کو ایران کے شہر اصفہان میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی دروسِ عربی ادب اور فقہ واصول اصفہان کے حوزہ سے حاصل کیے۔ اس کے بعد قم کی طرف ہجرت کی۔ قم میں آیت اللہ بروجردی اور امام خمینیؒ سے فقہ و اصول پڑھا جبکہ علم تفسیر وفلسفہ آیت اللہ محمد حسین طباطبائی سے حاصل کیا۔

آپ انقلاب اسلامی کی سرگرمیوں میں دیگر علماء کے دوش بدوش سرگرم عمل رہے، زندان بھی گئے اور جلاوطنی کی مشکلات سے بھی گزرے۔ انقلاب کی کامیابی کے بعد مجلس خبرگان کے رکن منتخب ہوئے جو دستور بنانے کیلئے مقرر کی گئی تھی۔ شوریٰ اسلامی میں رئیس مجلس منتخب ہوئے۔ اس کے بعد شوریٰ نگہبان کے رکن منتخب ہوئے۔ امام خمینیؒ کی رحلت کے بعد نظام عدلیہ کے رئیس مقرر ہوئے۔ آپ کی تالیفات میں سے ایک "حسین شناسی" ہے جو آپ نے ۲۰، ۳۰ سال قبل تالیف کی تھی۔ اس کتاب کا اردو ترجمہ دارالثقافۃ اسلامیہ کی قیام امام حسینؑ سے متعلق شائع ہونے والی کتابوں میں سب سے پہلی کتاب ہے۔

(ماخذ: کتاب۔ اسس الایمان فی القرآن)

محمد شفیع اکاڑوی

مولانا محمد شفیع اکاڑوی سنہ ۱۹۳۰ عیسوی میں ہندوستان میں مشرقی پنجاب کے علاقے کھیم کرن میں پیدا ہوئے۔ آپ کے والد حاجی شیخ کرم الٰہی پنجاب کی شیخ برادری کے ایک معزز شخص تھے۔ آپ کے آباؤ اجداد یمن سے ہجرت کرکے، یہاں آئے تھے۔ آپ نے کم عمری میں ہی قرآن حفظ کر لیا تھا۔ آپ اہل سنت کے بریلوی مسلک سے تعلق رکھتے تھے۔ آپکے فن خطابت کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ آپ نے ۱۸۰۰۰ سے زائد خطاب کئے۔ آپ نے تحریک پاکستان، تحریک نظام مصطفوی اور تحریک ختم نبوت میں بھرپور شرکت کی۔ قومی اسمبلی اور مجلس شوریٰ میں قانون سازی کی ذمہ داریاں نبھائیں۔ آپ کو اہل بیتؑ سے

ایک خاص عقیدت تھی' بالخصوص حضرت امام حسینؑ سے عقیدت آپ کی تحریر و تقریر سے عیاں ہے۔ اپنی تحریر و تقریر میں آپ امام حسینؑ کی حقانیت کو ثابت کرتے تھے۔ اس سلسلے میں آپ نے ایک کتاب "امام پاک اور یزید پلید" بھی تحریر فرمائی جسے ضیاء القرآن' اردو بازار لاہور نے نشر کیا ہے۔ ۲۱ رجب سنہ ۱۴۰۴ ہجری 'مطابق ۲۴ اپریل سنہ ۱۹۸۴ عیسوی کو مجلس عزا امام حسین علیہ السلام کے یہ خطیب اس دار فانی سے کوچ کر گئے۔

(ماخذ: ھند ٹوٹ گیا۔ سید سبط شبر زیدی)

محدث نوری

آیت اللہ العظمیٰ میرزا حسین نوری المعروف بہ محدثِ نوری' علامہ میرزا محمد تقی نوری طبرسی' (متولد سنہ ۱۲۰۱ ہجری' متوفی سنہ ۱۲۶۳ ہجری قمری) کے فرزند ارجمند تھے۔ علامہ میرزا محمد تقی ایران کے شہر مازندران کے بڑے دانشمند' معتمد اور مورد اطمینان پیشواؤں میں سے تھے 'کثیر تعداد میں لوگ آپ کے مقلد تھے۔ محدث نوری کے دادا علی محمد مازندرانی حکومت کے کارندوں میں سے تھے۔ انہوں نے اپنے بیٹے کو بھی اسی راہ پر لگانے کی کوشش کی لیکن محمد تقی نوری شروع ہی سے آزاد طبیعت کے مالک تھے۔ چنانچہ مال و منال اور جاہ و مقام آپ کو دھوکہ نہیں دے سکے۔ آپ صورت کی بجائے ہمیشہ سیرت کی فکر میں رہتے تھے۔ اسی وجہ سے جلال الدین رومی کے اس شعر کے مصداق قرار پائے:۔

خاتم ملک سلیمان است علم
جملہ عالم صورت و جان است علم

آپ اپنے آپ کو کبھی درھم و دینار کے مقابلے میں مجذوب نہیں ہونے دیتے تھے بلکہ ہمیشہ وارثان انبیاء اور وارثان علماء کے خواستگار رہتے تھے۔ چونکہ آپ کے والد اور عزیز رشتہ دار علم دین سیکھنے پر راضی نہیں تھے 'اسلئے آپ گھر سے فرار ہوگئے۔ شوق علم نے آپ کو اصفہان کی طرف ہجرت پر مجبور کیا۔ چند سال تکمیل مقدمات میں گزارنے کے بعد حکیم سید محمد مجاہد معروف حکیم نوری کے حضور میں کسب فیض کیا۔ اپنی عمر کے تیسویں سال آپ وطن واپس آئے اور ایک چھوٹا سا حوزہ اپنے علاقے میں تعمیر کیا۔ میرزا محمد تقی اس حوزے میں اپنے خانوادے کے لوگوں اور عزیزوں کی تربیت

کو ترجیح دیتے تھے۔ تعلیم و تربیت کے ساتھ ساتھ آپ نے تحقیق پر بھی نظر رکھی اور اس سلسلے میں بہت سی کتابیں تالیف کیں۔

محمد تقی نے اپنی تمام عمر علم و تحقیق میں گزارنے کے بعد سنہ ۱۲۶۳ ہجری میں نجف اشرف میں وفات پائی۔ آپ نے اپنے پیچھے پانچ صالح، ممتاز اور برجستہ فرزند اور بہت سے قابل شاگرد جوار امیر المومنین میں چھوڑے۔ محدث نوری اور آپکے دیگر چاروں فرزند انتہائی دانشمند تھے اور علم و فضل میں مثل ستارہ ایک دوسرے کے گرد گھومتے تھے۔ محدث نوری سارے بھائیوں میں سب سے چھوٹے تھے، یہی وجہ تھی کہ میرزا محمد تقی نے خامس آل عبا امام حسین علیہ السلام کے نام سے منسوب کر کے ان کا نام حسین رکھا تھا۔

مرحوم حسین نوری شہر نور کے یالو نامی دیہات میں سنہ ۱۲۵۴ ہجری میں پیدا ہوئے۔ سنہ ۱۲۷۳ ہجری میں آپ نے عراق کی طرف ہجرت کی۔ چار سال بعد نجف اشرف چھوڑ کر ایران واپس آئے۔ سنہ ۱۲۷۸ ہجری میں دوبارہ عراق گئے۔ اس وقت آیت اللہ عبدالحسین تہرانی معروف بہ عراقین کے ساتھ کربلا میں قیام کیا، اسکے بعد شہر کاظمین میں مشغول تحصیل ہوئے۔ سنہ ۱۲۸۰ ہجری میں جب آپ کی عمر ۲۶ سال تھی، ادائے فریضہ حج کیلئے حجاز روانہ ہوئے۔ حج کے بعد عراق واپس آئے اور آیت اللہ شیخ مرتضیٰ انصاری، صاحب مکاسب کے دروس میں شرکت کی لیکن چند مہینوں کے بعد ہی شیخ مرتضیٰ انصاری وفات پا گئے۔ چنانچہ سنہ ۱۲۸۴ ہجری میں آپ دوبارہ ایران آئے اور آستانہ قدس کی زیارت کی۔ اسوقت ایرانی ظالم حاکم قاچار کے ہاتھوں اسیر تھے۔ ایرانیوں کے یہ حالات دیکھ کر سنہ ۱۲۸۶ھ میں آپ واپس عراق چلے گئے۔

اس سال شیخ عراقین اس دار فانی سے کوچ کر چکے تھے۔ ان کے فراق کی مصیبت کو آپ نے برداشت کیا اور اس دفعہ عراق ہی میں قصد اقامت کیا۔ سنہ ۱۲۹۷ ہجری میں دوسری مرتبہ حج کیلئے گئے۔ سنہ ۱۲۹۹ھ میں زیارت امام رضاؑ کیلئے مشہد تشریف لائے اور یہاں سے پھر شہر سامرا چلے گئے۔ وہاں پر آپ نے شیخ میرزا محمد شیرازی، آخوند ملا شیخ سلطان داماد اور فضل اللہ نوری

کے دروس میں شرکت کی اور انہیں کے ساتھ سامرا کو رونق بخشی۔ آپ ایک پروانے کی طرح سے میرزا شیرازی کے گرد رہتے اور خدمت گاری کے فرائض انجام دیتے تھے۔ آغا بزرگ تہرانی لکھتے ہیں کہ علامہ نوری مجدد شیرازی کے بزرگ ترین اور قدیم ترین یاران باوفا میں سے تھے۔ آپ بہت سے کام ان ہی سے کرواتے تھے۔

آپ کی کتابوں میں مستدرک الوسائل بہت مشہور ہے۔ یہ کتاب مجتہدین کی توجہ کا مرکز رہی ہے۔ آپ نے ۴۴ کتابیں لکھی ہیں۔ آپ کے زمانے میں بھی مجالس امام حسین علیہ السلام میں مرثیہ خوانوں اور ذاکرین کی طرف سے لاابالی پن' جھوٹ اور افسانہ پردازی اپنی انتہا کو پہنچی ہوئی تھی۔ آپ نے قیام مقدس امام حسین علیہ السلام کو یوں توڑ مروڑ کر پیش کر تا دیکھ کر احساس ذمہ داری کے تحت ان خرافات کی نشاندہی اور اصلاح احوال کی خاطر ایک کتاب "لولو والمرجان" لکھی۔ عزاداری امام حسینؑ کے حوالے سے پاک وہند کی موجودہ ناگفتہ بہ صورت حال کو دیکھتے ہوئے دارالثقافۃ الاسلامیہ نے تقریباً ۳ سال قبل اس کتاب کا اردو ترجمہ "آداب اہل منبر" کے نام سے نشر کیا ہے۔ آپ نے ایک کتاب تحریف قرآن کے بارے میں بھی لکھی تھی لیکن بعد میں ایک اور کتاب لکھ کر خود ہی اسے مردود قرار دیا تھا۔

(ماخذ: کتاب دیدار ابرار۔ محدث نوری۔ محمد مجتبیٰ سر درودی۔ مطبوعہ ادارۂ سازمان تبلیغات اسلامی)

ملا کاشفی

حسین ابن علی بیہقی سبزواری ان کا نام اور کاشفی تخلص ہے۔ واعظ کے نام سے مشہور ہوئے اور کمال الدین لقب ہے۔

یہ ۹ویں صدی ہجری کے ایک معروف و مشہور عالم دین ہیں۔ سبزوار کے بیہقی نامی قصبہ میں پیدا ہوئے۔

اکثر علمائے کرام جنہوں نے ان کی زندگی کے بارے میں قلم اٹھایا ہے' ان کی ولادت کی نشاندھی نہیں کر سکے ہیں۔ تاہم بعض نے ان کی تاریخ ولادت سنہ ۸۳۵ اور ۸۴۰ ہجری قمری کے درمیان بتلائی ہے۔ ملا حسین واعظی کاشفی علم تفسیر' حدیث' فقہ' ریاضیات' فلکیات کے علاوہ فن خطابت اور انشاء پردازی میں بھی اچھی لیاقت و شہرت کے حامل تھے۔ وہ سبزوار' نیشاپور اور ہرات

میں وعظ و تبلیغ اور معارف دین مکارم اخلاق میں مصروف رہتے تھے۔

صاحب "روضۃ الصفا" نے ان کے بارے میں لکھا ہے کہ ان کی آواز بہت خوش لحن اور صدا دل پسند تھی۔ آیات قرآنی کی تفسیر اور حدیث کے اسرار ورموز زیادہ بیان کرتے تھے۔ سنہ ۸۶۰ ہجری میں سعد الدین کاشغری کی تلاش میں ہرات سے مشہد آئے تو اس وقت سعد الدین کاشغری وفات پاچکے تھے۔ علماء و محققین ان کے مذہب کے بارے میں اختلاف رکھتے ہیں۔ بعض کا خیال ہے کہ ملا حسین جماعت اہلسنت سے تعلق رکھتے تھے۔ اس کی دلیل میں کہتے ہیں کہ:

۱۔ فخر الدین علی (کاشفی کے بیٹے) نے اپنی معتبر اور معروف کتاب "رشحات عین الحیات" میں لکھا ہے کہ ان کے والد ملا حسین کاشفی، جامی کے کہنے پر نقشبندی سلسلہ میں داخل ہوئے جو کہ فرقہ صوفیہ ہے اور صوفیہ اہلسنت ہیں۔

۲۔ وہ روحانی اور باطنی طور پر طریقہ نقشبندی پر کاربند تھے۔ نقشبندی سعد الدین کاشغری کی تلاش میں نکلنا اور عبد الرحمن جامی کے راستے پر چلنا کہ جو نقشبندیوں کے بزرگوں میں سے تھے اس بات کی دلیل ہے۔

۳۔ اگرچہ وہ سبزوار میں پیدا ہوئے لیکن ان کی عمر ہرات میں گزری اور اہل ہرات زیادہ تر اہلسنت ہیں۔

۴۔ ان کی بیشتر تالیفات اہل سنت کی تالیفات کے طریقے پر لکھی گئی ہیں۔

۵۔ ان کا شاگرد زین الدین محمود واصفی اپنی کتاب "بدایع الوقایع" میں جامی کے بارے میں لکھتا ہے کہ جامی شیعوں کا مخالف تھا۔ جامی نے اپنی زیادہ تر کتابوں میں واصفی کی نسبت کاشفی کی تعریف کی ہے۔

بعض علماء جو انکو شیعہ سمجھتے ہیں۔ اسکی دلیل میں کہتے ہیں کہ:

۱۔ ان کا نام حسین اور جائے پیدائش سبزوار ہے اور یہاں کے رہنے والے اکثر شیعہ ہیں۔

۲۔ ان کا حضرت علیؑ کی تعریف میں قصیدہ لکھنا انکے عقیدہ کی وضاحت کرتا ہے۔

۳۔ ان کی کتاب "روضۃ الشہدا" فضائل ومناقب اہلبیت پر مشتمل ہے۔

۴۔ ان کی تالیف "فتوت نامہ" میں خلفاء کا

ذکر ایک دفعہ آیا ہے۔ جبکہ آئمہ کا ذکر بار بار ہے۔

۵۔ شیعوں کی تین صفات ہیں۔ قرآن کی پیروی' شریعت مصطفیٰ پر عمل اور ولایت علی پر اعتقاد' یہ تینوں ان میں موجود تھیں۔

۶۔ ''فتوت نامہ'' امام رضا کے نام لکھا' جو شیعوں کے امام ہیں۔

ملا کاشفی کی وجہ شہرت انکی کتاب روضۃ الشہداء ہے جو انہوں نے سنہ ۹۰۸ ہجری میں لکھی۔

معروف یہ ہے کہ ملا حسین کاشفی جب ہرات میں ہوتے تو خود کو سنی العقیدہ ظاہر کرتے اور فقہ حنفی پر عمل کرتے تھے۔ لہٰذا وہ وہاں پر حنفی المذہب کے حوالے سے معروف تھے۔ انہوں نے فقہ حنفی پر کتاب بھی لکھی ہے۔ لیکن جب ایران آتے تو خود کو شیعہ ظاہر کرتے۔ انہوں نے اپنی کتاب ''روضۃ الشہدا'' میں چہاردہ معصومین کے متعلق لکھا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ اس زمانے میں بہت سے علماء احکام فقہ حنفی پر کاربند ہونے کے باوجود آئمہ طاہرینؑ کے عقید تمند و معتقد ہوا کرتے تھے۔ چنانچہ فضل بن روزبہان نے جو سنی المذہب تھے' اپنی کتاب وسیلۃ الخادم الی المخدوم میں چہاردہ معصومین پر صلوات کی شرح لکھی ہے۔

مذہب و فرق کے متخصصین فرماتے ہیں کہ ساتویں اور آٹھویں صدی ہجری کے آخر میں سنی العقیدہ علماء فقہ کے اعتبار سے حنفی ہوتے تھے۔ وہ امام حنیفہ کی پیروی کرتے تھے لیکن عقیدت اور احترام میں پہلے رسولؐ خدا' پھر خلفائے راشدہ اور اس کے بعد بارہ اماموں کا ذکر کرتے تھے جسکی وجہ سے بہت سے لوگوں کو ان کے شیعہ ہونے کا شک ہوتا تھا۔

کسی شخص یا گروہ کے مذہب پر صحیح معنوں میں تحقیق کرنا اور اسے کسی خاص فکر و مذہب کا معتقد گردانا ایک سطحی اور سادہ کام نہیں ہے۔ یہ اشتباہ کہ اہل بیت کے فضائل بیان کرنا یا ان کی عظمت کا اعتراف کرنا علامت تشیع ہے' ایک غلط تصور ہے۔ چنانچہ زیدی مذہب یا اسماعیلی مذہب کے پیروکاروں کو شیعہ کہنا یا جیسا کہ آجکل فروع دین سے عاری فقط صلوات پڑھنے والوں اور مجالس عزا منعقد کرنے والوں کو شیعہ گردانا جاتا ہے یہ سب اسی غلط تصور کی کڑیاں ہیں۔ شیعہ' فقط فضائل اہل بیت ذکر

کرنے والے کا نام نہیں ہے بلکہ شیعہ 'آئمہ طاہرین کی اجتماعی وسیاسی قیادت کو منصوص من اللہ ماننے اور زندگی کے تمام شعبوں میں ان کی پیروی کرنے والے کو کہتے ہیں۔ دوسرے لفظوں میں اعتقاد اور عمل دونوں میں ائمہ اطہار کی پیروی کرنے والے شیعہ کہلائے جانے کے مستحق ہیں۔

ملا حسین کاشفی کے شیعہ ہونے کی بھی ایک دلیل ان کی کتاب "روضۃ الشھدا" کو گردانا جاتا ہے جسکا نواں تا بارہواں باب امام حسینؑ اور آپ کی عترت پاک کی شہادت کے بیان پر مشتمل ہے۔

بہر کیف' وہ چاہے شیعہ مسلک سے تعلق رکھتے ہوں' یا سنی المذہب ہوں' ان کی اس کتاب نے عزاداران امام حسینؑ کو اس وقت سے لے کر آج تک عزاداری کے جادۂ مستقیم سے نکال کر بے راہ کرنے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ انہوں نے اپنی اس کتاب میں من گھڑت اور خود ساختہ قصے کہانیاں شامل کر کے جہل سے کام لیا ہے۔

فارسی زبان میں ہونے اور ادبی لحاظ سے بلند پایہ ہونے کی بنا پر' اس کتاب نے عوام میں بہت زیادہ فروغ پایا۔ اس مقبولیت نے دوسروں کو بھی اس نہج پر تالیف کی جرأت دلائی۔ چنانچہ 'اسرار الشھادۃ' 'ریاض الحزن' 'ریاض القدس' 'مخزن القلوب' 'طریق البکاء' 'معالی السبطین' وغیرہ وجود میں آئیں۔ ان کتابوں میں امام حسینؑ اور آپ کے اہل بیت و اصحاب سے منسوب غلط' بیہودہ اور بے بنیاد باتیں بیان کی گئی ہیں۔ چنانچہ چودھویں صدی ہجری میں مرزا حسین نوری نے کاشفی کی روضۃ الشھدا اور دربندی کی اسرار الشھادۃ میں لکھی گئی غلط داستانوں کے خلاف "لولو مرجان" تالیف کی۔ اس بر وقت اقدام کی شہید مرتضٰی مطہریؒ نے "حماسہ حسینی" میں صفحہ ۴۵ تا ۴۶ پر تعریف کی ہے۔

(ماخذ: مجلہ حکومت اسلامی شمارہ نہم)

مسعودی (متوفی ۳۴۶ ہجری)

علی بن حسین مسعودی عالم و آگاہ دانش نویس تھے۔ انہوں نے بھی شیعہ روایات کو اپنی کتاب میں جگہ دی ہے۔

ان کی تصانیف "تنبیہ والاشراف"، "مروج الذہب" جلد ۳ اور "معادن الجوہر" میں امام حسینؑ کے متعلق مواد موجود ہے۔

محمد بن یزید بن عبد الکریم ازدی ملقب بہ المبرد (۲۱۰-۲۵۸ ہجری)

یہ لغت میں ادیب تھے' خوارج کی طرف مائل تھے۔ محدث و مورخ تھے' عربی ادب میں اُن کی کتابیں شاہد مثال ہیں۔ اُن کی تالیف "الکامل فی اللغۃ" کے صفحات امام حسینؑ سے متعلق ہیں۔

محمد بن احمد بن عثمان بن ذہبی (متوفی ۷۴۸)

یہ متعصب ترین سنی عالم تھے۔ آٹھویں صدی ہجری میں ان کا عرصہ حیات تھا۔ انھوں نے امویوں کے حق میں اور شیعوں کی مخالفت میں لکھا ہے۔ نواصب' فاسقین اور قاتلان اولاد علی کا ذکر زیادہ کیا ہے۔ اُن کی تصنیف "سیر اعلام النبلاء" ہے۔

محدث دہلوی

علامہ کبیر محمد عبدالحق' محدث دہلوی سنہ ۱۵۵۱ سے ۱۶۵۱ میلادی کے دوران ہندوستان کے نامور اور مشہور علماء میں شمار ہوتے تھے۔ ان کی حیات سے متعلق ہمارے پاس چنداں معلومات نہیں ہیں' تا ہم کتاب "المنجد فی الاعلام" سے ان کے بارے میں جو کچھ میسر ہوا' ہم وہ پیش کررہے ہیں۔

صاحب المنجد لکھتے ہیں کہ علامہ بزرگوار عربی و فارسی دونوں زبانوں پر عبور رکھتے تھے۔ انھوں نے ان دونوں زبانوں میں ۴۹ کتابیں لکھی ہیں۔ ان کی زیادہ تر توجہ علم حدیث کی طرف تھی۔ ان کی جمع شدہ احادیث میں بھی دیگر شیعہ و سنی جامع احادیث کی مانند' سند سے زیادہ جمع بندی پر توجہ دی گئی ہے۔ انھوں نے "تحفہ اثنا عشریہ" کے نام سے ایک کتاب اہل تشیع کے خلاف بھی لکھی۔ علمائے اہل تشیع نے ان کی اس کتاب کی رد میں کئی کتابیں لکھی ہیں۔

یہاں ان کا ذکر انکی کتاب "عاشورہ" کے حوالے سے ہے جسے مولانا محمد شریف نقشبندی کی تدوین و تزئین کے ساتھ ضیاء القرآن پبلیکیشنز لاہور نے نشر کیا ہے۔ یہ معلوم نہیں ہوسکا کہ آیا یہ خود ایک مستقل کتاب ہے یا کسی اور کتاب کا جزوی موضوع ہے۔ محدث دہلوی نے اس کتاب میں قیام امام حسینؑ کے بارے میں اپنی رائے کا اظہار کیا ہے۔

انھوں نے اس کتاب میں دو زاویوں سے احادیث جمع کی ہیں۔ ایک تو عاشور کے

دن روزہ رکھنے کی فضیلت میں وارد متعدد روایتوں کو جمع کیا ہے۔ مکتبِ اہل سنت سے تعلق رکھنے والے کئی علماء نے اس سلسلے میں قلم اٹھایا ہے۔ یہ معلوم نہیں ہو سکا کہ آیا انہوں نے بغیر کسی سند و تحقیق کے محض روایت ہونے کی بنیاد پر ان روایتوں کو لکھا ہے یا اس وجہ سے نقل کیا ہے کہ اہل تشیع اس دن روزہ رکھنا صحیح نہیں سمجھتے اور فقط انکی ضد میں لکھا ہے۔

اسلئے ہمیں بھی اس مسئلہ کو دو زاویوں سے دیکھنا چاہیے:

پہلا زاویہ: اگر انہوں نے صرف روایات کو بنیاد بنا کے اس دن روزہ رکھنے کو ترجیح دی ہے؟ اگر ایسا ہے تو مذمت نہیں ہونی چاہئے کیونکہ ہمارے یہاں بھی بہت سے لوگ غیر مستند روایات کو بڑھا چڑھا کر پیش کرنے میں کسی سے پیچھے نہیں ہیں۔

دوسرا زاویہ: بنوامیہ اس دن خوشی میں روزہ رکھتے تھے کیونکہ اس روز نواسہ رسولؐ شہید ہوئے تھے۔ بعض افراد نے اس خوشی میں کوفہ میں مساجد بھی تعمیر کی تھیں۔ اگر اس نظریہ سے لکھا ہے تو یقیناً یہ مذموم حرکت ہے۔

دوسرا موضوع جسے محدث دہلوی نے اٹھایا ہے وہ امام حسینؑ کی شہادت کے عوامل ہیں۔ اس سلسلے میں انہوں نے معاویہ کا یزید کی ولی عہدی کیلئے کوششیں کرنے اور زیاد بن ابیہ کو کوفہ کا گورنر بنانے جیسے قبیح افعال کا ذکر کیا ہے۔ لکھا ہے کہ ان تمام اقدامات کا نتیجہ یہ ہوا کہ معاویہ کے بعد یزید برسر اقتدار آگیا اور اس نے امام حسینؑ کو شہید کر دیا جو اسلام کیلئے ایک عظیم مصیبت تھی۔ یزید کے دیگر جرائم بیان کرتے ہوئے اسکی فوج کے ہاتھوں مدینہ کی تاراجی اور مکہ پر چڑھائی کو بھی بیان کیا ہے۔ یہاں یہ نکتہ قابل توجہ ہے کہ محدث دہلوی کی طرح کئی دیگر علمائے اہل سنت نے بھی شہادت امام حسینؑ کو اسی انداز میں پیش کیا ہے۔

محمد جواد مغنیہ

آپ سنہ ۱۳۲۲ھ بمطابق ۱۹۰۴ء میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم کے بعد نجف اشرف کے حوزہ میں اعلیٰ تعلیم حاصل کی۔ علم معقول و منقول دونوں میں اعلیٰ درجہ پر فائض ہونے کے بعد لبنان میں ایک وسیع ذہن کے ساتھ اسلام و تشیع دونوں کا ساتھ ساتھ دفاع کیا۔ جہاں آپ نے دشمنان

اسلام اور مخالفین مکتب اہل بیت کیلئے مقبول دلائل وبراہین پر مشتمل کتابیں تحریر کی ہیں، وہیں خود ان اہل مکتب کے خلاف بھی آواز بلند کی ہے جو دعوائے محبت اہل بیتؑ کے ساتھ مذہب کو فرسودہ اور بوسیدہ بنانے تھے۔ اس سلسلہ میں آپ کا ایک مضمون مجلہ الموسم کی جلد ۷ صفحہ ۲۳۹ پر بعنوان "لوکنت مرجع الاعلیٰ" (اگر میں مرجع اعلیٰ ہوتا) شائع ہوا جس میں آپ نے نجف کے نظام مرجعیت میں موجود خلل اور خرابیوں کے ازالے کی طرف اشارہ کرتے ہوئے لکھا ہے کہ اگر میں مرجع ہوتا تو نجف اشرف میں ٹی وی مرکز، ریڈیو مرکز، نشرو اشاعت کا مرکز اور ایک اعلیٰ معیار کر چھاپہ خانہ لگاتا..... اگر موجودہ مراجع مجھے پیشہ اپنانے کا اختیار دیتے تو میں اول الذکر پیشوں کو ترجیح دیتا۔ اس طرح سے آپ نے نظام مرجعیت پر قابض افراد کی مذمت کی اور ساتھ ہی عزاداری میں شامل خرافات کے بارے میں بھی قلم اٹھایا۔ موصوف عالم اسلام و تشیع دونوں میں معروف اور مشہور شخصیت ہیں۔ آپ نے بہت سے شعبوں میں قابل قدر تصنیفات و تالیفات پیش کی ہیں۔ تفسیر نہج البلاغہ، عقائد سے متعلق، دشمنان اسلام وملحدین کی رد میں اور علماء کے وظائف وذمہ داری کے بارے میں، غرض سیکڑوں کتابیں تالیف کیں اور سب کو پذیرائی حاصل ہوئی۔ ہمارے موضوع کی مناسبت سے آپ کی قابل ذکر کتابیں یہ ہیں:

۱۔ الحسینؑ والقرآن۔ ۲۔ مجالس امام حسینؑ۔ ۳۔ مع بطلۂ کربلا۔

ایک عمر زبان وقلم دونوں سے دین ومکتب کا دفاع کرنے کے بعد سنہ ۱۴۰۰ھ مطابق سنہ ۱۹۷۹ء میں آپ اس دار فانی سے رخصت ہوکر اپنے اولیاء کے جوار کی طرف منتقل ہوئے۔

(نقل از معجم المؤلفین وتالیف محمد خیر رمضان یوسف ص ۴۰۷ اور عالم زرکلیم ج ۲ ص ۶۳)

محمد مہدی

آیت اللہ محمد مہدی بن شیخ علی صادق نجفی سنہ ۱۳۵۴ھ مطابق ۱۹۳۸ء میں نجف اشرف میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی علوم وسطوح ختم کرنے کے بعد آیات عظام بالخصوص آیت اللہ العظمیٰ سید ابو القاسم خوئی کے دروس میں شرکت فرمائی ساتھ ہی

آپ کلیۂ فقہ سے بھی منسلک رہے اور فارغ ہونے کے بعد وہیں استاد کی حیثیت سے معین ہوئے۔ اس دوران ہمیں بھی آپ کے اسلام شناسی کے دروس میں شرکت کرنے کی سعادت نصیب ہوئی اور وہ مضامین جو آپ یادداشت کے طور پر تیار فرماتے ان سے بھی استفادہ کرنے کا موقع ملا۔ آپ سنہ ۱۹۹۰ء میں نجف اشرف سے ایران تشریف لائے اور حوزۂ علمیہ قم میں قصد اقامت کی۔ یہاں پر آپ مختلف دینی، سیاسی اور اجتماعی سرگرمیوں میں مشغول و مصروف ہیں۔ انقلاب اسلامی کی کامیابی کے بعد آپ نے لندن میں ایک معرکت الآراء خطبہ دیا جسکا اردو ترجمہ دار الثقافۃ الاسلامیہ نے پہلی بار "درس انقلاب" کے نام سے نشر کیا۔ اس کے بعد آپ کی ایک اور کتاب "الامام و فی التشریع اسلامی" کا اردو ترجمہ "فلسفۂ امامت" کے نام سے شائع کی۔ مختلف اسلامی موضوعات پر آپ کی کئی کتب منظر عام پر آچکی ہیں۔ زیر نظر کتاب میں آپ کا ذکر خیر کرنے کی وجہ آپ کی کتاب "فی رحاب عاشورا" ہے جسے آپ نے حال ہی میں تصنیف فرمایا ہے۔ ابھی تک اس کا اردو میں ترجمہ نہیں ہوا ہے۔

محسن علی نجفی

• حجۃ الاسلام والمسلمین آقائے شیخ محسن علی نجفی فرزند مولانا حسین جان ۱۳۶۰ھ مطابق ۱۹۴۰ء میں بلتستان کے ایک نواحی گاؤں مٹھوکھ میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم مکمل کرنیکے بعد آپ نے سندھ کے مشہور و معروف مدرسہ "مشارع العلوم" میں داخلہ لیا۔ اس کے بعد ایک سال جامعۃ المنتظر لاہور میں رہے۔ ۱۳۸۷ھ مطابق ۱۹۶۶ء میں یہاں سے فارغ ہونے کے بعد اعلیٰ تعلیم کیلئے نجف اشرف تشریف لے گئے۔ وہاں پر دروس سطحیہ کی تکمیل کے بعد مشہور فقہاء و مراجع عظام کے دروس خارج میں شرکت کرنے لگے۔ ان میں سرفہرست حضرت آیت اللہ العظمیٰ ابوالقاسم خوئیؒ تھے۔ ۱۹۷۴ء میں عراق کی بعثی حکومت کے مظالم اور حوزہ علمیہ پر چڑھائی کے بعد آپ نجف اشرف چھوڑ کر واپس پاکستان تشریف لائے اور اسلام آباد میں قیام پذیر ہوئے۔

واپس آنے کے بعد سنہ ۱۹۷۵ء میں آپ نے اسلام آباد میں جامعہ اہلبیت کی بنیاد رکھی جو ترقی کے مراحل طے کرتی ہوئی اس وقت

پاکستان کی ایک معروف علمی درسگاہ بن چکی ہے۔ جامعۃ البیتؑ کے بانی، موسس اور مدرس ہونے کے ساتھ آپ دارالخلافہ میں مکتب تشیع سے متعلق اجتماعی اور سیاسی سرگرمیوں میں بھی حصہ لیتے رہے ہیں۔ اپنی علمی سطح میں وسعت کی وجہ سے آپ نے دیگر مشغولیات کے باوجود تصنیف وتالیف کے میدان میں بھی قدم رکھا۔ آپ کی متعدد تصانیف ہیں۔ حال ہی میں قرآن کریم کا سلیس اور سادہ اردو ترجمہ دیدہ زیب طباعت کے ساتھ قرائے کرام کے منظر شہود پر طلوع ہوا ہے۔ ہماری اس کتاب میں آپ کے ذکر کی بنیادی وجہ کتاب "انقلاب حسینؑ" ہے جو آیت اللہ سید محمد مہدی شمس الدین، رئیس مجلس اعلیٰ شیعی لبنان کی کتاب "ثورۃ الحسینؑ فی ظروفھا الاجتماعیۃ" کا اردو ترجمہ ہے۔ یہ کتاب ۱۴۰۴ھ میں ۱۴ سو سالہ جشن ولادت امام حسینؑ کی مناسبت سے پہلی مرتبہ شائع ہوئی اور اس سلسلے میں اسلام آباد میں منعقدہ سیمنار جسکی صدارت خود آیت اللہ مہدی شمس الدین نے فرمائی تھی، شرکائے سیمنار میں بطور تحفہ تقسیم کی گئی۔ اس کتاب کی افادیت کے پیش نظر دارالثقافۃ الاسلامیۃ نے بعد میں آپ سے اس کی دوبارہ طباعت کی اجازت مانگی جو آپ نے انتہائی فراخدلی سے مرحمت فرمادی۔ اس سلسلے میں ادارہ آپ کا بے حد مشکور وممنون ہے۔

چودہ سو سالہ جشن ولادت امام حسینؑ سے مربوط پر شکوہ سیمنار کے انعقاد اور آیت اللہ محمد مہدی شمس الدین کی معرکۃ الآراء کتاب کی اشاعت کے بعد آپکی شخصیت کی علمی، اجتماعی اور اقتصادی وسعت سے امید یہ تھی کہ اس میدان میں مزید قدم آگے بڑھائیں گے۔ مگر بد قسمتی سے آپ نے بھی قیام وعزائے امام مظلومؑ پر گزرنے والے مصائب اور مسائل کے بارے میں نہ صرف یہ کہ مزید کوئی قدم نہیں اٹھایا بلکہ اس سلسلے میں لاتعلقی اور سرد مہری کا رویہ اپنا رکھا ہے۔ البتہ اس سلسلے میں ذاکرین کیلئے قابل قدر خدمات ضرور انجام دی ہیں۔ ہمارے لئے آپ جیسی ہمہ جہت اور حاملِ گنجائش شخصیت کی یہ روش باعثِ حیرت وتعجب ہے۔

مدرسی

آیت اللہ سید محمد تقی مدرسی، آیت اللہ سید محمد کاظم مدرسی کے فرزند دلبند ہیں۔

آپ ۱۹۴۵ء میں شہر مقدس کربلائے معلیٰ کے ایک علمی گھرانے میں پیدا ہوئے۔ آپ نے کربلا کے نامور علماء و فقہاء کے حضور سطحی دروس اور پھر دروس خارج کے مدارج طے کئے۔

آپ کا سلسلہ نسب ماں کی طرف سے آیت اللہ بزرگ شیرازی پر منتہی ہوتا ہے۔ علمی وجہادی خاندان کے محیط ماحول میں نشو ونما پانے کی وجہ سے چھوٹی عمر سے ہی آپ علمی وفکری جہاد میں مصروف وسرگرم رہے ہیں۔ آپ نے دیگر علوم کے ساتھ ساتھ علم فقہ میں بھی عالی مقام حاصل کیا ہے۔ الحمدللہ آپ بقید حیات ہیں اور صاحب فتویٰ ہیں۔

سینکڑوں کی تعداد میں موجود تصنیفات وتالیفات آپ کے اثرات باقیہ شمار ہوتے ہیں۔

تاہم قیام مقدس امام حسینؑ کے حوالے سے آپ کی درج ذیل تصنیفات ہیں:

۱۔ عاشورا استمرار لحركة الانبياء
۲۔ عاشورا ملحمة البطولة والفداء
۳۔ عاشورا ثانية في ايران
۴۔ ثورة الامام الحسينؑ اهدافها ۔ ابعادها ۔ دورها
۵۔ ثورة الحسينؑ تجسيد رسالة النبيؐ
۶۔ الامام الحسينؑ
۷۔ الامام الحسينؑ قدوة واسوة
۸۔ الامام الحسينؑ مسيرة ثورية وهدف مقدس
۹۔ الامام الحسينؑ يقظة الروح و مصباح الهدىٰ

باب "ن"

نائینی: آیت اللہ میرزا نائینی فرزند شیخ الاسلام میرزا عبدالرحیم نائینی ۱۲۷۷ھ میں ایران کے شہر نائن میں پیدا ہوئے۔ آپ کا خاندان علم وتربیت کے حوالے سے بہت معروف تھا۔

آپ نے ابتدائی تعلیم شہر نائن ہی میں حاصل کی۔ ابتدائی تعلیم سے فارغ ہونے کے بعد فقہ کی تعلیم شیخ محمد باقر اصفہانی سے، اصول میرزا ابوالمعالی کلباسی سے اور علم کلام شیخ جہانگیر قشقائی سے حاصل کیا۔ ان تمام مراحل کو کامیابی سے طے کرنے کے بعد ۱۳۰۳ ہجری میں آپ نجف اشرف جانے کیلئے روانہ ہوئے تاکہ مزید علوم حاصل کر سکیں۔ دوران سفر آپ کا گزر سامرا سے ہوا اور کچھ عرصہ آپ نے یہاں قیام فرمایا۔ سامرا میں قیام کے دوران استاد بزرگ سید اسماعیل صدر اور سید محمد فشار سے کسب فیض کیا۔ علاوہ ازیں علامہ مجدد میرزا شیرازی کے دروس میں بھی شرکت فرماتے رہے۔ اپنے نبوغ علمی اور استعداد کی بنا پر بہت کم عرصے میں استاد کی توجہ کا مرکز اور ان کے محرم راز بن گئے۔ سامرا میں کسب فیض کے بعد آپ کربلا تشریف لے گئے اور وہاں سے نجف اشرف۔ نجف اشرف میں قیام کے دوران آپ نے آخوند خراسانی سے کسب فیض کیا۔

۱۳۲۹ ہجری میں جب آخوند خراسانی کا انتقال ہو گیا تو حوزہ کی نظامت وزعامت کی ذمہ داریاں آپ نے سنبھال لیں۔ علم فقہ کے علاوہ اصول میں بھی اس دور میں انکا کوئی ثانی نہیں تھا۔ آپ کے شاگردوں میں شیخ حسین حلی، میرزا باقر زنجانی، سید محمد

شاہرودی' سید محسن الحکیم' سید عبد الهادی شیرازی' شیخ محمد تقی آملی' سید حسن جنوردی' شیخ محمد خراسانی' شیخ موسیٰ خوانساری اور شیخ محمد رضا مظفری جیسے جید علمائے کرام اور مراجع عظام شامل ہیں۔

اس زمانے میں ایران پر محمد علی شاہ کی حکومت تھی۔ اسکے ظالمانہ و جابرانہ رویئے کی بنا پر آپ نے حکومتی ٹیکس کی ادائیگی کو حرام قرار دیتے ہوئے لوگوں کو دعوت دی کہ اسے شہنشاہیت سے معزول کر دیا جائے۔ عالمی جنگ اول کے دوران آپ نے انگریزوں کے خلاف قیام کیا۔ عراق میں انگریزوں کی جانب سے منعقد کرائے جانے والے انتخابات کو آپ نے غیر قانونی قرار دیا۔

آپ نے فقہ سیاسی سے متعلق ایک کتاب تحریر فرمائی ہے جسکا نام "تنبیہ الامہ و تنزیہ الملۃ" ہے۔ اس کتاب میں آپ نے انگریزوں کی استعمار گری کے خلاف امت کو قیام کرنے اور علمائے امت کے لئے قیادت ورہبری کی صلاحیت کو واضح کیا ہے۔ آپ کے دور میں امت اسلامی 'بالخصوص ملت عراق انگریزی استعمار سے برسر پیکار تھی اور ہنگامی حالت سے گزر رہی تھی۔ اس نازک دور میں آپ اس ملت کی قیادت فرما رہے تھے۔

ان ناگفتہ بہ حالات میں آپ کے سامنے ایک ایسا مسئلہ پیش آیا جسکا تعلق قیام عزاداری میں شامل کی گئی بعض ایسی رسومات سے تھا جنکی بنیادی طور پر شریعت اجازت نہیں دیتی۔ ان مسائل سے متعلق سوالات کا سامنا سب سے پہلے آپ ہی کو کرنا پڑا۔ اس سلسلہ میں سب سے بڑی مشکل یہ تھی کہ اس وقت کے حالات میں اگر ان رسومات کو روکنے کی کوشش کی جاتی تو ایسی ہر کوشش کو عزاداری کی مخالفت قرار دے دیا جاتا اور استعماری طاقتیں اس صورت حال سے بھرپور فائدہ اٹھا سکتی تھیں۔ لہٰذا مجبوراً آپ کو بھی عزاداری میں شامل کی گئی ان رسومات کو جائز قرار دینا پڑا۔

آپ کے بعد یکے بعد دیگرے جو مراجع عظام تشریف لاتے رہے انہوں نے بھی اس مصلحت بینی کی تاسی جاری رکھی۔ بعض مراجع نے تو ان مراسم کو بالکل جائز قرار دے دیا جبکہ بعض نے حقائق پر مبنی اصل شریعت کو بھی ساتھ بیان کیا اور وقت کی مصلحت کو مد نظر رکھتے ہوئے 'شرائط در شرائط عائد کر کے ان رسومات کو جائز قرار

دیا۔ چنانچہ جب آپ کے شاگرد رشید آیت اللہ شیخ محمد حسین کاشف الغطاء کے سامنے اس سلسلہ میں سوالات اٹھائے گئے تو آپ نے فرمایا: "گرچہ ان رسومات کی کوئی شرعی دلیل نہیں لیکن اگر یہ مراسم مذہب کی توہین کا سبب نہیں بنتے یعنی مخالفین کو دین کا مذاق اڑانے کا جواز فراہم نہیں کرتے تو انہیں جاری رکھنے میں کوئی ہرج نہیں کیونکہ عزاداری امام حسینؑ بجائے خود بقائے دین کی ضامن ہے"۔ اسی دور کی بات ہے کہ ۱۹۱۴ء میں انگریزوں نے عراق پر قبضہ کرلیا جبکہ روس اور انگریزوں نے مل کر ایران پر قبضہ کرلیا تھا۔ سنہ ۱۹۲۰ء میں عراقیوں نے آزادی کی تحریک چلائی۔ استعماری ہتھکنڈوں کے خلاف اٹھنے والی ان تحریکوں میں آپ کو اعضائے برجستہ کی حیثیت حاصل تھی، گویا آپ خود ان تحریکوں کی رہبری فرما رہے تھے۔ اسی اثناء میں حاکم عراق شاہ فیصل نے انگریزوں کی ایما پر انتخابات کے ذریعے اپنی حکومت کو قانونی رنگ دینے کی کوششیں شروع کردیں۔ آیت اللہ مہدی خالصی نے شاہ کے اس عمل کو حرام قرار دے دیا۔ ادھر آیت اللہ نائینی اور سید ابوالحسن اصفہانی عراق چھوڑ کر تہران چلے گئے۔

آیت اللہ نائینی کا دور عراق میں انگریزوں کی استعمار گری کے خلاف اور روس سے نبرد آزمائی کا دور تھا۔ ان حالات میں مراسم عزاداری کے نام پر اختلافات کو ہوا دینا تشیع کے مفاد میں نہیں تھا۔ لہٰذا انہوں نے ان رسومات پر مہر صحت ثبت کرکے اس مسئلہ کو بحث وجدال سے خارج کردیا۔ آپ ۷۸ سال کی عمر میں ۲۶ جمادی الاول ۱۳۵۵ء کو اس جہان فانی سے رخصت ہوگئے۔ آپ کی نماز جنازہ آیت اللہ عظمیٰ ابوالحسن اصفہانی نے پڑھائی۔

(ماخذ = مجلہ پاسدار اسلام شمارہ ۳۱ سال سوم مجلہ حوزہ شمارہ ۷۶۔۷۷)

باب "ہ"

ہادی مدرسی: علامہ سید ہادی مدرسی سنہ ۱۹۴۵ عیسوی میں کربلا میں پیدا ہوئے۔ کربلا کے جید علماء و فضلاء سے کسب فیض کیا۔ عربی و فارسی دونوں پر عبور رکھتے ہیں۔ آپ نے اب تک اٹھارہ موضوعات پر کتابیں لکھی ہیں۔ آپ کی بہت سی کتابیں درسی نصاب میں شامل ہو چکی ہیں۔ آپ کی معروف ترین کتابوں میں سے ایک "المعراج" ہے جس کا شمار پائے کی علمی و فکری کتابوں میں ہوتا ہے۔ اب تک معراج کے موضوع پر لکھی گئی کتابوں میں یہ سب سے افضل ہے۔

ہبۃ الدین شہرستانی

آیت اللہ العظمیٰ سید محمد علی' المعروف ہبۃ الدین' ابن حسین ابن محسن' شہر سامرا میں ۲۴ رجب ۱۳۰۱ ہجری مطابق ۱۸۸۴ کو پیدا ہوئے۔ آپ کا نسب تیس پشتوں کے بعد زید شہید ابن امام زین العابدینؑ سے ملتا ہے۔ آپکو آپکی والدہ کی نسبت سے شہرستانی کہتے ہیں۔ آپ نے ۱۳۲۰ ہجری مطابق ۱۹۰۳ میلادی میں نجف کی طرف ہجرت کی اور آیت اللہ خراسانی یزدی اور شیخ الشریعہ' مصطفیٰ کاشانی سے درس لینا شروع کیا۔ متعدد علماء و فقہاء سے سند اجتہاد لی۔ آپ فکر و اعلام قدیم و جدید دونوں میں مہارت رکھتے تھے۔

آپ نے سنہ ۱۳۲۸ ہجری مطابق ۱۹۱۰ میلادی میں ایک مجلّہ "العلم" کے نام سے جاری کیا جو عراق سے باہر بھی جاتا تھا۔ یہ پہلا مجلّہ ہے جو نجف سے صادر ہوا۔ شیخ محمد

حسین کاشف الغطاء نے اپنے ایک شعر میں اس مجلّے کی تعریف بیان کی ہے۔ اس مجلّے میں علم دین وعلم دنیا کے تناقض کو مسترد کیا گیا تھا۔ عبداللہ فیاض کہتا ہے یہ اپنے دور کا سب سے معروف رسالہ تھا۔

ہبۃ الدین تختی سے شعائر حسینی اور عزائے حسینی کی اصلاح کے خواہاں تھے۔ لہٰذا اس زمانے میں "حرکت تحفظ عزا وشعائر حسینی" وجود میں آئی۔ آپ نے سید محسن امین کی تحریک کی ہر لحاظ سے تائید ومدد کی اور عزاداری میں شامل وہ تمام مراسم جو حقیقت نہضت حسینی سے متصادم تھے، انہیں ختم کرنے کی دعوت دی۔ اس سلسلے میں آپ نے ایک کتاب "نہضت الحسین" بھی تالیف فرمائی جو معتبر ترین مصادر سے لکھی گئی ہے۔

آپ نے اپنی عمر کے آخری چند سال شہر کاظمین میں گزارے اور وہاں پر مروجہ عزاداری کے بہت سے فرسودہ مراسم کو بدل دیا۔ انکی جگہ ایسے طریقے رائج کیے جن سے اسرار نہضت امام حسینؑ واضح طور پر بیان ہوتے تھے۔ اس سلسلہ میں آپ نے سات سال مسلسل کام کیا۔ اس زمانے میں بہت سے مجلات وصحف ان اصلاحات کی مخالفت میں لکھے جا رہے تھے۔ بعد میں جب لوگوں نے پھر سے ان فرسودہ رسومات کو رواج دینا شروع کیا تو آپ تنگ آکر کہا کرتے تھے کہ میں نے اپنا واجب ادا کیا۔ بہر حال یہ حالات دیکھ کر آخری عمر میں آپ اپنے گھر میں گوشہ نشین ہو گئے۔

آپ نے سنہ ۱۹۱۱ عیسوی میں لبنان، مصر، شام، حجاز، یمن، عمان اور ہندوستان کا دورہ کیا اور ان ممالک کے حالات سے آگاہ ہوئے۔ سنہ ۱۳۳۹ ہجری بمطابق ۱۹۲۱ میلادی میں منصب وزارت قبول کی اور اسکے بعد قاضی فقہ جعفری نامزد ہوئے۔ آپ نے کل ۲۸ کتابیں تالیف کی ہیں۔ کتاب "ہیئت والاسلام" سنہ ۱۳۲۶ ہجری بمطابق ۱۹۰۹ عیسوی میں لکھی، جب آپ کی عمر ۲۶ سال تھی۔ سنہ ۱۳۶۰ھ میں ایک مکتب بنام "مکتب جوادین" کی بنیاد رکھی۔

آپ نے ۲۶ شوال ۱۳۸۶ ہجری کو کاظمین میں وفات پائی۔

(ماخذ: ا۔ مجلّہ توحید عدد ۶۸ صفحہ ۴۰۔۲۔ مجلّہ مشکوۃ شمارہ ۳۱ صفحہ ۱۰۵)

باب ''ی''

یعقوبی (متوفی ۲۹۲) :احمد بن ابی یعقوب بن وہب 'معروف بہ یعقوبی تیسری صدی ہجری کے عالم دین ہیں۔ مسلک کے اعتبار سے شافعی تھے۔ آپ ایک معروف اور بانصاف مؤرخ تھے۔ آپ نے بہت سے مسائل میں فرقہ پرستی سے گریز کیا اور تاریخ میں جعلیات کی طرف کم توجہ دی ۔آپ تاریخ میں غیر جانبدار رہے ' اور شیعوں کے خلاف مواد سے صرف نظر کیا۔ اسی وجہ سے متہم بھی ہوئے۔ ولھازون جو ایک جرمن مورخ ہے اور مشرق شناس سمجھا جاتا ہے 'اس نے آپ کو انہی بنیادوں پر شیعہ کہا ہے حالانکہ آپ شافعی المذہب سنی تھے۔ آپ کی معروف تالیف ''تاریخ یعقوبی'' میں صفحہ ۲۴۱ تا ۲۵۴ امام حسین سے متعلق ہیں۔

مصادر وماخذ معجم کتب مؤلفین حیات وقیام امام حسینؑ

اسم کتاب	تالیف
☆۔قاموس الرجال الحدیث	آیت اللہ العظمیٰ الخوئیؒ
☆۔محدث نوری	
☆۔سلسلۂ دیدار ابرار	
☆۔شہید سید الصدرؒ	
☆۔شیخ کلینی	
☆۔شیخ الصدوق	
☆۔الذریعہ الی تصانیف الشیعہ	آیت اللہ آقا بزرگ الطہرانی
☆۔ھکذا عرفتھم (۳ جلدیں)	جعفر الخلیلی
☆۔الکنی والالقاب	الشیخ عباس القمی
☆۔الحسین والحسینیون	نورالدین الشاھرودی
☆۔فلاسفہ شیعہ	عبداللہ نعمۃ
☆۔فرھنگ بزرگان اسلام وایران	آذر تفضیلی مہین فضائلی جوان
☆۔قاموس الرجال	آیت اللہ شیخ محمد تستری
☆۔ماضی نجف وحاضرھا	شیخ جعفر الشیخ باقر آل محبوبہ
☆۔موسوعۃ العتبات المقدسہ	شیخ جعفر خلیلی
☆۔نقباء البشر	آیت اللہ بزرگ تہرانی
☆۔ابن خلدون مورخا	دکتور حسین عاصی
☆۔ذرائع البیان فی عوارض اللسان	آیت اللہ محمد رضا
☆۔دیدار اسرار	
☆۔انگیزۂ قیام امام حسینؑ	محمد شریعتی دکتر صالحی، راھد حسین دکتر آیتی
☆۔دائرۃ المعارف شیعہ	
☆۔مجلہ کیھان اندیشہ کتابنامہ	دورہ سوم شمارہ ۱۳ صفحہ ۱۰۲

اسم کتاب	تالیف
☆_کتابخانه دارالثقافة الاسلامیة	کراچی پاکستان
☆_مجله الثقافة الاسلامیة	رایزنی جمهوری اسلامی دمشق
	شماره ۲۷_ص ۹۰ ش ۳۴ ص ۱۹۲
	شماره ۳۷ ص ٦٤_ش ۳۰ ص ٦۸
☆_مجله توحید عربی	سازمان تبلیغات اسلامی ایران
☆_مکتبه جامعه امامیه	کراچی
☆_پاسدار اسلام	قم
☆_مفردات راغب	
☆_مجلهٔ کتابشناسی ایران	
☆_کتابنامه امام حسینؑ	
☆_مناهج التفاسیر عندعلی العرب قسم الادب	داکتر مصطفی شکعه
☆_الحیاة	محمدرضا حکیمی
☆_میزان الحکمة	محمد محمدی ری شهری
☆_سروش	تهران
☆_مجله حوزه	ایران قم
☆_ندائے اسلام	رایزنی جمہوریی اسلامی دهلی
☆_وحدت اسلامی	رایزنی جمهوری اسلامی اسلام آباد
☆_راه اسلام	
☆_ماهیت قیام مختار	سید ابوفاضل رضوی اردکانی
	ابن ابی عبید ثقفی
☆_بررسی انتقادی نهضتهای تاریخی شیعه	دکتر محمود رضا زاده
☆_نهضت مختار ثقفی	
☆_کتاب ذخیرة الدارین	
☆_معجم مولفین	عمررضا کماله

اسم کتاب	تالیف
☆۔معجم مولفین	محمد خیر رمضان یوسف
☆۔کشف الظنون عن اسامی الکتب والفنون	اسماعیل باشا بن محمد میر سلام
☆۔رہنمائی مطالعات وتحقیقات تاریخ اسلام	
☆۔اعلام	زرکلی ص ٥٤
☆۔قاموس تراجم	خیرالدین زرکلی
☆۔الفہرست ابن ندیم	
☆۔تذکرۃ علماء امامیہ	سید حسین عارف نقوی ایم اے
☆۔وہ نوشتہ راجیال نور کی مصادر وماخذ	
☆۔مصادر وماخذ نفس المہموم	
☆۔حرکۃ تالیف باللغۃ العربیۃ فی الاقلیم شرقی الہندی	
فی القرنین الثانی عشر والتاسع عشر	استاذ فی القسم العربی فی جامعۃ کراتشی
☆۔معجم المفہرس القرآن الکریم	
☆۔معجم المفہرس نہج البلاغہ	محمد دشتی
☆۔مفردات راغب اصفہانی	
☆۔قاموس قرآن	سید علی اکبر قرشی
☆۔نہج البلاغہ ترجمہ اردو	علامہ سید ذیشان حیدر مرحوم
☆۔کتاب میزان الحکمۃ	حجۃ الاسلام ری شہری
☆۔کتاب الحیاۃ	محمدرضا حکیمی
☆۔مجلہ نور العلم	دورۂ سوم شمارہ ٢
☆۔مجلہ راصد۔راصد	رایزنی جمہوری اسلامی بیروت
	شمارہ ٢٦ ص ٣٣
☆۔روزنامہ جنگ کراچی	جلد ٦٤ یکم جنوری ٢٠٠٠ کالم ٢ ص ١٢
☆۔مجلہ کیہان فرہنگی	سالہم سوم شمارہ ٩
☆۔مجلہ حوزہ	شمارہ ٣٩ ص ٤٩

اسم کتاب	تالیف
☆۔مجلۂ عربی	شمارہ ٧٤ ص ١٢٨
☆۔حیاۃ علامۃ جوادی	ناشر محفوظ بک ڈپو
☆۔مکتب اسلام	سال ٢٥ شمارہ ٤ ١٣٦٤ شمسی
☆۔مقدمۃ تفسیر فصل الخطاب	
☆۔مجلہ توحید	شمارہ ٨٥ ص١٤٩ (بهشتی)
☆۔مجلہ حوزہ	شمارہ ٣٥ ص ٣١
☆۔کتابخانہ آستان قدس رضوی	مشہد مقدس
☆۔کتابخانہ آیت اللہ مرعشی نجفی	قم

فہرستِ مضامین

عنوان	صفحہ نمبر
☆۔ تمہید	۳
ہ۔ نبی اور کتاب	۵
ہ۔ منشورات دار الثقافۃ الاسلامیہ	۱۷
☆۔ ابتدائیہ	۲۴
ہ۔ معجم	۲۴
ہ۔ کتاب	۲۶
ط۔ کتاب اور قرآن	۲۹
ط۔ کتاب تورات وانجیل	۳۱
ۃ۔ تورات	۳۱
ۃ۔ انجیل	۳۱
ط۔ اقسام تحریف	۳۲
ط۔ آیات الٰہی میں تحریف کی تجارت	۳۲
ہ۔ کتب احادیث	۳۴
ہ۔ مؤلف	۴۰
ط۔ معجم کتب ومؤلفین قیام امام حسینؑ	۴۱
ۃ۔ (الف)۔ سادہ وسطحی مرحلہ	۴۲
ۃ۔ (ب)۔ اعلیٰ وارفع مرحلہ	۴۵

عنوان	صفحہ نمبر

☆۔ معجم کتب شناسی امام حسین علیہ السلام۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۳۶
ہ۔باب "آ"۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۳۶
ہ۔باب "ا"۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۳۸
ہ۔باب "ب"۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۶۷
ہ۔باب "پ"۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۷۴
ہ۔باب "ت"۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۷۹
ہ۔باب "ث"۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۹۴
ہ۔باب "ج"۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۹۵
ہ۔باب "چ"۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۹۹
ہ۔باب "ح"۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۱۰۱
ہ۔باب "خ"۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۱۱۹
ہ۔باب "د"۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۱۲۵
ہ۔باب "ذ"۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۱۳۳
ہ۔باب "ر"۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۱۳۷
ہ۔باب "ز"۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۱۴۷
ہ۔باب "س"۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۱۵۷
ہ۔باب "ش"۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۱۶۹
ہ۔باب "ص"۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۱۸۰
ہ۔باب "ض"۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۱۸۲
ہ۔باب "ط"۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۱۸۴
ہ۔باب "ظ"۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۱۸۵
ہ۔باب "ع"۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۱۸۶

عنوان	صفحہ نمبر

○۔باب ''غ'' ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۱۹۳

○۔باب ''ف'' ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۱۹۵

○۔باب ''ق'' ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۲۰۰۱

○۔باب ''ک'' ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۲۰۷

○۔باب ''گ'' ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۲۱۳

○۔باب ''ل'' ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۲۱۶

○۔باب ''م'' ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۲۱۹

○۔باب ''ن'' ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۲۴۹

○۔باب ''و'' ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۲۵۷

○۔باب ''ھ'' ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۲۶۱

○۔باب ''ی'' ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۲۶۳

☆۔فہرست مضامین از مجلات (عربی' فارسی' اردو) ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۲۶۶

○۔باب ''الف'' ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۲۶۶

○۔باب ''ب'' ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۲۷۱

○۔باب ''پ'' ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۲۷۱

○۔باب ''ت'' ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۲۷۲

○۔باب ''ث'' ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۲۷۴

○۔باب ''ج'' ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۲۷۶

○۔باب ''ح'' ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۲۷۶

○۔باب ''خ'' ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۲۷۹

○۔باب ''د'' ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۲۷۹

○۔باب ''ذ'' ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۲۸۰

عنوان	صفحہ نمبر

○۔باب "ر" ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۲۸۱

○۔باب "ز" ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۲۸۲

○۔باب "س" ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۲۸۲

○۔باب "ش" ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۲۸۳

○۔باب "ص" ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۲۸۴

○۔باب "ض" ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۲۸۴

○۔باب "ع" ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۲۸۵

○۔باب "ف" ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۲۸۷

○۔باب "ق" ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۲۸۸

○۔باب "ک" ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۲۸۹

○۔باب "گ" ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۲۹۰

○۔باب "ل" ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۲۹۱

○۔باب "م" ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۲۹۱

○۔باب "ن" ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۲۹۴

○۔باب "و" ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۲۹۶

○۔باب "ھ" ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۲۹۶

○۔باب "ی" ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۲۹۷

☆۔ کربلا کا منظومہ شمسی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۲۹۸

☆۔ معجم کتب مؤلفین حیات و قیام امام حسینؑ سے متعلق
علماء و مجتہدین کی تالیفات اور مختصر سوانح حیات ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۳۰۳

○۔باب "الف" ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۳۰۳

۱۔ ابوالحسن اصفہانی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۳۰۳

عنوان	صفحہ نمبر

ق۔ ابوالحسن ندوی ---------- ۳۰۵
ق۔ ابن مسکویہ ---------- ۳۰۵
ق۔ امام خمینی رضوان اللہ تعالیٰ علیہ ---------- ۳۰۶
ق۔ ادریس حسینی ---------- ۳۰۷
ق۔ ابو عمر احمد بن عبد ربہ اندلسی ---------- ۳۰۸
ق۔ ابوالفرج اصفہانی ---------- ۳۰۹
ق۔ ابن کثیر الدمشقی ---------- ۳۰۹
ق۔ ابن قتیبہ دینوری ---------- ۳۱۰
ق۔ اعثم کوفی ---------- ۳۱۰
ق۔ ابن اثیر ---------- ۳۱۰
ق۔ احمد شرباصی ---------- ۳۱۱
ق۔ احمد وائلی ---------- ۳۱۱
ہ۔ باب "ب" ---------- ۳۱۴
ق۔ بہائی ---------- ۳۱۴
ہ۔ باب "ت" ---------- ۳۱۵
ق۔ تسخیری ---------- ۳۱۵
ہ۔ باب "ج" ---------- ۳۱۷
ق۔ جعفر ابن حسین شوستری ---------- ۳۱۷
ق۔ جواد آملی ---------- ۳۱۸
ق۔ جعفر نقدی ---------- ۳۱۹
ہ۔ باب "ح" ---------- ۳۲۱
ق۔ حسین علی راشدی ---------- ۳۲۱

عنوان	صفحہ نمبر

٭۔باب "خ" ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۳۲۳

۞۔خامنہ ای ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۳۲۳

۞۔خلیفہ بن خیاط ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۳۲۴

٭۔باب "د" ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۳۲۶

۞۔دربندی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۳۲۶

٭۔باب "ذ" ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۳۲۸

۞۔ذیشان حیدر جوادیؒ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۳۲۸

٭۔باب "س" ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۳۳۱

۞۔سید مرتضیٰ علم الہدیٰ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۳۳۱

۞۔سید علی نقی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۳۳۱

۞۔سید باقر الحکیم ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۳۳۳

۞۔سید علی بن طاؤوس ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۳۳۳

۞۔سید حسن شیرازی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۳۳۴

۞۔سبط جوزی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۳۳۵

۞۔سید محمد حسین بہشتیؒ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۳۳۵

۞۔سید علی اکبر قرشی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۳۳۶

۞۔سید ابو القاسم الخوئیؒ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۳۳۷

۞۔سید محمد حسین فضل اللہ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۳۳۸

۞۔سید محمود ہاشمی شاہرودی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۳۳۹

۞۔سید عبد الرزاق موسوی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۳۴۰

۞۔سید جواد شبر ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۳۴۰

٭۔باب "ش" ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۳۴۲

عنوان	صفحہ نمبر

ق۔ شہید مرتضٰی مطہریؒ ــــــــــــــــــــــ ۳۴۲
ق۔ شرف الدین عاملی ــــــــــــــــــــــ ۳۴۳
ق۔ شہید صدرؒ ــــــــــــــــــــــ ۳۴۴
ق۔ شہید عبدالکریم ہاشمی نژاد ــــــــــــــــــــــ ۳۴۶
ہ۔ باب "ص" ــــــــــــــــــــــ ۳۴۸
ق۔ صدر الافاضل ــــــــــــــــــــــ ۳۴۸
ق۔ صدوق علیہ الرحمہ ــــــــــــــــــــــ ۳۴۹
ق۔ صلاح الدین ــــــــــــــــــــــ ۳۵۰
ق۔ صالحی نجف آبادی ــــــــــــــــــــــ ۳۵۲
ہ۔ باب "ط" ــــــــــــــــــــــ ۳۵۵
ق۔ طبرسی ــــــــــــــــــــــ ۳۵۵
ہ۔ باب "ع" ــــــــــــــــــــــ ۳۵۶
ق۔ عبدالقادر بغدادی ــــــــــــــــــــــ ۳۵۶
ق۔ عباس محمود عقاد ــــــــــــــــــــــ ۳۵۶
ہ۔ باب "ف" ــــــــــــــــــــــ ۳۵۸
ق۔ فرہاد ــــــــــــــــــــــ ۳۵۸
ق۔ فضل اللہ بن روزبہان خنجی اصفہانی ــــــــــــــــــــــ ۳۵۸
ھ۔ دشمنان اہل بیتؑ کی پہچان ــــــــــــــــــــــ ۳۵۹
ہ۔ باب "ک" ــــــــــــــــــــــ ۳۶۱
ق۔ کلینیؒ ــــــــــــــــــــــ ۳۶۱
ہ۔ باب "م" ــــــــــــــــــــــ ۳۶۳
ق۔ مفید علیہ الرحمہ ــــــــــــــــــــــ ۳۶۳

عنوان	صفحہ نمبر

ق۔ محمد حسین کاشف الغطاء ---------- ۳۶۴
ق۔ محمد مہدی مازندرانی ---------- ۳۶۵
ق۔ محمد علی عالمی ---------- ۳۶۷
ق۔ محدث قمی ---------- ۳۶۸
ق۔ مرتضی عسکری ---------- ۳۶۹
ق۔ محتشم کاشانی ---------- ۳۷۰
ق۔ مہدی الشمس الدین ---------- ۳۷۱
ق۔ مودودی ---------- ۳۷۲
ق۔ محمد یزدی ---------- ۳۷۳
ق۔ محمد شفیع اکاڑوی ---------- ۳۷۳
ق۔ محدث نوری ---------- ۳۷۴
ق۔ ملا کاشفی ---------- ۳۷۶
ق۔ مسعودی ---------- ۳۷۶
ق۔ محمد بن احمد بن عثمان بن ذہبی ---------- ۳۸۰
ق۔ محدث دھلوی ---------- ۳۸۰
ق۔ محمد جواد مغنیہ ---------- ۳۸۱
ق۔ محمد مہدی ---------- ۳۸۲
ق۔ محسن علی نجفی ---------- ۳۸۳
ق۔ مدرسی ---------- ۳۸۴
ہ۔ باب "ن" ---------- ۳۸۶
ق۔ نائینی ---------- ۳۸۶
ہ۔ باب "ھ" ---------- ۳۸۹

آثار و تالیفات مؤلف

آمریت کے خلاف ائمہ طاہرینؑ کی جدوجہد
تفسیر عاشورا
تفسیر سیاسی قیام امام حسینؑ
قیام امام حسینؑ کا جغرافیائی جائزہ
اسرارِ قیام امام حسینؑ اور ہماری ذمہ داریاں
عزاداری کیوں؟
مثالی عزاداری کیسے منائیں ؟
اصول عزاداری
انتخاب مصائب ترجیحات ۔ترمیمات
معجم کتب مؤلفین حیات وقیام امام حسینؑ
مسجد (مقصد ' تقاضے ' ذمہ داریاں)
مجلۂ اعتقاد (سہ ماہی 'چار شمارے)
ہماری ثقافت اور سیاست کیا ہے ؟اور کیا ہونی چاہئے؟
حج وعمرہ قرآن وسنت کی روشنی میں
مکتب تشیع اور قرآن
سوالات وجوابات معارف قرآن
تفسیر دعائے ندبہ
افق گفتگو (زیر طبع)
کشورِ اعتقاد (زیر طبع)
فلسفۂ دعا (زیر طبع)
فلسفۂ نماز (زیر طبع)
سیرت شناسی انبیاء وائمہ طاہرینؑ (زیر طبع)
قرآن شناسی (زیر طبع)